راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر' استاذی المکرّم مفتی گل احمد خان عتیقی شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ اور محافظِ ناموسِ رسالت' داعیٔ اتحادِ اہل سنت' مجاہد اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم صاحبزادہ رضائے مصطفٰے نقشبندی' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ' صدر تحفظ ناموسِ رسالت اور مفکر اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب ناظم اعلیٰ و شیخ الحدیث جامعہ نعمیہ للبنات کی خدمت عالیہ میں بصد عقیدت و احترام پیش کرتا ہے جن کی محنت شاقہ اور شفقت بے بہا سے مجھ بے مایہ کو اللہ عزوجل نے اس قابل بنایا' یہ انہیں کا فیض ہے جس کی ادنیٰ جھلک اس صورت میں دیکھ رہے ہیں' اللہ عزوجل ان کے سایہ کو سلامت و قائم و دائم رکھے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہٗ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

عرضِ ناشر

انسان دنیا میں رہ کر اپنی عزت' شہرت' عظمت اور ناموری کے لیے گوناگوں کام کرتا ہے لیکن دل کی اتھاہ گہرائیوں میں حقیقی اور واقعی اطمینان وسکون نہیں پاتا' آخر وجہ کیا ہے؟ اس کا جواب قرآنِ مجید کی یہ آیت مبارکہ ہے:

ءَالا بذکر اللّٰہ تطمئن القلوب ۔

کے دلوں کا اطمینان وسکون ذکرِ الٰہی ہی میں مضمر ہے جس کے ذیل میں تلاوت' نوافل' خوش گفتاری اور تالیفِ قلوب وغیرہ جیسے بے شمار اعمال واعتقادات آتے ہیں جن سے آخرت سنورتی ہے اور جو مدعائے مسلم ہے' البتہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ انور میں سب سے پسندیدہ کام دینِ متین میں لگے رہنا ہے خواہ تدریسی' تقریری' تالیفی وتصنیفی شکل میں ہو یا تعلمی و محافلِ علمیہ کے انعقاد کی صورت میں ہو' بہرحال ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی آخرت سنوارنے کے لیے دنیا میں رہ کر کچھ تو ضرور کرے تاکہ بارگاہِ الٰہی ومصطفائی میں حاضری کے موقع پر کائنات کے سامنے رسوائی اُٹھانا نہ پڑے۔

بفضلہٖ تعالیٰ ہم نے بھی دوسرے بھائیوں کی طرح نثری سلسلے کا آغاز کر رکھا ہے اور مختصر عرصہ میں مسند ابوداؤد طیالسی' صحیح ابن حبان' صحیح ابن خزیمہ' مسند حمیدی' المعجم الصغیر' المعجم الاوسط' المعجم الکبیر للطبرانی' جیسی ضخیم کتب کے تراجم شائع کیے ہیں جنہیں زبردست پذیرائی ملی ہے۔ علاوہ ازیں کئی بھاری بھرکم کتب کے تراجم کرائے جارہے ہیں جو انشاء اللہ جلد یا بدیر شائع کیے جائیں گے۔

اس وقت ہم بارگاہِ رسولِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں امام ابویعلیٰ کی مشہور ومعروف کتاب "**مسند أبی یعلی الموصلی**" جو حدیث کی مایہ ناز کتب ہے' اس کا ترجمہ پیش کر رہے ہیں' کتاب کے ٹائٹل' جلد' بائنڈنگ اور سیٹنگ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

مولانا نے اس کتاب کی فہرست کو بھی "**المعجم الأوسط**" کی طرح فقہی ترتیب پر مرتب کیا ہے' جس سے قارئین کو مسائل کے حوالے سے احادیث تلاش کرنے میں خاصی آسانی ہوگی۔

ہم اسے نہایت عقیدت ومحبت کے ساتھ بہترین صورت میں پیش کر رہے ہیں۔

کتاب کی بارہا پروف ریڈنگ کروائی گئی ہے اور کتاب کو اپنی طرف سے غلطیوں سے پاک کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے' تاہم پھر بھی اگر کوئی غلطی یا کوتاہی رہ گئی ہے تو نشاندہی ضرور کریں تاکہ ادارہ اس کی تصحیح کر سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور ہمارے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

☆ چوہدری غلام رسول ☆ چوہدری شہباز رسول ☆ چوہدری جواد رسول ☆ چوہدری شہزاد رسول ☆

Marfat.com

عرضِ مترجم

تمام حمدیں وتعریفیں اللہ عزوجل کے لیے اور درود وسلام ہو جانِ عالم' نورِ مجسم' شفیع الامم حضور پُرنور ﷺ پر اور آپ کی آل واصحاب پر۔ امابعد! راقم الحروف نے اپنے ربِ خالق و مالک اور حضور ﷺ کے صدقے سے اور بزرگوں کی نگاہِ کرم کے صدقے خصوصاً حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما' حضور سیّدی غوثِ اعظم اور حضورِ فیض عالم' حضور پیر سیّد غلام دستگیر کاظمی اور حضور سیّدی پیر احسان الحق شاہ مشہدی کاظمی اور جملہ اساتذہ کرام خصوصاً استاذ الاساتذہ مفتی گل احمد خان عتیقی اور استاذ الاساتذہ صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ نقشبندی اور استاذ الاساتذہ مفتی اشرف بندیالوی اور استاذ الاساتذہ مفتی ڈاکٹر محمد عارف نعیمی کی اور والد گرامی اور والدہ ماجدہ کی دعاؤں کے صدقے سے 7 جلدوں میں معجم الاوسط' 3 جلدوں میں مسند ابوداؤد الطیالسی' معجم الصغیر اور معجم الصغیر' معجم الصحابہ کے ترجمہ کی بھی سعادت اور توفیق حاصل ہوئی اور مسند ابویعلیٰ شریف کے ترجمہ کی سعادت حاصل ہوئی جو آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس میں راقم الحروف کا کوئی کمال نہیں ہے' نہ اس قابل تھا نہ کبھی سوچا تھا' یہ صرف اللہ اور اس کے رسول حضور ﷺ کے فضل وکرم اور بزرگوں کی دعاؤں کے صدقے سے ہوا۔ مسند ابویعلیٰ کی حدیث نمبر:3412 کے تحت عشق ومحبت کے شہر راولپنڈی کے عظیم مذہبی اسکالر مناظر اسلام محترم المقام محمد عاطف سلیم رضا صاحب کا ایک علمی مقالہ شامل کیا گیا ہے جو باذوق علماء کے لیے ایک علمی تحفہ ہے' جس سے باذوق علماء کی علمی پیاش بجھ جائے گی۔ اللہ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ اس نوجوان عالم کے علم وعمل میں برکت دیں اور حاسد کے حسد اور شریر کے شر اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رکھے۔ آخر میں اپنے انتہائی مخلص دوست و بھائی جن کی دن رات کاوش سے یہ مکمل کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے' میری مراد محترم المقام میاں جواد رسول صاحب اور استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر المفتی محمد عبدالغفار سیالوی دام اللہ ظلہ کا جنہوں نے راقم الحروف کے ساتھ تعاون کیا جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ اللہ عزوجل استاذ گرامی کی محبت وشفقت میں اضافہ فرمائے اور میں ہمارے کمپوزر محترم المقام ریحان علی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں' اللہ عزوجل اور جن دوست واحباب نے راقم الحروف کے لیے دعائیں کیں' ان سب کو ایمان کی دولت سے مالا مال کرے اور آخر میں اپنے شیخ طریقت کے لختِ جگر اور نورِ نظر شیخ المشائخ' سیّدی مرشدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی چشتی کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ یہ کتاب کا مکمل ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی' اے اللہ عزوجل! ان کی ہم پاک لوگوں کے طفیل وصدقہ سے میری اس کاوش کو قبول فرما اور جو میری کم علمی کی بناء پر غلطی کوتاہی ہوئی' اس کو

Marfat.com

معاف فرما! جو اس میں تیرے فضل سے کوئی خوبی ہے' اس کو قبول فرما! اس کو میرے اور میرے اساتذہ کرام اور والدین کے لیے دنیا وقبر اور آخرت میں ذریعۂ نجات سبب بنا۔ معجم الکبیر شریف کے ترجمہ کو جلد از جلد کرنے کی سعادت وتوفیق عطا کر اور جو زندگی کے سانس باقی ہیں' حضور پُرنور ﷺ کے دین کی خدمت کرتے رہنے کی توفیق عطا فرما اور موت بھی خدمتِ دین کرتے ہوئے آئے۔ آمین بجاہ نبی الکریم الامین!

احقر العباد بندہ چند روزہ:
غلام دستگیر چشتی غفرلہ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ
بلال گنج وسکیاں' لاہور

☆☆☆☆☆

Marfat.com

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل اللّٰہ یعطیه من یشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب، حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ، جامعہ ہجویریہ سابق مدرس ومفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد، سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سیّدالانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمة للعٰلمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینةٍ وعلی آلهٖ الْمُجتبیٰ وَعلیٰ اصحابه الذین هم نجوم الهدی وَبَعْدُ .

ایمان کے بعد علم دین بہت بڑی نعمت ہے، قرآن پاک اور احادیث نبویہ میں علم دین اور علماءِ حق کے بہت فضائل بیان کیے گئے ہیں، چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہ من عباده العلماء '' کہ اللہ کے بندوں میں سے اللہ سے ڈرنے والے صرف علماء ہی ہیں اور سورۂ مجادلہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ (ترجمہ:) ''اللہ تمہارے ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا ہے درجے بلند فرمائے گا''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین میں فقاہت عطا فرماتا ہے''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس آدمی کو خوش وخرم اور تروتازہ رکھے جس نے میری بات سنی اور پھے اسے یاد رکھا اور محفوظ رکھا اور اسے دوسروں تک پہنچایا اور بہت لوگ دین کے حامل ہوتے ہیں مگر خود مستفید نہیں ہوتے اور بہت سے حاملانِ دین اس کو ایسے بندوں تک پہنچا دیتے ہیں جو ان سے زیادہ فقیہہ ہوتے ہیں''۔

اور بڑے سعادت منداور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو خود راتیں جاگ کر اور بڑی بڑی مشقتیں برداشت کر کے کتبِ احادیث کے آسان تراجم کر کے عام لوگوں تک پہنچا کر سرورِ کونین ﷺ کی اس دعا کے مستحق بنتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو خوش وخرم اور تروتازہ رکھے، انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی، مدرس جامعہ رسولیہ شیرازی بھی ہیں جو صغرسنی ہی میں سات کتبِ احادیث کا ترجمہ کر کے خواص وعوام تک احادیث نبویہ کا تحفہ عنایت کر رہے ہیں، یہ محض اللہ تعالیٰ کی توفیق اور سرورِ کونین ﷺ کی محبت میں وارفتگی کا نتیجہ ہے۔ مولانا نے ''**مسند أبو یعلی الموصلی**'' کا ترجمہ بڑی محنت اور جانفشانی سے کیا ہے، جو آپ کے سامنے ہے۔

اس بابرکت اور عظیم المرتبت کتاب، رحمتِ کائنات، باعثِ تخلیقِ کائنات، شفیع المذنبین، سیّد الانبیاء والمرسلین ﷺ کے پروانوں، جانثاروں، مستانوں اور دیوانوں کے فضائل اور ان کے روح پرور اور ایمان افروزی کے محبت بھرے پُرکشش

Marfat.com

واقعات ہیں جنہیں پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور ایک مسلمان ان کی اداؤں پر مر مٹنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ بہرحال اللہ تعالیٰ مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی کے علم، عمل، زہد وتقویٰ اور جذبۂ اشاعتِ دینِ اسلام اور اشاعتِ احادیث میں مزید ترقی عنایت کرے اور ان کی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشتے ہوئے ان کے لیے آخرت کی نجات کا ذریعہ بنائے۔

حررہ محمد گل احمد خان عتیقی

خادم الحدیث الشریف جامعہ ہجویریہ،

معارف اولیاء داتا دربار، لاہور

☆☆☆☆☆

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مُسْنَدُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

1 - أَخْبَرَنَا الْحَافِظُ أَبُو الْقَاسِمِ زَاهِرُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّحَّامِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ أَخْبَرَنَا أَبُو سَعْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجَنْزَرُوذِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُو عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَمْدَانَ الْحِيرِيُّ الْفَقِيهُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْإِمَامُ أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ بِالْمَوْصِلِ، سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِمِائَةٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ: عَنْ أَسْمَاءِ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ: عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ مِنْهُ، وَإِذَا حَدَّثَنِي غَيْرِي لَمْ أُصَدِّقْهُ إِلَّا أَنْ يَحْلِفَ، فَإِذَا حَلَفَ صَدَّقْتُهُ. وَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ،

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مسند

حضرت مولیٰ کائنات سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتا۔ اللہ عزوجل مجھے نفع دیتا جو اس سے چاہتا اور جب مجھے کوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ بیان کرتا تو میں اس کی تصدیق نہیں کرتا جب تک وہ قسم نہ اٹھا لیتا۔ جب وہ قسم اٹھا لیتا میں اس کی تصدیق کرتا اور جناب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سچ کہا، کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بھی مسلمان گناہ کرتا ہے پھر وہ وضو کرتا ہے اور دو رکعت (نفل) ادا کرتا ہے اور اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرتا ہے، اللہ اس کی بخشش کردے گا۔

1- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 10,9,8,2' وأبو داؤد فی الصلاة رقم الحديث: 1521' باب: فی الاستغفار . والترمذی فی التفسير رقم الحديث: 3009' باب: ومن سورة آل عمران . وأخرجه الحميدی برقم: 4,1 . وابن ماجه فی الاقامة رقم الحديث: 1395' باب: ما جاء فی أن الصلاة كفارة . وابن حبان رقم الحديث: 611 كما فی موارد الظمآن .

Marfat.com

وَيَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِلَّا غَفَرَ لَهُ

2 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَنَا وَلِيُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجِئْتَ أَنْتَ وَهَذَا، يَعْنِي الْعَبَّاسَ وَعَلِيًّا، تَطْلُبُ أَنْتَ مِيرَاثَكَ مِنَ ابْنِ أَخِيكَ، وَيَطْلُبُ هَذَا مِيرَاثَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيهَا، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

حضرت مالک بن اوس بن حدثان امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نائب ہوں۔ پس عباس رضی اللہ عنہ وعلی رضی اللہ عنہ دونوں آئے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ اپنے بھائی کے بیٹے کی وراثت طلب کرتے ہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی بیوی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ان کے والد گرامی سے ملنے والی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہم کسی کو وارث نہیں بناتے، جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

3 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

حضرت مالک بن اوس بن حدثان حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم کسی کو وارث نہیں بناتے جو ہم چھوڑتے ہیں، وہ صدقہ ہوتا ہے۔

4 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ أَبُو عُمَرَ،

حضرت مالک بن حدثان بیان کرتے ہیں کہ میری

2- اخرجه البخاری فی الخمس رقم الحدیث: **3094**' باب: فرض الخمس . ومسلم فی الجهاد رقم الحدیث: **50**' و رقم الحدیث: **1757**' باب: حکم الفیٔ . واخرجه أبوداؤد فی الخراج والامارة رقم الحدیث: **2963**' باب: فی تدوین العطاء' و رقم الحدیث: **2965-2964** . والترمذی فی السیر رقم الحدیث: **1610**' باب: ما جاء فی ترکة رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم . والحمیدی رقم الحدیث: **22** . والبخاری فی الفرائض رقم الحدیث: **6728**' باب: قول النبی صلی اللّٰه علیه وسلم: لا نورث ما ترکنا صدقة . والنسائی فی الفیٔ جلد **7** صفحه **135-137** . واخرجه أحمد جلد **1** صفحه **208,191,179,164,161,60,49,48,47** .

4- اخرجه أحمد جلد **1** صفحه **191,164,162,48** . ومسلم فی الجهاد رقم الحدیث: **1757**' باب: حکم الفیٔ .

Marfat.com

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ قَالَ: أَرْسَلَ إِلَيَّ عُمَرُ بَعْدَمَا مَتَعَ النَّهَارُ، فَأَذِنَ لِي، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، وَهُوَ عَلَى سَرِيرٍ لِيفٍ، مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ إِلَى رِمَالِهِ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ فَقَالَ لِي: يَا مَالِ، إِنَّهُ قَدْ دَفَّ دَافَّةٌ مِنْ قَوْمِكَ وَقَدْ أَمَرْتُ لَهُمْ بِمَالٍ، فَخُذْهُ فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مَا لِي عَلَى ذَلِكَ مِنْ قُوَّةٍ، فَلَوْ أَمَرْتَ بِهِ غَيْرِي، فَقَالَ: خُذْهُ فَاقْسِمْهُ فِيهِمْ . قَالَ: ثُمَّ جَاءَهُ يَرْفَأُ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، هَلْ لَكَ فِي عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوا، ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، هَلْ لَكَ فِي عَلِيٍّ وَالْعَبَّاسِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَدَخَلا وَالْعَبَّاسُ يَقُولُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اقْضِ بَيْنِي وَبَيْنَ هَذَا، قَالَ سُفْيَانُ: وَذَكَرَ كَلامًا شَدِيدًا، فَقَالَ الْقَوْمُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اقْضِ بَيْنَهُمَا، وَأَرِحْ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنْ صَاحِبِهِ، فَقَالَ لَهُمْ عُمَرُ: أَنْشُدُكُمْ بِاللَّهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَوَاتُ وَالْأَرْضُ، أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّ اللَّهَ خَصَّ رَسُولَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَاصَّةٍ لَمْ يَخُصَّ بِهَا أَحَدًا غَيْرَهُ، ثُمَّ قَرَأَ الْآيَةَ: (مَا أَفَاءَ اللَّهُ

طرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کسی کو بھیجا دن چڑھنے کے بعد مجھے اجازت دی، میں آپ کے پاس آیا آپ اپنے بستر پر تھے۔ بھوری جھال سے بنے ہوئے تکیے پر سہارا لیے ہوئے تھے مجھے فرمایا اے مالک آپ کی قوم کے لوگ آہستہ آہستہ آرہے ہیں۔ میں نے ان کے لیے مال کا حکم دیا تھا تو اس کو پکڑو اس کو ان کے درمیان تقسیم کر دے میں نے عرض کی اے امیر المومنین میرے بس کی بات نہیں، اگر آپ میرے علاوہ کسی اور کو حکم دیں، آپ نے فرمایا پکڑو اور اس کو تقسیم کرو میں پھر آپ کے پاس عرض کی اے امیر المومنین میں عثمان بن عفان اور عبدالرحمٰن بن عون اور زبیر اور سعد کو آنے کی اجازت ہے، آپ نے فرمایا: جی ہاں ان کو اجازت دی۔ وہ داخل ہوئے پھر اے امیر المومنین کیا علی و عباس کو آنے کی اجازت ہے، آپ نے فرمایا جی ہاں دونوں داخل ہوئے حضرت عباس فرمانے لگے اے امیر المومنین میرے اور اس کے درمیان فیصلہ فرمائیں، حضرت سفیان فرماتے ہیں حضرت عباس نے سخت گفتگو کی قوم نے عرض کی اے امیر المومنین ان دونوں کے درمیان فیصلہ کریں ان میں سے ہر ایک کو اپنے ساتھی سے راحت پہنچاوا حضرت عمر نے ان کو فرمایا میں تمہیں قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے یہ زمین و آسمان قائم ہیں کیا تم جانتے ہو کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے: ہم وارث نہیں بناتے ہیں جو ہم میں رہ جاتا ہے وہ صدقہ ہوتا ہے۔ حضور نے عرض کی

وأبو داؤد فی الخراج والامارة رقم الحدیث: 2965' باب: فی تدوین العطاء .

Marfat.com

عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ) (الحشر:6) الْآيَةَ . قَالَ سُفْيَانُ: وَلَا أَدْرِي قَرَأَ الْآيَةَ الَّتِي بَعْدَهَا أَمْ لَا، قَالَ: فَقَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَكُمْ أَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ، فَوَاللّٰهِ مَا اسْتَأْثَرَ عَلَيْكُمْ وَلَا أَحْرَزَهَا دُونَكُمْ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُ مِنْهُ نَفَقَتَهُ وَنَفَقَةَ عِيَالِهِ لِسَنَتِهِ، وَيَجْعَلُ مَا فَضَلَ فِي الْكُرَاعِ وَالسِّلَاحِ، عُدَّةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: أَنْشُدُكُمْ بِالَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ، أَتَعْلَمُونَ ذَلِكَ؟ قَالُوا: نَعَمْ، ثُمَّ نَشَدَ عَلِيًّا وَالْعَبَّاسَ بِمَا نَشَدَ الْقَوْمَ بِهِ: أَتَعْلَمَانِ ذَلِكَ؟ قَالَا: نَعَمْ، قَالَ: فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَبُو بَكْرٍ وَلِيَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتَ يَا عَبَّاسُ تَطْلُبُ مِيرَاثَكَ مِنَ ابْنِ أَخِيكَ، وَجَاءَ عَلِيٌّ يَطْلُبُ مِيرَاثَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيهَا، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَرَأَيْتُمَانِي وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ مَضَى بَارًّا رَاشِدًا، مَانِعًا لِلْحَقِّ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ، فَقُلْتُ: أَنَا وَلِيُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَلِيُّ أَبِي بَكْرٍ، فَرَأَيْتُمَانِي وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّي صَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، فَجِئْتُمَانِي وَأَمْرُكُمَا وَاحِدٌ فَسَأَلْتُمَانِي أَنْ أَدْفَعَهَا إِلَيْكُمْ، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا عَلَى أَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ أَنْ تَعْمَلَا فِيهَا بِالَّذِي كَانَ يَعْمَلُ فِيهَا

جی ہاں حضرت عمر نے فرمایا بے شک اللہ نے اپنے رسول کو خاص کیا آپ کے علاوہ کسی اور کو خاص نہیں کیا پھر یہ آیت پڑھی: ما افا اللّٰہ علی رسول اللّٰہ الیٰ اخرہ ۔ سفیان فرماتے ہیں: میں نہیں جانتا ہوں آیت اس کے بعد والی بھی پڑھی یا نہیں۔ حضور ﷺ نے تمہارے درمیان بنی نضیر کا مال تقسیم کیا اللہ کی قسم میں تم پر کسی کو فوقیت نہ دوں گا نہ تمہارے علاوہ بچا کر رکھوں گا۔ حضور ﷺ اس پر اپنا خرچ لیتے تھے اور اس کو ایک سال تک اپنے گھر والوں پر خرچ کرتے تھے جو بچ جاتا تھا اس کو ہتھیاروں اور گھوڑوں کی خریداری میں خرچ کر دیتے تھے۔ اللہ کی راہ میں تیار کیے گئے تھے پھر ان کو فرمایا تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان و زمین قائم ہیں کیا تم یہ جانتے ہو دلائی جو قوم کو لائی تھی۔ کیا تم دونوں یہ جانتے ہو دونوں نے عرض کی جی ہاں۔ جب حضور ﷺ کا وصال ہوا حضرت ابوبکر رسول اللہ ﷺ کے ولی بنے۔ آپ اے عباس تشریف لائے تھے آپ اپنے بھائی کے بیٹے کی وارثت طلب کی تھی اور علی اپنی بیوی کے باپ کی وارثت لینے آئے تھے حضرت ابوبکر نے فرمایا حق ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہیں ان دونوں نے مجھے دیکھا اللہ کی قسم آپ جاتے ہیں میں سچا اچھا سلوک کرنے والا رہنمائی کرنے والا حق کے تابع ہوں، تم دونوں میرے پاس آئے ہو تم دونوں کا کام ایک ہے تم دونوں مجھ سے مانگتے ہو میں تم

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذْتُمَاهَا بِذَلِكَ. فَقَالَ لَهُمَا: أَكَذَاكَ؟ قَالَا: نَعَمْ. قَالَ: ثُمَّ جِئْتُمَانِي لِأَقْضِيَ بَيْنَكُمَا، وَاللّٰهِ لَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا بِغَيْرِ ذَلِكَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، فَإِنْ عَجَزْتُمَا فَرُدَّاهَا إِلَيَّ

دونوں میں سمجھتا ہوں اگر تم دونوں چاہتے ہو تو میں تم دونوں کو دے دیتا ہوں اس شرط پر کہ تم اس سلسلہ میں وہی طریقہ کرو گے جو حضور ﷺ کرتے تھے' تم دونوں اس کو لے لو۔ آپ نے دونوں سے فرمایا کیا اس طرح ہو سکتا ہے؟ دونوں نے عرض کی جی ہاں حضرت ابوبکر نے فرمایا پھر تم دونوں میرے پاس آئے ہو تا کہ میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں اللہ کی قسم! میں تمہارے درمیان اس کے علاوہ کوئی فیصلہ نہیں کروں گا یہاں تک کہ قیامت آجائے اگر تم دونوں عاجز آجاؤ تم مجھے واپس کر دینا۔

5 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ الْأَنْدَرَاوَرْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عُمَرَ اطَّلَعَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ وَهُوَ يَمُدُّ لِسَانَهُ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُ يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: إِنَّ هَذَا أَوْرَدَنِي الْمَوَارِدَ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الْجَسَدِ، إِلَّا وَهُوَ يَشْكُو ذَرَبَ اللِّسَانِ

حضرت زید بن اسلم اپنے باپ (اسلم) سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ہیں، آپ (یعنی ابوبکر رضی اللہ عنہ) زبان کو کھینچ رہے تھے، آپ (یعنی عمر فاروق رضی اللہ عنہ) نے کہا، اے رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ! آپ کیا کر رہے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہی جہنم میں لے جانے والی ہے، بے شک رسول پاک ﷺ نے فرمایا: جسم میں ہر ٹکڑا زبان سے شکایت کرتا ہے۔

6 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، أَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ،

حضرت زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت

5- أخرجه ابن السني في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: **7** . وابن أبي الدنيا في الورع ق**165/2** . والبيهقي في الشعب **2/65/9** . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10**صفحه**302** . وأخرجه السيوطي في الجامع الكبير **2/227/2** .

6- أخرجه أحمد جلد **1**صفحه**12** و جلد **2**صفحه**27** . والنسائي في النكاح جلد**6**صفحه**77-78**' باب: عرض الرجل ابنته على من يرضى' وجلد**6**صفحه**83**' باب: انكاح الرجل ابنته الكبيرة . والبخاري في المغازي رقم الحديث: **4005**' باب: **12**' وفي النكاح رقم الحديث: **5122**' باب: عرض الانسان ابنته أو أخته على أهل الخير' و رقم الحديث: **5129**' باب: من قال: لانكاح الابولي' و رقم الحديث: **5145** باب: تفسير ترك الخطبة .

Marfat.com

عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي سَالِمٌ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ، يُحَدِّثُ أَنَّ عُمَرَ، لَمَّا تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ مِنَ ابْنِ حُذَافَةَ، قَالَ عُمَرُ: لَقِيتُ عُثْمَانَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَفْصَةَ، قَالَ: سَأَنْظُرُ فِي أَمْرِي، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ ثُمَّ لَقِيَنِي، فَقَالَ: قَدْ بَدَا لِي أَنْ لَا أَتَزَوَّجَ يَوْمِي هَذَا، . قَالَ عُمَرُ: فَلَقِيتُ أَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: أُنْكِحُكَ حَفْصَةَ فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْئًا، فَكُنْتُ عَلَيْهِ أَوْجَدَ مِنِّي عَلَى عُثْمَانَ، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ ثُمَّ خَطَبَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْكَحْتُهُ إِيَّاهَا، فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَيَّ حِينَ عَرَضْتَ حَفْصَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أَرْجِعَ إِلَيْكَ إِلَّا أَنِّي كُنْتُ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَهَا، فَلَمْ أَكُنْ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكَهَا قَبِلْتُهَا . قَالَ عُمَرُ: فَشَكَوْتُ عُثْمَانَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَزَوَّجَ حَفْصَةَ خَيْرٌ مِنْ عُثْمَانَ، وَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ خَيْرًا مِنْ حَفْصَةَ فَزَوَّجَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَتَهُ

سالم رحمہ اللہ نے بیان کیا کہ انہوں نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا جب ابن حذافہ سے بیوہ ہوئیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ملا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ اُن پر پیش کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے اس معاملہ میں مہلت دیں، (حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں چند راتیں ٹھہرا پھر میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا بے شک میرے لیے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ اس دن میں شادی نہ کروں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملا، میں نے کہا، آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ حفصہ کا نکاح کر دوں؟ پس آپ رضی اللہ عنہ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے اپنے دل میں آپ رضی اللہ عنہ کے متعلق زیادہ غصہ پایا بہ نسبت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے۔ پس میں چند رات ٹھہرا پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کا پیغام بھیجا۔ میں نے حضرت حفصہ کا نکاح آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کر دیا۔ پھر میری حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شاید تو نے میرے متعلق اپنے دل میں کوئی بات پائی ہو، جس وقت حفصہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ مجھ پر پیش کیا تھا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کوئی چیز مانع نہیں تھی کہ آپ (یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ) کو جواب نہ دوں مگر مجھے علم

Marfat.com

تھا کہ رسول پاک ﷺ نے اس بات کا اظہار کیا تھا۔۔۔ پس میں نہیں چاہتا تھا کہ رسول کریم ﷺ کے راز کو ظاہر کروں۔ اگر آپ ﷺ نکاح نہ کرتے تو میں قبول کرتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شکایت رسول پاک ﷺ کو لگائی۔ پس رسول پاک ﷺ نے فرمایا: حفصہ رضی اللہ عنہا کی شادی عثمان رضی اللہ عنہ سے بہتر کے ساتھ ہوئی ہے اور عثمان رضی اللہ عنہ کی شادی حفصہ سے بہتر کے ساتھ ہوئی ہے۔ پس نبی کریم ﷺ نے اپنی صاحبزادی کی شادی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کر دی۔

7 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَخْبَرَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، حِينَ تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ مِنْ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ عُمَرُ: أَتَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ. قَالَ: قُلْتُ: إِنْ شِئْتَ أَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ، فَقَالَ: سَأَنْظُرُ فِي أَمْرِي، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ، ثُمَّ لَقِيَنِي فَقَالَ: قَدْ بَدَا لِي أَنْ لَا أَتَزَوَّجَ يَوْمِي هَذَا، قَالَ عُمَرُ: فَلَقِيتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنْ شِئْتَ زَوَّجْتُكَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، فَصَمَتَ أَبُو بَكْرٍ فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْئًا، فَكُنْتُ عَلَيْهِ أَوْجَدَ مِنِّي عَلَى عُثْمَانَ، فَلَبِثْتُ أَيَّامًا ثُمَّ " خَطَبَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْكَحْتُهَا إِيَّاهُ، فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: لَعَلَّكَ

حضرت امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سالم رحمہ اللہ نے بیان کیا کہ انہوں نے اپنے باپ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو جب ابن حذافہ سے بیوہ ہو گئیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ملا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ اُن پر پیش کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے اس معاملہ میں مہلت دیں، (حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں چند راتیں ٹھہرا پھر میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا بے شک میرے لیے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ اس دن میں شادی نہ کروں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملا، میں نے کہا، آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ حفصہ کا نکاح کر دوں؟ پس آپ رضی اللہ عنہ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے اپنے دل

Marfat.com

وَجَدْتَ عَلَيَّ حِينَ عَرَضْتَ عَلَيَّ حَفْصَةَ، فَلَمْ أَرْجِعْ إِلَيْكَ شَيْئًا، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أَرْجِعَ إِلَيْكَ فِيمَا عَرَضْتَ عَلَيَّ، إِلَّا أَنِّي قَدْ كُنْتُ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ذَكَرَهَا، فَلَمْ أَكُنْ أُفْشِي سِرَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَبِلْتُهَا

میں آپ رضی اللہ عنہ کے متعلق زیادہ غصہ پایا بہ نسبت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے۔ پس میں چند رات ٹھہرا پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کا پیغام بھیجا۔ میں نے حضرت حفصہ کا نکاح آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کر دیا۔ پھر میری حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شاید تو نے میرے متعلق اپنے دل میں کوئی بات پائی ہو، جس وقت حفصہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ مجھ پر پیش کیا تھا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کوئی چیز مانع نہیں تھی کہ آپ رضی اللہ عنہ کو جواب دوں مگر مجھے علم تھا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا اظہار کیا تھا۔۔۔ پس میں نہیں چاہتا تھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے راز کو ظاہر کروں۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نکاح نہ کرتے تو میں قبول کرتا۔

8 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِمْيَرِيِّ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، قَالَ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ، قَامَ خَطِيبًا فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِينَا عَامَ أَوَّلَ فَقَالَ: إِنَّهُ لَمْ يُقْسَمْ بَيْنَ النَّاسِ شَيْءٌ أَفْضَلُ مِنَ الْمُعَافَاةِ بَعْدَ الْيَقِينِ، أَلَا إِنَّ الصِّدْقَ وَالْبِرَّ فِي الْجَنَّةِ، أَلَا إِنَّ الْكَذِبَ وَالْفُجُورَ فِي النَّارِ

حضرت حمید بن عبدالرحمٰن حمیری روایت کرتے ہیں کہ بیشک حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خطبہ کے لیے کھڑے ہوئے، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے سال ہم میں خطبہ کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا: بے شک لوگوں کے درمیان عافیت سے بڑی کوئی شے تقسیم نہیں کی گئی ایمان کے بعد۔ خبردار سچائی اور نیکی جنت میں لے جاتی ہیں، خبردار! بے شک جھوٹ اور بے حیائی جہنم میں لے جاتی ہیں۔

9 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْكُوفِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ السَّلَامِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرٍ،

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے

8- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 9 .

Marfat.com

عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ: لَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُسْوِسَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَكُنْتُ فِيمَنْ وُسْوِسَ، قَالَ: فَمَرَّ عُمَرُ عَلَيَّ فَسَلَّمَ عَلَيَّ فَلَمْ أَرُدَّ عَلَيْهِ، فَشَكَانِي إِلَى أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: فَجَاءَنَا فَقَالَ لِي: سَلَّمَ عَلَيْكَ أَخُوكَ فَلَمْ تَرُدَّ عَلَيْهِ قَالَ: قُلْتُ: مَا عَلِمْتُ بِتَسْلِيمِهِ، وَإِنِّي عَنْ ذَاكَ فِي شُغُلٍ. قَالَ: وَلِمَ؟ قُلْتُ: قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ أَسْأَلْهُ عَنْ نَجَاةِ هَذَا الْأَمْرِ. قَالَ: فَقَدْ سَأَلْتُهُ. قَالَ: فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَاعْتَنَقْتُهُ، قَالَ: قُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَنْتَ أَحَقُّ بِذَلِكَ. قَالَ: قَدْ سَأَلْتُهُ فَقَالَ: مَنْ قَبِلَ الْكَلِمَةَ الَّتِي عَرَضْتُهَا عَلَى عَمِّي فَهِيَ لَهُ نَجَاةٌ

ہیں کہ جب حضور سرورِ کونین ﷺ کا (ظاہری طور پر) وصال ہوگیا۔ صحابہ کرام میں کچھ پریشانی میں مبتلا ہونے کے قریب ہو گئے۔ میں بھی انہیں میں شامل تھا، جن کو وہم کی بیماری ہوئی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے، مجھے سلام کیا۔ میں نے آپ رضی اللہ عنہ کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میری شکایت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کی۔ پس دونوں بزرگ میرے پاس آئے۔ مجھے فرمایا، آپ کے بھائی نے آپ کو سلام کیا، آپ رضی اللہ عنہ نے جواب کیوں نہیں دیا؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا، میں نے عرض کی کہ مجھے آپ رضی اللہ عنہ کے سلام کا پتا نہیں چلا، بے شک میں کسی الجھن میں پھنسا تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا وہ الجھن کیا ہے؟ میں نے عرض کی رسول پاک ﷺ کا وصال مبارک ہوگیا اور میں نے اس معاملہ میں نجات کے متعلق نہیں پوچھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اس کے متعلق حضور ﷺ سے پوچھا ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف کھڑا ہوا میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے معانقہ کیا۔ میں نے کہا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ رضی اللہ عنہ پر میرے ماں باپ فدا ہوں، یہ تمہارا ہی حق تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے اس کے متعلق دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کو قبول کرلیا، جو میں نے اپنے چچا ابو طالب پر پیش کیا تھا

Marfat.com

10 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ، مِنَ الْأَنْصَارِ، مِنْ أَهْلِ الْفِقْهِ، غَيْرُ مُتَّهَمٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رِجَالًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَزِنُوا عَلَيْهِ، حَتَّى كَادَ بَعْضُهُمْ أَنْ يُوَسْوَسَ، فَقَالَ عُثْمَانُ: فَكُنْتُ مِنْهُمْ. فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ فِي ظِلِّ أُطُمٍ، مَرَّ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَسَلَّمَ عَلَيَّ فَلَمْ أَشْعُرْ أَنَّهُ مَرَّ وَلَا سَلَّمَ، فَانْطَلَقَ عُمَرُ حَتَّى دَخَلَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: أَلَا أَعْجَبَكَ مَرَرْتُ عَلَى عُثْمَانَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ، فَأَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فِي وِلَايَةِ أَبِي بَكْرٍ، حَتَّى أَتَيَا فَسَلَّمَا جَمِيعًا، ثُمَّ قَالَ أَبُو بَكْرٍ: جَاءَنِي أَخُوكَ عُمَرُ، فَزَعَمَ أَنَّهُ مَرَّ عَلَيْكَ فَسَلَّمَ، فَلَمْ تَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ، فَمَا الَّذِي حَمَلَكَ عَلَى ذَلِكَ؟ فَقُلْتُ: مَا فَعَلْتُ. قَالَ عُمَرُ: بَلَى، وَلَكِنَّهَا عُبَيَّتُكُمْ يَا بَنِي أُمَيَّةَ. قَالَ عُثْمَانُ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا شَعَرْتُ بِأَنَّكَ مَرَرْتَ وَلَا سَلَّمْتَ. قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: صَدَقَ عُثْمَانُ. وَقَدْ شَغَلَكَ عَنْ ذَلِكَ أَمْرٌ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَجَلْ. قَالَ: فَمَا هُوَ؟ قَالَ عُثْمَانُ: قُلْتُ: تَوَفَّى اللّٰهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ

تو اس کے لیے نجات ہے۔

حضرت ابن شہاب رحمہ اللہ سے روایت ہے، آپ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے انصار میں سے اہل فقہ جو قابل اعتراض نہیں ہیں، انہوں نے بتایا کہ انہوں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ یہ حدیث پاک بیان کی کہ جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا، بہت سے صحابہ کرام پریشان ہوئے یہاں تک کہ ان میں بعض بیماری وہم میں مبتلا ہو گئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بھی اُن میں شامل تھا۔ میں ایک دن ٹیلہ کے سایہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ میرے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ گزرے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے سلام کیا۔ لیکن مجھے نہیں معلوم ہوا کہ آپ رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے ہیں اور مجھے سلام کیا ہے۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ چلے گئے یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ آکر عرض کی، اے امیر المومنین رضی اللہ عنہ کیا میں آپ رضی اللہ عنہ کو ایک تعجب کی بات نہ بتاؤں؟ میں عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا، میں نے آپ رضی اللہ عنہ کو سلام کیا لیکن آپ رضی اللہ عنہ نے میرے سلام کا جواب نہ دیا۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ دونوں آئے۔ ان دونوں نے سلام کیا (یہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا واقعہ ہے)۔ پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ

10- اخرجه احمد جلد **1** صفحه **6** . والبزار رقم الحديث: **1** . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **14-15** وقال فيه: رواه أحمد والطبراني في الاوسط والبزار بنحوه .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ أَسْأَلَهُ عَنْ نَجَاةِ هَذَا الْأَمْرِ. قَالَ أَبُو بَكْرٍ: قَدْ سَأَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ. قَالَ عُثْمَانُ: فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَنْتَ أَحَقُّ بِهَا. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا نَجَاةُ هَذَا الْأَمْرِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَبِلَ مِنِّي الْكَلِمَةَ الَّتِي عَرَضْتُ عَلَى عَمِّي فَرَدَّهَا، فَهِيَ لَهُ نَجَاةٌ

کے پاس آپ کا بھائی عمر آیا تھا۔ اس نے بتایا ہے کہ وہ آپ کے پاس سے گزرا اور آپ کو سلام کیا۔ آپ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ آپ کو اس بات پر کس نے برانگیختہ کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی حضور! میں نے ایسے نہیں کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے ایسا کیا ہے لیکن اے بنی امیہ تم نے تکبر کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے معلوم نہیں کہ آپ میرے پاس سے گزرے ہوں اور آپ نے سلام کیا ہو۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عثمان نے سچا کہا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے عثمان! آپ کسی الجھن میں پھنسے ہوں گے؟ حضرت عثمان نے عرض کی: جی ہاں! حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ عرض کرتے ہیں، میں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پاس بلوا لیا ہے، اس سے پہلے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نجات کے متعلق پوچھتا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، بیشک میں نے اس کے متعلق پوچھا ہے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ اس کے زیادہ حق دار تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس معاملہ سے نجات کیسے ہو گی؟ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ سے کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لیا جو میں نے اپنے چچا ابو طالب پر

Marfat.com

پیش کیا تھا۔ انہوں نے رد کر دیا تھا، پس یہی اس کے لیے نجات ہے۔

11 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ أَبُو بَحْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْأَسَدِيِّ، عَنْ أَسْمَاءِ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: كُنْتُ امْرَأً إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِي، وَإِذَا حَدَّثَنِي أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِهِ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِي صَدَّقْتُهُ، وَإِنَّهُ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا عَبْدٍ أَذْنَبَ ذَنْبًا فَتَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ إِلَّا غَفَرَ لَهُ ثُمَّ قَرَأَ (وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ) (آل عمران:135)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسا آدمی ہوں کہ جب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث سنتا ہوں، اللہ عزوجل مجھے نفع دیتا ہے جو چاہتا ہے جب مجھے کوئی آپ کے صحابہ سے بیان کرتا، میں اس سے قسم لیتا ہوں، جب مجھے قسم دیتا ہے میں اس کی تصدیق کرتا ہوں مجھے ابوبکر نے بیان کیا اور ابوبکر نے سچ کہا انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ کوئی بندہ گناہ کرتا ہے اس کے بعد وہ اچھا وضو کرتا ہے پھر کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے پھر اللہ سے بخشش طلب کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو معاف کر دے گا پھر یہ آیت پڑھی: ''اور وہ ایسے لوگ ہیں کہ اگر بے حیائی کا کوئی کام یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھیں''۔

12 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، وَسُفْيَانُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيِّ، عَنْ أَسْمَاءِ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ مِنْهُ، وَإِذَا حَدَّثَنِي عَنْهُ غَيْرُهُ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِي صَدَّقْتُهُ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ، حَدَّثَنِي، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت مولیٰ کائنات سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتا۔ اللہ عزوجل مجھے نفع دیتا جو اس سے چاہتا اور جب مجھے کوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتا تو میں اس کی تصدیق نہ کرتا جب تک وہ قسم نہ اٹھا لیتا۔ جب وہ قسم اٹھا لیتا میں اس کی تصدیق کرتا اور جناب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سچ کہا، کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم

11- اخرجه احمد جلد 1صفحه10 . وابو داؤد فی الصلاة رقم الحديث: 1521' باب: فی الاستغفار . والترمذی فی التفسير رقم الحديث: 3009' باب: ومن سورة آل عمران .

12- اخرجه احمد جلد1صفحه2 . وابن ماجة فی الاقامة رقم الحديث: 1395' باب: ما جاء فی أن الصلاة كفارة .

Marfat.com

وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا مِنْ أَحَدٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا فَيَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ، قَالَ مِسْعَرٌ: ثُمَّ يُصَلِّي، قَالَ سُفْيَانُ: يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ إِلَّا غُفِرَ لَهُ"

نے ارشاد فرمایا: جو بھی مسلمان گناہ کرتا ہے پھر وہ اچھی طرح وضو کرتا ہے' حضرت مسعر نے کہا: پھر نماز ادا کرتا ہے۔ حضرت سفیان نے کہا: دو رکعت پڑھتا ہے' پھر اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرتا ہے، اللہ اس کی بخشش کر دے گا۔

13 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ رَبِيعَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ يُقَالُ لَهُ أَسْمَاءُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِي مِنْهُ، فَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا مِنْ عَبْدٍ، قَالَ شُعْبَةُ: أَحْسَبُهُ قَالَ: مُسْلِمٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ، ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لِذَلِكَ الذَّنْبِ، إِلَّا غَفَرَ لَهُ." قَالَ شُعْبَةُ: وَقَرَأَ إِحْدَى هَاتَيْنِ الْآيَتَيْنِ: (مَنْ يَعْمَلْ سُوءاً يُجْزَ بِهِ) (النساء :123)، (وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ) (آل عمران:135)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسا آدمی ہوں جب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتا اللہ عزوجل مجھے نفع دیتا ہے جو نفع مجھے دینا چاہتا ہے' مجھے ابوبکر نے بیان کیا اور ابوبکر نے سچ کہا انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ کوئی مسلمان گناہ کرتا ہے اس کے بعد وہ اچھا وضو کرتا ہے پھر دو رکعت نماز پڑھتا ہے پھر اللہ سے اس گناہ کے لیے بخشش طلب کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو معاف کر دیتا ہے پھر ان دو آیتوں میں سے ایک آیت پڑھی: ''وہ لوگ جب بے حیائی کرتے ہیں یا اپنی جان پر ظلم کرتے ہیں''۔

14 - حَدَّثَنَا بِهِ أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ رَبِيعَةَ، رَجُلًا مِنْ بَنِي أَسَدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَسْمَاءٍ، أَوِ ابْنِ أَسْمَاءٍ، مِنْ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتا ہوں، اللہ عزوجل مجھے جو نفع دینا چاہتا نفع دیتا ہے مجھے ابوبکر نے بتایا اور ابوبکر نے سچ کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ پھر اوپر والی حدیث ذکر فرمائی۔

13- اخرجه احمد جلد1 صفحه908 .

Marfat.com

بَنِی فَزَارَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِي مِنْهُ، وَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ - وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ - أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت مولیٰ کائنات سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب مجھے کوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ بیان کرتا تو میں اس کی تصدیق نہیں کرتا جب تک وہ قسم نہ اٹھالیتا۔ جب وہ قسم اٹھالیتا میں اس کی تصدیق کرتا اور جناب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سچ کہا کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بھی مسلمان گناہ کرتا ہے پھر وہ وضو کرتا ہے اور دو رکعت (نفل) ادا کرتا ہے اور اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرتا ہے، اللہ اس کی بخشش کر دے گا۔

15 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْجُشَمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَسْمَاءِ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا حُدِّثْتُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا اسْتَحْلَفْتُ صَاحِبَهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِي صَدَّقْتُهُ، فَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، فَيَتَوَضَّأُ، وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، وَيَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، إِلَّا غَفَرَ لَهُ

16 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ و حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے درمیان جا رہے تھے اور (میں) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نماز پڑھ رہا تھا۔ میں نے سورۃ النساء

16- اخرجه احمد جلد 1 صفحه 454-445 . وابن ماجه فی المقدمة (138) . وابو نعيم فی الحلية جلد 1 صفحه 125 . واخرج الحاكم نحوه عن علی جلد 3 صفحه 317 .

Marfat.com

وَعُمَرَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ يُصَلِّي، فَافْتَتَحَ سُورَةَ النِّسَاءِ فَسَنَحَ لَهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ قِرَاءَةَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ ثُمَّ سَأَلَ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ، سَلْ تُعْطَهْ فَقَالَ فِيمَا يَسْأَلُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ. فَأَتَى عُمَرُ عَبْدَ اللّٰهِ لِيُبَشِّرَهُ، فَوَجَدَ أَبَا بَكْرٍ خَارِجًا قَدْ سَبَقَهُ، فَقَالَ: إِنْ فَعَلْتَ، إِنَّكَ لَسَبَّاقٌ بِالْخَيْرِ

شریف شروع کی تھی۔ میں اس کو ترتیل کے ساتھ پڑھ رہا تھا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس کو یہ پسند ہو کہ وہ قرآن پاک کو تر و تازہ پڑھنا چاہے جیسے اترا ہے اس کو چاہیے عبداللہ بن مسعود کی قرأت پر پڑھے۔ پھر (میں) مانگنے لگا، نبی کریم ﷺ فرما رہے تھے: (عبداللہ) مانگو تم کو دیا جائے گا مانگو تم کو دیا جائے گا، آپ ﷺ نے پوچھا آپ نے اس میں کیا مانگا۔ میں نے یہ دعا مانگی، اے اللہ! تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ دوبارہ مرتد نہ ہو جاؤں ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور اپنے پیارے آقا نبی کریم ﷺ کی رفاقت مانگتا ہوں، اعلیٰ جنت میں جو ہمیشہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تا کہ مجھے اس معاملہ کی بشارت دیں۔ پس ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو وہاں باہر پایا۔ بے شک وہ سبقت لے گئے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر آپ نے یہ کام کر لیا ہے' آپ (یعنی ابوبکر) ہر خیر والے معاملہ میں سبقت لے جاتے ہیں۔

17 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: كُنْتُ فِي الْمَسْجِدِ أُصَلِّي، فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَسَحَلْتُ سُورَةَ النِّسَاءِ، فَقَرَأْتُهَا، فَلَمَّا فَرَغْتُ جَلَسْتُ، فَبَدَأْتُ الثَّنَاءَ عَلَى اللَّهِ، وَالصَّلَاةَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دَعَوْتُ لِنَفْسِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا حضور ﷺ (مسجد) میں داخل ہوئے آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما تھے میں نے سورہ نساء شروع کی، میں نے اس کو پڑھا جب پڑھ کر میں فارغ ہوا تو میں بیٹھ گیا، میں نے اللہ کی تعریف شروع کی اور حضور ﷺ پر درود پڑھا، پھر میں نے اپنے لیے دعا کی، حضور ﷺ نے فرمایا: مانگو! آپ کو عطا کیا جائے گا، پھر آپ ﷺ نے فرمایا جس کو پسند

17- أخرجه ابن ماجه في المقدمة (138) باب: فضل عبد الله بن مسعود .

Marfat.com

وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَ . ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا فَلْيَقْرَأْهُ كَمَا يَقْرَأُ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَى مَنْزِلِي، فَأَتَانِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: هَلْ تَحْفَظُ مِمَّا كُنْتَ تَدْعُو شَيْئًا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ، فَأَتَى عُمَرُ عَبْدَ اللّٰهِ لِيُبَشِّرَهُ، فَوَجَدَ أَبَا بَكْرٍ خَارِجًا قَدْ سَبَقَهُ، فَقَالَ: إِنْ فَعَلْتَ إِنَّكَ لَسَبَّاقٌ بِالْخَيْرِ

قرآن پڑھنا تروتازہ اس کو چاہیے کہ وہ ابن ام عبد (حضرت عبداللہ کی کنیت ہے) کی قرأت پر پڑھے، اس کے بعد میں اپنے گھر آیا میرے پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے فرمایا کیا آپ کو یاد ہے جو کچھ آپ مانگ رہے تھے؟ میں نے عرض کی جی ہاں (وہ دعا یہ تھی:) اے اللہ! تجھ سے ایمان مانگتا ہوں کہ دوبارہ مرتد نہ ہو جاؤں ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور اپنے پیارے آقا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت مانگتا ہوں، اعلیٰ جنت میں جو ہمیشہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تا کہ آپ رضی اللہ عنہ کو اس معاملہ کی بشارت دیں۔ پس ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو وہاں پایا۔ بے شک وہ سبقت لے گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ ہر خبر والے معاملہ میں سبقت لے جاتے ہیں۔

18 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ الْجَصَّاصِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ لِغُلَامِهِ: لَا تَمُرَّ بِي عَلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ، فَغَفَلَ الْغُلَامُ، فَمَرَّ بِهِ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَرَآهُ، فَقَالَ: رَحِمَكَ اللّٰهُ، مَا عَلِمْتُكَ إِلَّا صَوَّامًا قَوَّامًا، وَصُولًا لِلرَّحِمِ، أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرْجُو مَعَ مَسَاوِءِ مَا قَدْ عَمِلْتَ مِنَ الذُّنُوبِ، أَنْ لَا يُعَذِّبَكَ، قَالَ مُجَاهِدٌ: ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيَّ فَقَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، أَنَّ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے غلام سے فرمایا: مجھے ابن زبیر کے پاس سے نہ گزارنا، غلام بھول گیا آپ کو ابن زبیر کے پاس سے گزارا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنا سر اٹھایا، اس کو فرمایا: اللہ تجھ پر رحم کرے! میں تجھے نہیں دیکھتا مگر روزے رکھنے والا' رات کا قیام کرنے والا اور لوگوں کے تعلقات جوڑنے والا' بہرحال اللہ کی قسم! میں گناہ گار کی معافی کی امید رکھتا ہوں جو تو نے گناہ کیا ہے کہ تجھے اس کا عذاب نہیں دیا جائے گا۔ حضرت مجاہد فرماتے ہیں:

18- اخرجه احمد جلد 1 صفحه 6 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 12 . واورده ابن كثير في تفسيره جلد 2 صفحه 398 . واخرجه الحاكم جلد 2 صفحه 308 .

Marfat.com

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يَعْمَلْ سُوءاً يُجْزَ بِهِ فِي الدُّنْيَا

پھر آپ نے میری طرف توجہ فرمائی اور فرمایا: مجھے ابوبکر نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بُرا عمل کرے اس کو دنیا میں اس کی سزا دی جائے گی۔

19 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ شَبِيبٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا كَوْثَرُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا نَجَاةُ هَذَا الْأَمْرِ الَّذِي نَحْنُ فِيهِ؟ قَالَ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، فَهُوَ لَهُ نَجَاةٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اس معاملہ سے نجات کیسے حاصل ہو گی جس میں ہم ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے گواہی دی اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ، یہی اس کے لیے نجات ہے۔

20 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ، وَكَانَتْ تَحْتَ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ، أَتَى عُمَرُ أَبَا بَكْرٍ فَعَرَضَهَا عَلَيْهِ، فَسَكَتَ، فَأَتَى عُثْمَانَ فَعَرَضَهَا عَلَيْهِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: مَا لِي فِي النِّسَاءِ مِنْ حَاجَةٍ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَطَبَهَا فَزَوَّجَهَا فَلَقِيَ أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: إِنِّي كُنْتُ عَرَضْتُ عَلَيْكَ حَفْصَةَ فَسَكَتَّ، فَلَأَنَا كُنْتُ عَلَيْكَ أَشَدَّ غَضَبًا مِنِّي عَلَى عُثْمَانَ، وَقَدْ رَدَّنِي، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّهُ قَدْ كَانَ مِنْ أَمْرِهَا ذِكْرٌ، وَلَكِنَّهُ كَانَ سِرًّا، فَكَرِهْتُ أَنْ أُفْضِيَ السِّرَّ

انْطَلِقُوا اِلَى مُحَمَّدٍ يَشْفَعُ لَكُمْ اِلَى رَبِّكُمْ" قَالَ: فَيَنْطَلِقُ، فَيُنَادَى جِبْرِيلُ قَالَ: " فَيَأْتِي جِبْرِيلُ رَبَّهُ، فَيَقُولُ اللَّهُ: ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ" قَالَ: " فَيَنْطَلِقُ بِهِ جِبْرِيلُ، فَخَرَّ سَاجِدًا قَدْرَ جُمُعَةٍ، ثُمَّ يَقُولُ اللَّهُ: يَا مُحَمَّدُ، ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ" قَالَ: " فَيَرْفَعُ رَأْسَهُ، فَإِذَا نَظَرَ اِلَى رَبِّهِ خَرَّ سَاجِدًا قَدْرَ جُمُعَةٍ أُخْرَى، فَيَقُولُ اللَّهُ: يَا مُحَمَّدُ، ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ " قَالَ: وَيَقَعُ سَاجِدًا قَالَ: فَيَأْخُذُ جِبْرِيلُ بِضَبْعَيْهِ قَالَ: فَيَفْتَحُ اللَّهُ عَلَيْهِ مِنَ الدُّعَاءِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلَى بِشْرٍ قَطُّ قَالَ: " فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، جَعَلْتَنِي سَيِّدَ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَأَوَّلَ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، حَتَّى اِنَّهُ لَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ أَكْثَرُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَأَيْلَةَ " قَالَ: " ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُوا الصِّدِّيقِينَ فَيَشْفَعُونَ" قَالَ: " ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُوا الْأَنْبِيَاءَ" قَالَ: فَيَجِيءُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَهُ الْعِصَابَةُ، وَالنَّبِيُّ مَعَهُ الْخَمْسَةُ وَالسِّتَّةُ، وَالنَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ قَالَ: " ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُوا الشُّهَدَاءَ" قَالَ: فَيَشْفَعُونَ لِمَنْ أَرَادُوا قَالَ: فَإِذَا فَرَغَتِ الشُّهَدَاءُ قَالَ: " يَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: أَنَا أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ، أَدْخِلُوا جَنَّتِي مَنْ كَانَ لَا يُشْرِكُ بِي شَيْئًا" قَالَ: " فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ، ثُمَّ يَقُولُ اللَّهُ: انْظُرُوا اِلَى النَّارِ، هَلْ ثَمَّ أَحَدٌ عَمِلَ خَيْرًا قَطُّ" قَالَ: " فَيَجِدُونَ فِي النَّارِ رَجُلًا، فَيُقَالُ لَهُ: هَلْ

گے، آج میں شفاعت نہیں کروں گا۔آپ جناب ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں، بے شک اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو اپنا دوست بنایا ہے، لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں گے، آپ علیہ السلام بھی فرمائیں گے میں تمہاری شفاعت نہیں کرسکتا، ہاں آپ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام سے گفتگو کی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے میں تمہاری شفاعت نہیں کرسکتا۔ ہاں آپ حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں۔ بے شک عیسیٰ علیہ السلام برص والوں کو درست فرماتے تھے اور مردوں کو زندہ کرتے تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی فرمائیں گے میں تمہاری شفاعت نہیں کرسکتا۔ہاں تم کو ایسی ہستی کی طرف راہنمائی کرتا ہوں جو اولادِ آدم کے سردار ہیں جن کی روئے زمین میں سب سے پہلے قبر کھولی جائے گی جاؤ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وہ تمہاری تمہارے رب کے ہاں شفاعت کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رب کریم کی بارگاہ میں چلنے لگ گئے، اللہ عزوجل نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو بلوایا۔ حضرت جبرائیل امین علیہ السلام اپنے رب کے پاس آئیں گے، اللہ عزوجل فرمائے گا: پیارے کو اجازت دو اور ساتھ ہی جنت کی خوشخبری دے دو۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے کر جاتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک جمعہ کی مقدار سجدہ فرمائیں گے پھر اللہ پاک فرمائے گا، پیارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر انور تو اٹھاؤ، آپ عرض کریں آپ کی سنی جائے گی، آپ شفاعت

Marfat.com

عَمِلْتَ خَيْرًا قَطُّ، قَالَ: لَا، غَيْرَ أَنِّي كُنْتُ أُسَامِحُ فِي الْبَيْعِ " قَالَ: " فَيَقُولُ اللَّهُ: اسْمَحَا لِعَبْدِي كَمَا سَمَاحُهُ إِلَى عَبِيدِي، ثُمَّ يُخْرَجُ مِنَ النَّارِ " قَالَ: " وَرَجُلٌ آخَرُ، فَيَقُولُ اللَّهُ: هَلْ عَمِلْتَ خَيْرًا قَطُّ؟ فَيَقُولُ: لَا، غَيْرَ أَنِّي قَدْ أَمَرْتُ وَلَدِي إِذَا أَنَا مِتُّ فَأَحْرِقُونِي، ثُمَّ اطْحَنُونِي، حَتَّى إِذَا صِرْتُ مِثْلَ الْكُحْلِ، اذْهَبُوا بِي إِلَى الْبَحْرِ فَاذْرُونِي فِي الرِّيحِ " قَالَ: " فَقَالَ اللَّهُ: لِمَ فَعَلْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: مِنْ مَخَافَتِكَ " قَالَ: " فَيَقُولُ: انْظُرُوا إِلَى مُلْكِ أَعْظَمِ مَلِكٍ فَإِنَّ لَكَ مِثْلَهُ وَعَشْرَ أَمْثَالِهِ " قَالَ: " فَيَقُولُ: أَتَسْخَرُ بِي، وَأَنْتَ الْمَلِكُ؟ وَذَلِكَ الَّذِي ضَحِكْتُ مِنْهُ بِالضُّحَى

کریں آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی، آپ ﷺ سجدہ میں گر جائیں گے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ کے بازو پکڑ کر آپ ﷺ کو اٹھائیں گے اور عرض کریں گے: آپ کی دعا سے اللہ اس چیز کو کھولتا ہے جو کسی فرد بشر کی دعا سے نہیں کھولتا ہے۔ پھر میں نے عرض کی: اے رب! تو نے مجھے تمام اولاد آدم کا سردار بنایا ہے لیکن فخر نہیں ہے میں وہ پہلا ہوں جس کی قبر سب سے پہلے قیامت کے دن کھولی جائے گی لیکن فخر نہیں یہاں تک کہ مجھ پر حوض کو پیش کیا گیا جو کہ صنعاء اور ایلہ سے بڑا ہے، پھر کہا جائے گا: صدیقین کو بلاؤ کہ وہ آکر شفاعت کریں، پھر کہا جائے گا: انبیاء علیہم السلام کو بلوایا جائے گا۔ ایک نبی علیہ السلام آئے ان کے ساتھ جماعت تھی، ایک نبی علیہ السلام آئے گا ان کے ساتھ پانچ اور چھ تھے۔ ایک نبی علیہ السلام آئے ان کے ساتھ کوئی بھی نہیں تھا، پھر شہداء کو بلوایا جائے گا، ان سے کہا جائے گا جس کی چاہو شفاعت کرو۔ جب شہداء فارغ ہو جائیں گے پھر اللہ عزوجل فرمائے گا میں سب رحم کرنے والوں میں سے زیادہ رحم کرنے والا ہوں۔ جس نے میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا، ان تمام کو جنت دینے کا اعلان کرتا ہوں۔ پس وہ تمام لوگ جنت میں چلے گئے۔ پھر اللہ فرمائے گا فرشتو! دوزخ میں دیکھو کیا کوئی جہنمی ایسا ہے کہ جس نے کبھی نیک عمل کیا ہو؟ جہنم میں ایک آدمی ہو گا، اس کو کہا جائے گا کیا تو نے کبھی نیک عمل کیا ہے؟ وہ بندہ عرض کرے گا، کوئی نیک عمل نہیں کیا، ہاں اتنی بات ضرور ہے

Marfat.com

کہ میں کاروبار کرتا تھا لیکن میں اپنے گاہکوں کے ساتھ نرمی کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میرے بندہ سے نرمی کرو جس طرح یہ آدمی میرے بندوں کے ساتھ نرمی کرتا تھا، پھر اس کو جہنم سے نکالا جائے گا۔ پھر ایک بندے کو لایا جائے گا۔ اللہ عزوجل اس کو فرمائے گا کیا تو نے کبھی نیک عمل کیا ہے؟ وہ عرض کرے گا یا اللہ کوئی عمل نہیں کیا، ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ میں نے اپنی اولاد کو حکم دیا تھا کہ جب میں مر جاؤں، پس مجھے جلا دینا یہاں تک کہ میں راکھ بن جاؤں یہاں تک کہ سرمہ کی طرح ہو جائے پھر مجھے سمندر کی طرف لے جانا پھر مجھے ہوا میں اڑا دینا۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: اے میرے بندے تو نے یہ کام کیوں کیا؟ بندہ عرض کرے گا، یا اللہ تیرے خوف کی وجہ سے۔ پھر اللہ فرمائے گا، سب سے بڑے بادشاہ کے ملک کی طرف دیکھو اس کی مثل اور اس کی دس گناہ مثل تجھے دیا جائے گا۔ وہ عرض کرے گا یا اللہ تو مجھ سے مذاق کر رہا ہے حالانکہ تو بادشاہ ہے، اس وجہ سے میں چاشت کے وقت ہنس پڑا تھا۔

53 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ أَبُو إِسْحَاقَ الْبُنَانِيُّ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا أَبُو نَعَامَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو هُنَيْدَةَ الْبَرَاءُ بْنُ نَوْفَلٍ، عَنْ وَالَانَ الْعَدَوِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: أَصْبَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ هَذَا الْحَدِيثِ أَوْ قَرِيبًا مِنْهُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی ایک دن، باقی حدیث وہی جو اس سے پہلے گزری ہے۔

53- أخرجه احمد جلد 1 صفحه 5,4 .

Marfat.com

54 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: (أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ) (الرعد: 16) أَخْبَرَنِي لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، إِمَّا حَضَرَ ذَلِكَ حُذَيْفَةُ مِنَ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَإِمَّا أَخْبَرَهُ أَبُو بَكْرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشِّرْكُ فِيكُمْ أَخْفَى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَهَلِ الشِّرْكُ إِلَّا مَا عُبِدَ مِنْ دُونِ اللَّهِ، أَوْ دُعِيَ مَعَ اللَّهِ؟، شَكَّ عَبْدُ الْمَلِكِ، قَالَ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا صِدِّيقُ، الشِّرْكُ فِيكُمْ أَخْفَى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ. أَلَا أُخْبِرُكَ بِقَوْلٍ يُذْهِبُ صِغَارَهُ وَكِبَارَهُ، أَوْ صَغِيرَهُ وَكَبِيرَهُ، قَالَ: قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: " تَقُولُ كُلَّ يَوْمٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ. وَالشِّرْكُ أَنْ يَقُولَ: أَعْطَانِي اللَّهُ وَفُلَانٌ، وَالنِّدُّ أَنْ يَقُولَ الْإِنْسَانُ: لَوْلَا فُلَانٌ قَتَلَنِي فُلَانٌ "

حضرت ابن جریج رحمہ اللہ کے اس ارشاد کے متعلق: ''بلکہ اُنہوں نے اللہ کے لیے ایسے شریک بنائے ہیں جنہوں نے اللہ کی طرح کچھ پیدا کیا ہے'' (سورۃ الرعد:۱۶) فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت لیث بن ابی سلیم، انہوں نے ابی محمد سے انہوں نے حضرت حذیفہ سے انہوں نے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شرک تم میں پوشیدہ ہے چیونٹی کے رینگنے سے زیادہ۔ ہم نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شرک یہ ہے کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت کی جائے، یا اللہ کے ساتھ کسی کو پکارا جائے؟ عبدالملک کو شک ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے صدیق، تیری ماں تجھ پر روئے، شرک تم میں چیونٹی کے رینگنے سے زیادہ پوشیدہ ہے۔ کیا میں تم کو ایسے وظیفہ کے متعلق نہ بتاؤں جس کے ساتھ اللہ پاک صغیرہ وکبیرہ گناہ معاف فرما دے، میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیوں نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر روز تین مرتبہ یہ کلمات کہہ لیا کر، اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ تیرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤں اس حال میں کہ میں جانتا بھی ہوں۔ اس کی معافی مانگتا ہوں جو میں نہیں جانتا، شرک یہ ہے کہ وہ کہے، مجھے اللہ اور فلان نے بھی دیا اور برابری یہ ہے کہ انسان کے اگر

54- أخرجه السيوطي في الدر المنثور جلد **4** صفحه **54** وعزاه الى ابن المنذر وابن حاتم . وقد وثقه ابن حبان . وأخرجه أحمد جلد **4** صفحه **403** . وقال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **244,223**' رواه أحمد والطبراني في الكبير والأوسط .

Marfat.com

فلان نہ ہوتا تو فلاں مجھے قتل کر دیتا۔

55 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ أَسْلَمَ، وَفَهْدٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ أَبِي بَكْرٍ، أَوْ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: الشِّرْكُ أَخْفَى فِيكُمْ مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ ثُمَّ قَالَ: " أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى مَا يُذْهِبُ عَنْكَ صَغِيرَ ذَلِكَ وَكَبِيرَهُ؟ قُلِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا لَا أَعْلَمُ"

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، یا یہ فرمایا کہ مجھے حضرت ابوبکر نے بتایا، انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا: تم میں شرک چیونٹی کے چلنے سے زیادہ مخفی ہے، پھر فرمایا: کیا میں آپ کو ایسا وظیفہ نہ بتاؤں کہ جس کے پڑھنے سے تمہارے صغیرہ و کبیرہ گناہ معاف ہو جائیں تو پڑھ لیا کرو: اللَّهُمَّ إِنِّي الیٰ آخرہٖ .

56 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ أَسْلَمَ، وَفَهْدٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ أَبِي بَكْرٍ، أَوْ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: الشِّرْكُ أَخْفَى فِيكُمْ مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: وَهَلِ الشِّرْكُ إِلَّا مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ إِلَهًا آخَرَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے یا یہ فرمایا کہ مجھے حضرت ابوبکر نے بتایا، انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا: تم میں شرک چیونٹی کے چلنے سے زیادہ مخفی ہے، پھر فرمایا کیا میں آپ ایسا وظیفہ نہ بتاؤں کہ جس کے پڑھنے سے تمہارے صغیرہ و کبیرہ گناہ معاف ہو جائیں تو پڑھ لیا کرو: اللَّهُمَّ

55- ذکرہ الھیثمی فی مجمع الزوائد جلد**10**صفحہ**224** .

56- قارن بالأحادیث الثلاثہ السابقہ .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشِّرْكُ أَخْفَى فِيكُمْ مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ ثُمَّ قَالَ: " أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى مَا يُذْهِبُ عَنْكَ صَغِيرَ ذَلِكَ وَكَبِيرَهُ؟ قُلِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا لَا أَعْلَمُ"

اِنّی الیٰ آخرہٖ ۔

57 - حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْغَارِ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ طَعْنًا، وَطَاعُونًا ۔ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَعْلَمُ أَنَّكَ قَدْ سَأَلْتَ مَنَايَا أُمَّتِكَ، فَهَذَا الطَّعْنُ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَمَا الطَّاعُونُ؟ قَالَ: دَرَبٌ كَالدُّمَّلِ، إِنْ طَالَتْ بِكَ حَيَاةٌ سَتَرَاهُ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غار میں تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! طعن اور طاعون (سے محفوظ رکھ)۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بے شک میں جان گیا ہوں کہ آپ نے اپنی امت کے لیے مانگا ہے یہ تو طعن ہو گیا' اسے ہم نے پہچان لیا' طاعون کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھوڑے کی طرح ایک بیماری ہے، اگر تیری زندگی لمبی ہوئی تو عنقریب دیکھ لے گا۔

58 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُو بَكْرٍ مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ ۔ فَجِئْتُ فَإِذَا عُمَرُ عِنْدَهُ، فَذَكَرَ نَحْوًا مِنْ حَدِيثِ الْعُمَرِيِّ، وَزَادَ فِيهِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جنگ یمامہ کی جنگ میں مجھے بلوایا اپنے پاس، میں آیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی وہاں موجود تھے باقی حدیث عمری کی حدیث کی طرح ہے۔ (جو عنقریب آ رہی ہے) اس میں حضرت زید بن

57- قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 312,311,310: رواه احمد باسانيد' ورجال بعضها رجال الصحيح ۔ ورواه ابو يعلى والبزار والطبراني في الثلاث ۔ والحافظ ابن حجر في الفتح جلد 10 صفحه 180 ۔ وأخرجه أحمد جلد 4 صفحه 417,395 ۔

58- انظر حديث الترمذي رقم الحديث: 3103 في التفسير ۔ وابن أبي داؤد في المصاحف صفحه 19' وانظر فتح الباري جلد 9 صفحه 11-21 ۔ هو قطعة من حديث اخرجه الترمذي رقم الحديث: 3103 في تفسير القرآن ۔ وانظر قول الحافظ في الفتح جلد 9 صفحه 20 ۔

Marfat.com

بَعْدَ قَوْلِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: فَأَلْحَقْتُهَا، قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَاخْتَلَفُوا يَوْمَئِذٍ فِي التَّابُوتِ، فَقَالَ زَيْدٌ: التَّابُوهُ، وَقَالَ: الرَّهْطُ الْقُرَشِيُّونَ: التَّابُوتُ، فَرَفَعُوا اخْتِلَافَهُمْ إِلَى عُثْمَانَ، فَقَالَ: اكْتُبُوهُ فِي التَّابُوتِ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَكَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ قَدْ كَرِهَ أَنْ وَلِيَ زَيْدٌ نَسْخَ الْمَصَاحِفِ. قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَحَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، أُعْزَلُ عَنْ كِتَابِ اللَّهِ، وَيَوَلَّاهَا رَجُلٌ، وَاللَّهِ لَقَدْ أَسْلَمْتُ وَإِنَّهُ لَفِي صُلْبِ رَجُلٍ كَافِرٍ؟ يُرِيدُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ. قَالَ: فَلِذَلِكَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ، أَوْ يَا أَهْلَ الْكُوفَةِ، غُلُّوا الْمَصَاحِفَ الَّتِي عِنْدَكُمْ وَاكْتُمُوهَا، فَإِنَّ اللَّهَ يَقُولُ (وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 161)، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَبَلَغَنِي أَنَّهُ كَرِهَ هَذَا مِنْ مَقَالَتِهِ رِجَالٌ كَانُوا مِنْ أَفَاضِلِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ثابت کے قول کے بعد فالحقتھا کا لفظ زیادہ کیا ہے۔ ابن شہاب فرماتے ہیں اس دن اس لفظ کے متعلق اختلاف ہو گیا کہ آیا لفظ تابوت یا کوئی اور؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ لفظ تابوہ ہے۔ قریش کے گروہ نے کہا یہ لفظ تابوت ہے۔ یہ اختلاف حضرت عثمان غنی کے پاس لے جایا گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قریش کی زبان میں لفظ تابوت لکھ دو۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ناپسند فرماتے کہ کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ کو مصاحف کو منسوخ کرنے میں ولی بنایا جائے۔ ابن شہاب فرماتے ہیں مجھے عبید اللہ بن عبداللہ نے بتایا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ اسے مسلمانوں کے گروہ میں اللہ کی کتاب سے علیحدہ ہوں جس کا ولی یہ آدمی ہے۔ اللہ کی قسم! میں مسلمان ہوگیا ابھی یہ کافر باپ کی صلب میں تھا؟ مراد زید بن ثابت لیے، اسی لیے حضرت عبداللہ فرماتے تھے: اے اہل عراق! یا اے اہل کوفہ! جو تمہارے پاس مصاحف ہیں اس میں غلو کیا گیا ہے اور اس سے چھپایا گیا ہے، بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے: جو خیانت کرے گا وہ قیامت کے دن خیانت لائے گا۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ (یہ بات حضرت عبداللہ کی حضرت زید کے متعلق) افاضل صحابہ کرام ناپسند کرتے تھے۔

59 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت زید فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے

59- أخرجه الترمذی فی التفسير رقم الحديث: 3102' باب: ومن سورة التوبة . واحمد جلد 1 صفحه 13 . والبخاری فی فضائل القرآن رقم الحديث: 4986' باب: جمع القرآن' و رقم الحديث: 4989 باب: كاتب النبی' وفی الأحكام رقم الحديث: 7191 باب: يستحب للكاتب أنيكون أمينًا' وفی التوحيد رقم الحديث: 7425

Marfat.com

الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، أَنَّ زَيْدًا، حَدَّثَهُ قَالَ: أَرْسَلَ أَبُو بَكْرٍ مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَإِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهُ، فَقَالَ: " إِنَّ عُمَرَ أَتَانِي فَقَالَ: إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ يَوْمَ الْيَمَامَةِ، وَإِنِّي لَأَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ بِالْقُرَّاءِ فِي الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا، فَيَذْهَبَ قُرْآنٌ كَثِيرٌ، وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَأْمُرَ يُجْمَعُ . قَالَ أَبُو بَكْرٍ: " قُلْتُ لِعُمَرَ: كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ " فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ. فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يُرَاجِعُنِي حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَ عُمَرَ، وَرَأَيْتُ فِيهِ الَّذِي رَآهُ، قَالَ زَيْدٌ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّكَ شَابٌّ، عَاقِلٌ، وَلَا نَتَّهِمُكَ، وَقَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَحْيَ، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ قَالَ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُونِي نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِنْ ذَاكَ. قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ. فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي فِي ذَلِكَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالسَّعَفِ وَالْحِجَارَةِ، وَالرِّقَاقِ، وَمَنْ

میری طرف کسی کو بھیجا جنگ یمامہ میں آپ کے پاس حضرت عمر بن خطاب بھی تھے۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: عمر میرے پاس آیا ہے اس نے عرض کی ہے کہ جنگ یمامہ سے بڑے قاری قرآن شہید ہوئے ہیں، میں خوف کرتا ہوں کہ اس طرح قاری شہید ہوتے رہے تو سارا قرآن چلا جائے گا۔ میری رائے یہ ہے کہ آپ قرآن جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر نے حضرت عمر کو فرمایا: کیا میں ایسا کام کروں جو حضور ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمر نے عرض کی: اللہ کی قسم! جمع کرنا بہتر عمل ہے، مسلسل حضرت عمر مجھے عرض کرتے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے میرے سینے کو کھول دیا جس طرح اللہ نے حضرت عمر کے سینے کو کھولا تھا۔ میری بھی وہی رائے ہو گئی جو حضرت عمر کی تھی۔ حضرت زید فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے فرمایا: آپ نوجوان، سمجھدار اور ہم تجھے متہم نہیں کرتے جبکہ آپ حضور ﷺ کے لیے وحی لکھتے تھے، آپ قرآن کو تلاش کریں، آپ جمع کریں۔ حضرت زید فرماتے ہیں اگر مجھے ایک پہاڑ اٹھا کر دوسری جگہ منتقل کرنے کی مکلّف بنایا جاتا تو مجھے ایسے کرنا زیادہ آسان تھا۔ میں نے عرض کی: تم وہ کام کیسے کرو گے جو حضور ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت ابوبکر نے فرمایا: اللہ کی قسم! اچھا کام ہے' حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما مجھے مسلسل ابھارتے رہے یہاں تک کہ اللہ نے میرے سینے کو کھول

باب: (وكان عرشه على الماء وهو رب العرش العظيم)' وفي التفسير رقم الحديث: **4679** باب: (لقد جاء كم رسول من أنفسكم) .

Marfat.com

صُدُورِ الرِّجَالِ، فَوَجَدْتُ فِي آخِرِ سُورَةِ التَّوْبَةِ، بَرَاءَةَ، مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ: (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ) (التوبة:128) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

دیا جس طرح ابوبکر وعمر کے سینے کو کھولا تھا۔ میں نے قرآن تلاش کرنا شروع کیا، میں نے جمع کیا پرچوں' کھجور کی شاخوں اور پتوں' پتھروں اور باریک کپڑوں سے۔ اور مردوں کے سینوں سے، میں نے سورہ توبہ کی آخری آیت خزیمہ بن ثابت سے پائی۔ وہ آیت یہ ہے: لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ ۔

60 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، قَالَ: إِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ، وَلَا نَتَّهِمُكَ، قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ

حضرت زید بن ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے فرمایا: تو نوجوان سمجھدار اور ہم تجھ پر تہمت نہیں لگاتے جبکہ تُو حضور ﷺ کی وحی بھی لکھتا تھا، تُو قرآن تلاش کر اور جمع کر۔

61 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، حَدَّثَهُ قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ بِالْغَارِ: لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ يَنْظُرُ إِلَى تَحْتِ قَدَمَيْهِ لَأَبْصَرَنَا تَحْتَ قَدَمَيْهِ ۔ قَالَ: فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، مَا ظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللَّهُ ثَالِثُهُمَا؟

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کو حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ غارِ ثور میں عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اگر ان کافروں میں سے کوئی اپنے قدموں کی طرف دیکھے تو ضرور ہم کو دیکھ لے گا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ عنہ ان دو کے بارے تیرا کیا خیال ہے جن کے ساتھ تیسرا اللہ ہے۔

62 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کو حضرت

60- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 10 .

61- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 104' والترمذی فی التفسير رقم الحديث: 3095' باب: ومن سورة التوبة .

62- أخرجه مسلم فی فضائل الصحابة رقم الحديث: 2381' باب: من فضائل أبی بكر الصديق . والبخاری فی التفسير رقم الحديث: 4663' باب: (ثانی اثنين اذ هما فی الغار)' اذ يقول لصاحبه (لا تحزن ان اللّٰه معنا)' وفی فضائل الصحابة رقم الحديث: 3953 باب: مناقب المهاجرين وفضلهم' و رقم الحديث: 3919 باب: هجرة النبی وأصحابه .

Marfat.com

هِلَالٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، حَدَّثَهُ قَالَ: نَظَرْتُ إِلَى أَقْدَامِ الْمُشْرِكِينَ عَلَى رُءُوسِنَا، وَنَحْنُ فِي الْغَارِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ نَظَرَ إِلَى قَدَمَيْهِ أَبْصَرَنَا تَحْتَ قَدَمَيْهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، مَا ظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللَّهُ ثَالِثُهُمَا

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ غارِ ثور میں، میں نے مشرکوں کے قدم اپنے سروں پر دیکھے اس حال میں کہ ہم غار میں تھے۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر ان کافروں میں سے کوئی اپنے قدموں کی طرف دیکھے تو ضرور ہم کو دیکھ لے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوبکر! ان دو کے بارے تیرا کیا خیال ہے جن کے ساتھ تیسرا اللہ ہے۔

63 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ لِأَبِي بَكْرٍ، فِي الرِّدَّةِ: أَلَمْ يَقُلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَإِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ؟ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: - " وَفِي حَدِيثِ ابْنِ أَبِي سَمِينَةَ، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّمَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مرتد ہونے کے بارے میں عرض کی، اے امیر المومنین! کیا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا کہ میں لوگوں سے جہاد کروں یہاں تک کہ لوگ کہہ لیں لا الہ الا اللہ! جب اس کلمہ کا اقرار کرلیں تو انہوں نے مجھ سے اپنے اموال بچا لیے مگر حق کے ساتھ اور ان کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے؟ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی ارشاد پاک ہے جو کہ حدیث ابن ابی سمینہ میں ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ

63- أخرجه النسائی فی تحریم الدم جلد **7** صفحه **76-77**' وفی الزکاة جلد **5** صفحه **14** باب: مانع الزکاة' وفی الجهاد جلد **6** صفحه **5** باب: وجوب الجهاد . والهیثمی فی مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **25** . والترمذی رقم الحدیث: **2610** فی ابواب الایمان' باب: ما جاء امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا: لا اله الا الله . وأحمد جلد **1** صفحه **47,35,19,11** وجلد **2** صفحه **423** . ومسلم فی الایمان رقم الحدیث: **20**' باب: الأمر بقتال الناس حتی یقولوا: لا اله الا الله محمد رسول الله . وابو داؤد فی الزکاة رقم الحدیث: **1556** . والبخاری فی الزکاة رقم الحدیث: **1399** و رقم الحدیث: **1400**' باب: وجوب الزکاة' و رقم الحدیث: **1456** باب: أخذ العناق فی الصدقة' وفی استتابة المرتدین رقم الحدیث: **6924** و رقم الحدیث: **6925** باب: قتل من ابی قبول الفرائض' وما نسبوا الی الردة' وفی الاعتصام رقم الحدیث: **7284** باب: الاقتداء بسنن رسول الله صلی الله علیه وسلم .

Marfat.com

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ ، وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُونِي عِقَالًا لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَيْهِ حَتَّى تَلْحَقَ نَفْسِي بِاللّٰهِ . قَالَ عُمَرُ: فَلَمَّا رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ قَدْ عَزَمَ عَلَى ذَلِكَ عَلِمْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ

رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے جہاد کروں یہاں تک کہ لوگ لا الہ الا اللہ کہیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اللہ کی قسم! اگر ان لوگوں نے مجھ سے اونٹ کی نکیل بھی روک لی تو میں ضرور بضرور ان کے ساتھ جہاد کروں گا یہاں تک کہ میں اللہ کے پاس چلا جاؤں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب میں نے دیکھا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کا پختہ ارادہ کرلیا ہے تو مجھے یقین ہوگیا کہ یہ حق ہے۔

64 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُمَرَ: انْطَلِقْ بِنَا اِلَى أُمِّ أَيْمَنَ نَزُورُهَا كَمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزُورُهَا فَلَمَّا انْتَهَيْنَا اِلَيْهَا بَكَتْ، فَقَالَا لَهَا: مَا يُبْكِيكِ؟ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِرَسُولِهِ . قَالَ: فَقَالَتْ: مَا أَبْكِي أَنْ لَا أَكُونَ أَعْلَمُ أَنَّ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِرَسُولِهِ، وَلَكِنْ أَبْكِي أَنَّ الْوَحْيَ انْقَطَعَ مِنَ السَّمَاءِ . قَالَ: فَهَيَّجَتْهُمَا عَلَى الْبُكَاءِ، فَجَعَلَا يَبْكِيَانِ مَعَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا، چلو ہم ام ایمن کی زیارت کر کے آئیں جس طرح ان کی زیارت حضور ﷺ کرتے تھے۔ جب ہم آپ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے تو وہ رو پڑیں۔ دونوں بزرگوں نے کہا کہ آپ کیوں رو رہی ہیں؟ کیا اللہ کے ہاں رسول اللہ ﷺ کا مقام بہتر نہیں؟ انہوں نے فرمایا (یعنی ام ایمن رضی اللہ عنہا نے) میں اس لیے نہیں رو رہی ہوں کہ میں بھی جانتی ہوں کہ اللہ کے ہاں رسول اللہ ﷺ کا مقام بہتر ہے۔ لیکن میں رو رہی ہوں کہ آسمان سے وحی آنا ختم ہوگئی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت اُم ایمن نے دونوں حضرات کو رونے پر مجبور کر دیا' دونوں ان کے ساتھ رونے لگے۔

65 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر

64- أخرجه مسلم فی فضائل الصحابة رقم الحديث: **2454**' باب: من فضائل أم أيمن . وابن ماجه فی الجنائز رقم الحديث: **1635** باب: ذكر وفاته ودفنه صلى اللّٰه عليه وسلم .

65- أخرجه البزار رقم الحديث: **786** . والهيثمی فی مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**322-323** .

Marfat.com

زَائِدَةُ بْنُ أَبِی الرُّقَادِ، حَدَّثَنِی زِیَادٌ النُّمَیْرِیُّ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أَبَا بَکْرٍ دَخَلَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ کَئِیبٌ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَالِی أَرَاکَ کَئِیبًا ؟ قَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ کُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَمٍّ لِی الْبَارِحَةَ فُلَانٍ، وَهُوَ یَکِیدُ بِنَفْسِهِ. قَالَ: فَهَلَّا لَقَّنْتَهُ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: قَدْ فَعَلْتُ، یَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: فَقَالَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ. قَالَ أَبُو بَکْرٍ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، کَیْفَ هِیَ لِلْأَحْیَاءِ؟ قَالَ: هِیَ أَهْدَمُ لِذُنُوبِهِمْ، هِیَ أَهْدَمُ لِذُنُوبِهِمْ

صدیق رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پریشانی کی حالت میں آئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں آپ کو پریشان دیکھ رہا ہوں؟ عرض کی: یارسول اللہ! میں فلاں رات کو اپنے چچا زاد کے پاس تھا اس کی جان نکل رہی تھی، آپ نے فرمایا: کیا تو نے اس کو لا الہ الا اللہ کی تلقین کی تھی۔ عرض کی: یارسول اللہ! میں نے کی تھی، آپ نے فرمایا: اس نے کلمہ پڑھا تھا؟ عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اس کے لیے جنت واجب ہوگئی، حضرت ابوبکر نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! زندوں کے لیے پڑھنا کیا ہے؟ فرمایا: یہ ان کے گناہوں کو ختم کرنے والا ہے، گناہوں کو ختم کرنے والا ہے۔

66 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِیرِیُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا یُونُسُ بْنُ یَزِیدَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَنِی ابْنُ السَّبَّاقِ، أَخْبَرَنِی زَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ، أَنَّ أَبَا بَکْرٍ أَرْسَلَ اِلَیْهِ مَقْتَلَ أَهْلِ الْیَمَامَةِ، قَالَ: فَأَتَیْتُهُ، فَاِذَا عُمَرُ عِنْدَهُ، فَقَالَ أَبُو بَکْرٍ: اِنَّ عُمَرَ أَتَانِی فَقَالَ: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِأَهْلِ الْیَمَامَةِ مِنْ قُرَّاءِ الْقُرْآنِ، أَوِ النَّاسِ شَکَّ أَبُو یَعْلَی، فَأَنَا أَخْشَی أَنْ یَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ فِی الْمَوَاطِنِ کُلِّهَا فَیَذْهَبَ کَثِیرٌ مِنَ الْقُرْآنِ لَا یُوعَی، وَاِنِّی أَرَی أَنْ تَأْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ. قُلْتُ لِعُمَرَ: کَیْفَ أَفْعَلُ شَیْئًا

حضرت زید فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میری طرف کسی کو بھیجا جنگ یمامہ میں آپ کے پاس حضرت عمر بن خطاب بھی تھے۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: عمر میرے پاس آیا ہے اس نے عرض کی ہے کہ جنگ یمامہ سے بڑے قاری قرآن شہید ہوئے ہیں، میں خوف کرتا ہوں کہ اس طرح قاری شہید ہوتے رہے تو سارا قرآن چلا جائے جو یاد نہ کیا جا سکے گا۔ میری رائے یہ ہے کہ آپ قرآن جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر نے حضرت عمر کو فرمایا: کیا میں ایسا کام کروں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا؟ حضرت عمر نے عرض کی: اللہ کی

66- اخرجه احمد جلد 4 صفحه 153 . ومسلم فی الطهارة رقم الحدیث: 234 باب: الذکر المستحب عقب الوضوء . وابو داؤد فی الطهارة رقم الحدیث: 169-170 باب: ما یقول الرجل اذا توضأ . والترمذی فی الطهارة رقم الحدیث: 55 باب: ما یقال بعد الوضوء . والنسائی فی الطهارة جلد 1 صفحه 92-93 باب: القول بعد الفراغ من الوضوء . والبیهقی جلد 1 صفحه 78 . وصححه ابن خزیمة رقم الحدیث: 222 .

Marfat.com

لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ. فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي فِي ذَلِكَ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي، وَرَأَيْتُ فِيهِ الَّذِي رَأَى عُمَرُ، فَقَالَ زَيْدٌ: وَعُمَرُ عِنْدَهُ جَالِسٌ لَا يَتَكَلَّمُ. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّكَ لَشَابٌّ، عَاقِلٌ، وَلَا نَتَّهِمُكَ، وَكُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاتَّبِعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، قَالَ زَيْدٌ: " فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُونِي نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا أَمَرَنِي بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، فَقُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟" قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ. فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي بِالَّذِي شَرَحَ بِهِ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَجَمَعْتُ الْقُرْآنَ أَتَتَبَّعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْأَكْتَافِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ، حَتَّى وَجَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ، لَمْ أَجِدْهَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ) (التوبة: 128) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، فَكَانَتِ الْمَصَاحِفُ الَّتِي جَمَعْنَا فِيهَا الْقُرْآنَ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ حَيَاتَهُ، حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ

قسم! یہ بہتر جمع کرنا، مسلسل حضرت عمر مجھے عرض کرتے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے میرے سینے کو کھول دیا جس طرح اللہ نے حضرت عمر کے سینے کو کھولا ہوا تھا۔ میری بھی وہی رائے ہوگئی جو حضرت عمر کی تھی۔ حضرت زید فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے فرمایا: آپ نوجوان، سمجھدار اور نہ تھکنے والے۔ آپ حضور ﷺ کی وحی لکھتے تھے، آپ قرآن کو تلاش کریں، آپ جمع کریں۔ حضرت زید فرماتے ہیں اگر مجھے ایک پہاڑ اٹھا کر دوسری جگہ منتقل کرنے کا مکلّف بنایا جاتا تو مجھے ایسے کرنا زیادہ آسان تھا۔ میں نے عرض کی: میں وہ کام کیسے کروں جو حضور ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت ابوبکر نے فرمایا: اللہ کی قسم! حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما مجھے مسلسل ابھارتے رہے یہاں تک کہ اللہ نے میرے سینے کو کھول دیا جس طرح ابوبکر و عمر کے سینے کو کھولا ہوا تھا۔ میں نے قرآن تلاش کرنا شروع کیا، میں نے جمع کیا پرچوں اور اور کندھے کی ہڈیوں سے۔ اور مردوں کے سینوں سے، میں نے سورہ توبہ کی آخری آیت خزیمہ بن ثابت سے پائی۔ وہ آیت یہ ہے: لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ ۔ وہ مصاحف جو ہم نے قرآن میں جمع کیے تھے وہ حضرت ابوبکر کے پاس رہا ان کی زندگی میں، حضرت ابوبکر کا وصال ہوا تو حضرت عمر کے پاس رہا، جب حضرت عمر کا وصال ہوا تو پھر حضرت حفصہ کے پاس رہا۔

67 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ،

حضرت مالک بن قیس فرماتے ہیں کہ حضرت عقبہ

67- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **142** الى أبي يعلى والطبراني في الأوسط . وفيه جارية بن الهرم الفقيمي وهو متروك الحديث . وله شواهد بمعناه' وأصله صحيح متواتر كما في نظم المتناثر صفحه **20** للكتاني .

Marfat.com

حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَنْعَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ قَيْسٍ، يُحَدِّثُ قَالَ: قَدِمَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ، عَلَى مُعَاوِيَةَ، وَهُوَ بِإِيلِيَاءَ فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ خَرَجَ، فَطُلِبَ فَلَمْ يُوجَدْ، أَوْ قَالَ: طَلَبْنَاهُ فَلَمْ نَجِدْهُ، فَاتَّبَعْنَاهُ، فَإِذَا هُوَ يُصَلِّي بِبِرَازٍ مِنَ الْأَرْضِ. قَالَ: فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكُمْ؟ قَالُوا: جِئْنَا لِنُحَدِّثَ بِكَ عَهْدًا، أَوْ نَقْضِيَ مِنْ حَقِّكَ، قَالَ: فَعِنْدِي جَائِزَتُكُمْ، كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، وَكَانَ عَلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَّا رِعَايَةُ الْإِبِلِ يَوْمًا، فَكَانَ يَوْمِي الَّذِي أَرْعَى فِيهِ، قَالَ: فَرَوَّحْتُ الْإِبِلَ، فَانْتَهَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَطَافَ بِهِ أَصْحَابُهُ، وَهُوَ يُحَدِّثُ، قَالَ: فَأَهْمَلْتُ الْإِبِلَ وَتَوَجَّهْتُ نَحْوَهُ فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ يَقُولُ: مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ يُرِيدُ بِهِمَا وَجْهَ اللّٰهِ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا كَانَ قَبْلَهُمَا، فَقُلْتُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، قَالَ: فَضَرَبَ رَجُلٌ عَلَى كَتِفِي، فَالْتَفَتُّ، فَإِذَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: يَا ابْنَ عَامِرٍ، مَا كَانَ قَبْلَهَا أَفْضَلَ قُلْتُ: مَا كَانَ قَبْلَهَا؟ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ يُصَدِّقُ قَلْبُهُ لِسَانَهُ دَخَلَ مِنْ أَيِّ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَ

بن عامر حضرت معاویہ کے پاس آئے ایلیاء کے مقام پر وہاں ٹھہرے نہیں نکلے آپ کو تلاش کیا آپ کو پایا نہیں یا فرمایا: ہم نے تلاش کیا لیکن ہم نے پایا نہیں ہم آپ کے پیچھے چلے تو وہ مقام براز کے ملک میں نماز پڑھ رہے تھے۔ آپ نے فرمایا تم کیسے آئے ہو؟ انہوں نے عرض کی: ہم آئے ہیں کہ ہم تجھ سے نیا وعدہ کریں، یا ہم آپ کے حق کا فیصلہ کریں، فرمایا: میرے پاس تمہاری معمولی سی تنخواہ ہے۔ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے، ایک دن ہم میں سے ہر ایک آدمی کی اونٹ چرانے کی باری تھی اس دن میری باری تھی میں اونٹوں کو لے گیا میں حضور ﷺ کے پاس گیا آپ کے ارد گرد آپ کے صحابہ تھے آپ گفتگو کر رہے تھے میں نے اونٹوں کو چھوڑا میں آپ کی طرف متوجہ ہوا میں آپ کے پاس پہنچا تو آپ فرما رہے تھے جس نے وضو کیا اچھا وضو کیا پھر دو رکعت نفل ادا کیے ان دونوں کے ساتھ اللہ کی رضا تلاش کی۔ تو اللہ عزوجل اس کے پہلے گناہ معاف کر دے گا میں نے اللہ اکبر کہا' ایک آدمی نے میرے کندھے پر ہاتھ مارا میں نے دیکھا تو وہ ابوبکر تھے فرمایا اے ابن عامر جو اس سے پہلے والی بات ہے اس سے بھی وہ افضل ہے' میں نے عرض کیا فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا جس نے لا الہ الا اللہ کی دل اور زبان سے گواہی دی وہ جنت کے جس دروازے سے داخل ہوگا اس کو اجازت ہے۔

68 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ، حَدَّثَنَا جَارِيَةُ بْنُ هَرِمٍ الْفُقَيْمِيُّ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَارِمٍ،

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس

Marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ الْحُبْرَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا كَبْشَةَ الْأَنْمَارِيَّ، وَكَانَ لَهُ صُحْبَةٌ يُحَدِّثُ: عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، أَوْ رَدَّ شَيْئًا أَمَرْتُ بِهِ، فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْتًا فِي جَهَنَّمَ

نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا یا ایسی چیز کو نہ مانا جس کا میں نے حکم دیا تھا۔ اس کو اپنا گھر دوزخ میں بنانا چاہیے۔

69 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَامَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتُمْ مَا قَامَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْأَوَّلِ، ثُمَّ بَكَى، ثُمَّ أَعَادَهَا، ثُمَّ بَكَى، ثُمَّ أَعَادَهَا، ثُمَّ بَكَى، قَالَ: إِنَّ النَّاسَ لَمْ يُعْطُوا فِي هَذِهِ الدُّنْيَا شَيْئًا أَفْضَلَ مِنَ الْعَفْوِ وَالْعَافِيَةِ، فَسَلُوهُمَا اللّٰهَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر کھڑے ہوئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کو معلوم ہے کہ تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم گزشتہ سال اسی جگہ پہ کھڑے ہوئے۔ پھر آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ پھر دوبارہ فرمایا پھر آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، پھر اسی بات کو دُہرایا' پھر آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ پھر فرمایا: لوگوں کو اس دنیا میں عفو وعافیت سے بڑھ کوئی شے نہیں دی گئی، دونوں اللہ سے مانگو۔

70 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّالَقَانِيُّ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، قَالَ: قَامَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، عَلَى الْمِنْبَرِ فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِينَا عَامَ الْأَوَّلِ عَلَى هَذَا الْمِنْبَرِ، فِي مِثْلِ هَذَا الْيَوْمِ، فِي مِثْلِ هَذَا الشَّهْرِ،

حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا یا حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ منبر پر کھڑے ہوئے خطبہ دیا، اللہ کی حمد وثناء کرنے کے بعد فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم پچھلے سال اس منبر پر اس جگہ اسی ماہ کھڑے ہوئے، پھر حضرت ابوبکر رو پڑے، اس کے بعد فرمایا: اللہ عزوجل سے عفو و عافیت مانگو۔

69- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **11,8,7,5,4,3** . والحميدى رقم الحديث: **2** و رقم الحديث: **7** . وابن ماجه فى الدعاء رقم الحديث: **3849**' باب: الدعاء بالعفو والعافية . والترمذى فى الدعوات رقم الحديث: **3553** . والهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **173** . وصححه الحاكم جلد **1** صفحه **529** .

Marfat.com

قَالَ: ثُمَّ بَكَى، فَقَالَ: سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ

71 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ بَعَثَ فِي الْحَجَّةِ الَّتِي أَمَّرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فِي يَوْمِ النَّحْرِ، فِي رَهْطٍ يُؤَذِّنُ فِي النَّاسِ أَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلَا يَطُوفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ

حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حجۃ الوداع سے پہلے یوم نحر کے دن امیر حج بنا کر بھیجا۔ ایک لشکر میں کہ لوگوں میں علان کر دیں آئندہ سال کوئی مشرک حج نہ کرے اور کوئی بھی برہنہ ہو کر کعبہ کا طواف نہ کرے۔

72 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي كَلِمَاتٍ أَقُولُهَا إِذَا أَصْبَحْتُ، وَإِذَا أَمْسَيْتُ. قَالَ: " قُلِ: اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، أَنْتَ

حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی، یا رسول اللہ مجھے چند کلمات سکھائیں جن کو میں پڑھ لیا کروں جب میں صبح کروں یا شام کروں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ان کلمات کو پڑھ لیا کرو: تو اس کو پڑھا کر: اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ الٰی آخرہٖ جب

71- أخرجه البخاری فی المغازی رقم الحدیث: **4363**' باب: حج أبی بکر بالناس فی سنة تسع' وفی الصلاة رقم الحدیث: **369** باب: ما یستر العورة' وفی الحج رقم الحدیث: **1622** باب: لا یطوف بالبیت عریان' وفی الجزیة رقم الحدیث: **3177** باب: کیف ینبذ الٰی أهل العهد' وفی التفسیر رقم الحدیث: **4655** باب: (فسیحوا فی الأرض أربعة أشهر)' و رقم الحدیث: **4656** باب: (وأذان من اللّٰه ورسوله)' و رقم الحدیث: **4657** باب: (الا الذین عاهدتم من المشرکین) . ومسلم فی الحج رقم الحدیث: **1347**'باب: لا یحج بالبیت مشرك . وأبو داؤد فی المناسك رقم الحدیث: **1946**' باب: یوم الحج الأکبر . والنسائی فی المناسك جلد **5**صفحه**234**' باب: قوله عزوجل (خذوا زینتکم عند کل مسجد) . وصححه ابن حبان رقم الحدیث: **3825** . وانظر فتح الباری جلد **8** صفحه**318** .

72- أخرجه أبو داؤد فی الأدب رقم الحدیث: **5067**' باب: ما یقول اذا أصبح . وأحمد جلد **1**صفحه**10,9** . والبخاری فی الأدب المفرد رقم الحدیث: **1202**' وفی خلق أفعال العباد صفحه **34** . والترمذی فی الدعوات رقم الحدیث: **3389**' باب: ما یقول فی الصباح والمساء . والدارمی فی الاستئذان جلد **2**صفحه**292**' باب: ماذا یقول فی الصباح . وصححه ابن حبان . والحاکم جلد **1**صفحه**513** .

Marfat.com

رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكُهُ، لَا اِلَهَ اِلَّا أَنْتَ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ . قُلْهَا اِذَا أَصْبَحْتَ، وَاِذَا أَمْسَيْتَ، وَاِذَا أَوَيْتَ اِلَى فِرَاشِكَ

صبح اور شام کرے اور جب اپنے بستر پر آئے۔

73 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: فَاتَنِي الْعَشَاءُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَأَتَيْتُ أَهْلِي، فَقُلْتُ: هَلْ عِنْدَكُمْ عَشَاءٌ؟ قَالُوا: لَا وَاللّٰهِ مَا عِنْدَنَا عَشَاءٌ، فَاضْطَجَعْتُ عَلَى فِرَاشِي فَلَمْ يَأْتِنِي النَّوْمُ مِنَ الْجُوعِ، فَقُلْتُ: لَوْ خَرَجْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّيْتُ وَتَعَلَّلْتُ حَتَّى أُصْبِحَ، فَخَرَجْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّيْتُ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ تَسَانَدْتُ اِلَى نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ كَذَلِكَ، اِذْ طَلَعَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ قُلْتُ: أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ: مَا أَخْرَجَكَ هَذِهِ السَّاعَةَ؟ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَخْرَجَنِي اِلَّا الَّذِي أَخْرَجَكَ، فَجَلَسَ اِلَى جَنْبِي، فَبَيْنَمَا نَحْنُ كَذَلِكَ، اِذْ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْكَرَنَا، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ . فَبَادَرَنِي عُمَرُ فَقَالَ: هَذَا أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالَ: مَا أَخْرَجَكُمَا هَذِهِ السَّاعَةَ؟ فَقَالَ عُمَرُ: خَرَجْتُ فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَرَأَيْتُ سَوَادَ أَبِي بَكْرٍ فَقُلْتُ:

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے حضرت سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بتایا: ایک رات عشاء کے وقت میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا اور میں نے کہا کہ تمہارے پاس رات کا کھانا ہے؟ گھر والوں نے کہا: نہیں! اللہ کی قسم! ہمارے پاس رات کا کھانا نہیں ہے، آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنے بستر پر آکر سو گیا۔ لیکن بھوک کی وجہ سے نیند نہیں آ رہی تھی، میں نے کہا: اگر میں مسجد کی طرف جاؤں، جو اللہ نے توفیق دی نماز پڑھوں گا، میں ذکر کروں گا یہاں تک کہ صبح ہو جائے، میں مسجد کی طرف نکلا، میں نے نماز پڑھی جتنی اللہ نے توفیق دی۔ پھر میں مسجد کے ستون کے ساتھ ٹیک لگالی، میں ایسی ہی حالت میں تھا، اچانک میرے پاس حضرت عمر بن الخطاب آ گئے، آپ رضی اللہ عنہ نے کہا، یہ کون ہیں؟ میں نے کہا، ابوبکر رضی اللہ عنہ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اس وقت کیوں نکلے ہیں آپ، میں نے ساری بات بتادی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے بھی اس چیز نے نکالا جس نے آپ کو نکالا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے پاس بیٹھ گئے۔ پس ہم دونوں ایسی حالت میں تھے کہ

73- أخرجه مالك' وهوبلاغاته صفحه **58** فى صفة النبى صلى اللّٰه عليه وسلم رقم الحديث: **28**' باب: جامع ماجاء فى الطعام والشراب . وأخرجه مسلم فى الأشربة رقم الحديث: **2038**' باب: جواز استتباعه غيره الى دارمن يثقبرضاه بذلك . والبخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: **256** . والترمذى فى الزهد رقم الحديث: **2370**' باب: ما جاء فى معيشة أصحاب النبى صلى اللّٰه عليه وسلم .

Marfat.com

مَنْ هَذَا؟ فَقَالَ: أَبُو بَكْرٍ، فَقُلْتُ: مَا أَخْرَجَكَ هَذِهِ السَّاعَةَ؟ فَذَكَرَ الَّذِي كَانَ، فَقُلْتُ: وَأَنَا وَاللّٰهِ مَا أَخْرَجَنِي إِلَّا الَّذِي أَخْرَجَكَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَنَا وَاللّٰهِ مَا أَخْرَجَنِي إِلَّا الَّذِي أَخْرَجَكُمَا، فَانْطَلِقُوا بِنَا إِلَى الْوَاقِفِيِّ أَبِي الْهَيْثَمِ بْنِ التَّيِّهَانِ فَلَعَلَّنَا نَجِدُ عِنْدَهُ شَيْئًا يُطْعِمُنَا فَخَرَجْنَا نَمْشِي فَانْتَهَيْنَا إِلَى الْحَائِطِ فِي الْقَمَرِ، فَقَرَعْنَا الْبَابَ، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالَ عُمَرُ: هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَفَتَحَتْ لَنَا، فَدَخَلْنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيْنَ زَوْجُكِ؟ قَالَتْ: ذَهَبَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا مِنَ الْمَاءِ مِنْ حَشِّ بَنِي حَارِثَةَ، الْآنَ يَأْتِيكُمْ. قَالَ: فَجَاءَ يَحْمِلُ قِرْبَةً حَتَّى أَتَى بِهَا نَخْلَةً فَعَلَّقَهَا عَلَى كُرْنَافَةٍ مِنْ كَرَانِيفِهَا. ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: مَرْحَبًا وَأَهْلًا، مَا زَارَ النَّاسَ أَحَدٌ قَطُّ مِثْلُ مَنْ زَارَنِي، ثُمَّ قَطَعَ لَنَا عِذْقًا فَأَتَانَا بِهِ، فَجَعَلْنَا نَنْتَقِي مِنْهُ فِي الْقَمَرِ فَنَأْكُلُ، ثُمَّ أَخَذَ الشَّفْرَةَ فَجَالَ فِي الْغَنَمِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِيَّاكَ وَالْحَلُوبَ، أَوْ إِيَّاكَ وَذَوَاتِ الدَّرِّ. فَأَخَذَ شَاةً فَذَبَحَهَا وَسَلَخَهَا، وَقَالَ لِامْرَأَتِهِ فَطَبَخَتْ وَخَبَزَتْ، وَجَعَلَ يَقْطَعُ فِي الْقِدْرِ مِنَ اللَّحْمِ، فَأَوْقَدَ تَحْتَهَا حَتَّى بَلَغَ اللَّحْمُ وَالْخُبْزُ فَثَرَدَ، ثُمَّ غَرَفَ عَلَيْهِ مِنَ الْمَرَقِ وَاللَّحْمِ، ثُمَّ أَتَانَا بِهِ فَوَضَعَهُ بَيْنَ أَيْدِينَا، فَأَكَلْنَا حَتَّى شَبِعْنَا، ثُمَّ قَامَ إِلَى الْقِرْبَةِ، وَقَدْ

اچانک رسول پاک ﷺ تشریف لائے، حضور ﷺ نے ہم کو نہیں پہچانا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے جلدی کی، عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ یہ عمر اور ابوبکر ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم دونوں کو اس گھڑی میں کس چیز نے گھر سے نکالا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! میں گھر سے نکلا، مسجد میں داخل ہوا میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ٹیک لگائے ہوئے دیکھا، میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ابوبکر ہوں۔ میں نے عرض کی: اس گھڑی کس چیز نے آپ کو نکالا ہے، آپ کو حضرت ابوبکر نے ساری بات بتلائی جو تھی، میں نے کہا: اللہ کی قسم! جس چیز نے آپ رضی اللہ عنہ کو نکالا ہے اسی چیز نے مجھے بھی نکالا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے بھی اسی چیز نے نکالا ہے۔ جس نے آپ دونوں کو نکالا ہے۔ چلو واقفی ابوہثیم بن التیھان کے پاس۔ یقیناً ہم اس کے پاس کوئی چیز پائیں گے، جو ہم کھائیں گے۔ پس ہم نکلے اور ہم چلے اور ہم اس کی دیوار کے پاس پہنچے، چاندنی رات تھی۔ ہم نے دروازہ کھٹکھٹایا، ان کی بیوی نے کہا: کون ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا، یہ رسول پاک ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔ ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا، ہم اندر داخل ہوئے، رسول پاک ﷺ نے فرمایا: تمہارا شوہر کہاں ہے؟ اس عورت نے کہا: وہ ہمارے لیے میٹھا پانی لینے کے لیے گئے ہیں۔ بنی حارثہ کے باغ سے ابھی آجاتے ہیں۔ حضرت

Marfat.com

سَفَعَتْهَا الرِّيحُ فَبَرَدَ، فَصَبَّ فِي الْإِنَاءِ، ثُمَّ نَاوَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَرِبَ، ثُمَّ نَاوَلَ أَبَا بَكْرٍ فَشَرِبَ، ثُمَّ نَاوَلَ عُمَرَ فَشَرِبَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ خَرَجْنَا لَمْ يُخْرِجْنَا إِلَّا الْجُوعُ، ثُمَّ رَجَعْنَا وَقَدْ أَصَبْنَا هَذَا ـ لَتُسْأَلُنَّ عَنْ هَذَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، هَذَا مِنَ النَّعِيمِ ، ثُمَّ قَالَ لِلْوَاقِفِيِّ: مَا لَكَ خَادِمٌ يَسْقِيكَ مِنَ الْمَاءِ؟ قَالَ: لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ ـ قَالَ: إِذَا أَتَانَا سَبْيٌ فَأْتِنَا حَتَّى نَأْمُرَ لَكَ بِخَادِمٍ ـ فَلَمْ يَلْبَثْ إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى أَتَاهُ سَبْيٌ، فَأَتَاهُ الْوَاقِفِيُّ ـ فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَوْعِدُكَ الَّذِي وَعَدْتَنِي ـ قَالَ: هَذَا سَبْيٌ، فَقُمْ فَاخْتَرْ مِنْهُمْ ـ قَالَ: كُنْ أَنْتَ الَّذِي يَخْتَارُ لِي ـ قَالَ: خُذْ هَذَا الْغُلَامَ، وَأَحْسِنْ إِلَيْهِ ـ قَالَ: فَأَخَذَهُ فَانْطَلَقَ بِهِ إِلَى امْرَأَتِهِ، فَقَالَتْ: مَا هَذَا؟ فَقَصَّ عَلَيْهَا الْقِصَّةَ، فَقَالَتْ: فَأَيَّ شَيْءٍ قُلْتَ لَهُ؟ قَالَ: قُلْتُ لَهُ: كُنْ أَنْتَ الَّذِي يَخْتَارُ لِي ـ قَالَتْ: أَحْسَنْتَ ـ قَدْ قَالَ لَكَ: أَحْسِنْ إِلَيْهِ فَأَحْسِنْ إِلَيْهِ ـ قَالَ: مَا الْإِحْسَانُ إِلَيْهِ؟ قَالَتْ: أَنْ تَعْتِقَهُ ـ قَالَ: فَهُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ پانی کا مشکیزہ لے کر آئے یہاں تک کہ کھجور کے درخت کے پاس آئے، اس مشکیزہ کو کھجور کی ٹہنیوں کے ساتھ لٹکا دیا۔ پھر ہمارے پاس آئے اور عرض کی: مرحبا واھلاً ۔ خوش آمدید، پھر کہا جن ہستیوں کی زیارت آج میں کر رہا ہوں لوگوں میں سے کوئی بھی ان کی نہیں کر رہا ہے۔ پھر وہ ہمارے لیے تر و تازہ کھجوریں توڑ کر لائے۔ ہم ان کو چاند کی روشنی میں صاف کر رہے تھے۔ پس ہم نے اس سے کھایا، پھر اس نے چھری پکڑی اور بکری کو ذبح کرنے لگے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ دینے والی کو ذبح نہ کرنا۔ یا یہ فرمایا کہ حاملہ بکری کو ذبح نہ کرنا۔ اس نے ایک بکری کو ذبح کیا اور گوشت کیا اور اس نے اپنی بیوی سے کہا اس کو پکا اور روٹیاں بھی پکا۔ انہوں نے گوشت کے ٹکڑے کر کے ہانڈی میں ڈالے اور اس کے نیچے آگ جلائی۔ یہاں تک کہ گوشت اور روٹیاں پک گئیں۔ پھر انہوں نے روٹی کے ٹکڑے کیے اس کے اوپر گوشت اور گوشت کا شوربہ ڈالا۔ پھر وہ ہمارے پاس لائے اور ہمارے سامنے رکھ دیا۔ پس ہم نے کھایا اور یہاں تک کہ سیر ہو گئے۔ پھر مشکیزے کی طرف گئے وہ ہوا کی وجہ سے ٹھنڈا ہو گیا تھا۔ پانی کو برتن میں ڈالا پھر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیا، پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیا، انہوں نے پیا، پھر عمر رضی اللہ عنہ کو دیا انہوں نے پیا۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، ہم جب نکلے تھے تو بھوکے تھے جب واپس جانے لگے تو

Marfat.com

سیر ہو گئے ہیں۔ پھر فرمایا: قیامت کے دن اللہ پاک ضرور بضرور تم سے ان نعمتوں کے متعلق پوچھے گا۔ پھر آپ ﷺ نے واقفی سے کہا، کیا تمہارا خادم ہے کہ وہ تمہیں پانی پلائے؟ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ نہیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: جب ہمارے پاس قیدی آئیں تو ہمارے پاس آنا، ہم ایک خادم دیں گے۔ تھوڑی دیر ہی ٹھہرے تھے کہ آپ ﷺ کے پاس قیدی آئے۔ حضرت واقفی آئے، آپ ﷺ نے فرمایا: کس غرض کے لیے آئے ہو؟ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اس وعدہ کے پیش نظر جو آپ نے مجھ سے کیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ قیدی ہیں اٹھیے جس کو اختیار کرنا ہے اختیار کر لیجیے۔ حضرت واقفی نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! آپ میرے لیے پسند کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس غلام کو پکڑ اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ انہوں نے غلام لیا اور اس کو اپنی بیوی کے پاس لے کر آئے، اہلیہ نے کہا یہ کیا ہے (فرماتے ہیں) میں نے سارا قصہ بیان کیا۔ بیوی نے کہا تو نے کوئی بات کی تھی میں نے کہا ہاں میں نے عرض کی تھی کہ آپ جس غلام کو پسند فرمائیں۔ بیوی نے کہا تو نے اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ہے، انہوں نے کہا احسان کیا ہے؟ بیوی نے کہا کہ تو اس کو آزاد کر دے۔ انہوں نے کہا: میں نے اللہ کی رضا کے لیے اس کو آزاد کر دیا۔

74 - حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت ابی برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ابوبکر

حضرت ابوانس بن ابی عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اے ابومحمد رضی اللہ عنہ! ہم نہیں جانتے ہیں کہ یہ یمانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تم سے زیادہ جانتا ہے یا آپ رضی اللہ عنہ؟ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیثیں بیان کرتا ہے جو آپ رضی اللہ عنہ نے نہیں فرمائیں؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہم شک نہیں کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے یا نہیں سنا' وہ جانتے ہیں یا نہیں جانتے۔ ہم لوگ مال دار تھے ہمارے اپنے گھر تھے۔ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے صبح و شام، پھر ہم واپس آجاتے تھے۔ یہ مسکین آدمی تھا اس کے پاس مال بھی نہیں تھا' گھر والے بھی نہیں تھے۔ اس کا ہاتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ہوتا تھا۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہی رہتا تھا جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم جاتے تھے، ہم کو شک نہیں اس کو معلوم ہے یا جو ہم نہیں جانتے ہیں' اُنہوں نے سنا جو ہم نے نہیں سنا' ہم میں سے کوئی بھلائی نہیں پاتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیثیں بیان کرے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمائی ہیں، مراد اس سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔

633 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا الْخِضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابوانس بن ابی عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اے ابومحمد رضی اللہ عنہ!

632- انظر الحديث رقم: 636 .

633- أخرجه البزار . والبيهقي في السنن .

Marfat.com

اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَبِي عَامِرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، أَرَأَيْتَكَ هَذَا الْيَمَانِيَّ - أَوْ قَالَ: الْخِضْرَ: الْيَمَانِيَّ - هُوَ أَعْلَمُ بِحَدِيثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكُمْ - يَعْنِي أَبَا هُرَيْرَةَ - نَسْمَعُ مِنْهُ أَشْيَاءَ لَا نَسْمَعُهَا مِنْكُمْ؟ فَقَالَ: أَمَّا أَنْ يَكُونَ قَدْ سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ نَسْمَعْ فَلَا أَشُكُّ، وَسَأُخْبِرُكَ عَنْ ذَلِكَ، اِنَّا كُنَّا أَهْلَ بُيُوتٍ، وَكُنَّا اِنَّمَا نَأْتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً، وَكَانَ مِسْكِينًا لَا مَالَ لَهُ، اِنَّمَا هُوَ عَلَى بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَا أَشُكُّ أَنَّهُ قَدْ سَمِعَ مَا لَمْ نَسْمَعْ، وَهَلْ تَجِدُ أَحَدًا فِيهِ خَيْرٌ يَقُولُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ يَقُلْ؟

ہم نہیں جانتے ہیں کہ یہ یمانی رسول اللہ ﷺ کو تم سے زیادہ جانتا ہے یا آپ رضی اللہ عنہ؟ وہ رسول اللہ ﷺ کی وہ حدیثیں بیان کرتا ہے جو آپ رضی اللہ عنہ نے نہیں فرمائیں؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہم شک نہیں کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ سے سنا ہے یا نہیں سنا یا وہ جانتے ہیں جو ہم نہیں جانتے ہیں۔ ہم لوگ مال دار تھے ہمارے اپنے گھر تھے۔ ہم حضور ﷺ کے پاس آتے صبح و شام، پھر ہم واپس آجاتے تھے۔ یہ مسکین آدمی تھا اس کے پاس مال بھی نہیں تھا۔ یہ حضور ﷺ کے دروازے پر ہی رہتا تھا مجھے شک نہیں جو اس نے سنا ہم نے نہیں سنا ہے' کیا تم میں کوئی بھلائی پا سکتا ہے' تم میں کوئی اس میں بھلائی نہیں پا سکتا ہے کہ وہ حضور ﷺ کی وہ حدیثیں بیان کرے جو آپ ﷺ نے نہیں فرمائی ہیں۔

634 - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، وَحَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ تَعَجَّلَ صَدَقَةَ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ سَنَتَيْنِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کا دو سال کا صدقہ جلدی دے دیتے تھے۔

635 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ النِّيلِيُّ، حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

634- أخرجه مسلم في الفضائل' باب: وجوب امتثال ما قاله شرعًا دون ما ذكره من معايش الدنيا على سبيل الرأى . وأحمد جلد1صفحه162 . وابن ماجة في الرهون' باب: تلقيح النخل .

635- أخرجه أحمد جلد1صفحه161,28 . والحاكم جلد 3صفحه152,151 . وابن حبان كما في موارد الظمآن برقم:2 .

Marfat.com

حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: مَرَرْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَوْمٍ فِي رُءُوسِ النَّخْلِ فَقَالَ: مَا يَصْنَعُ هَؤُلَاءِ؟، قَالُوا: يُلَقِّحُونَهُ، فَيَجْعَلُونَ الذَّكَرَ فِي الْأُنْثَى فَيَتَلَقَّحُ، قَالَ: مَا أَظُنُّ ذَلِكَ يُغْنِي شَيْئًا فَأَخَذُوا بِذَلِكَ فَتَرَكُوهُ، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ فَقَالَ: إِنْ كَانَ يَنْفَعُهُمْ فَلْيَصْنَعُوهُ فَإِنِّي إِنَّمَا ظَنَنْتُ ظَنًّا، فَلَا تُؤَاخِذُونِي بِالظَّنِّ، وَلَكِنْ إِذَا أَخْبَرْتُكُمْ عَنِ اللّٰهِ بِشَيْءٍ فَخُذُوهُ، فَإِنِّي لَنْ أَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ شَيْئًا

حضور ﷺ ایک ایسی قوم کے پاس سے گزرے جو کھجوروں پر چڑھے ہوئے تھے، آپ ﷺ نے پوچھا: یہ لوگ کیا کر رہے ہیں؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! یہ نر کھجوروں کو مادہ کھجوروں کے ساتھ ملا رہے ہیں۔ مذکر کو مؤنث میں لگا رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا خیال ہے کہ یہ شے فائدے مند نہیں ہوگی۔ ان کو اس بات کی اطلاع ہوئی، انہوں نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ حضور ﷺ کو اس معاملہ کی اطلاع دی گئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر ان کو نفع ہوتا تھا تو وہ کریں' میں نے تو گمان کے مطابق کہا تھا' میرے گمان پر عمل نہ کرو لیکن جب میں اللہ کے حوالہ سے کسی شے کی خبر دوں تو اس کو پکڑو کیونکہ میں اللہ پر جھوٹ نہیں بولتا ہوں۔

فائدہ: اس سے مراد یہ ہے کہ میں خود بخود اپنی اٹکل پچو (اندازے) سے نہیں جانتا ہوں بلکہ اللہ کے دیئے ہوئے علم کے ساتھ بتاتا ہوں جس طرح کہ حدیث میں اشارہ ملتا ہے۔ تفصیل اگر دیکھنی ہو تو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ العزیز کی کتاب الدولۃ المکیۃ اور جاء الحق کو دیکھا جائے تو تسلی ہو جائے گی۔ غلام دستگیر سیالکوٹی غفرلہٗ

636 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ، يَقُولُ لِطَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ: مَا لِي أَرَاكَ شَعِثْتَ وَاغْبَرَرْتَ مُذْ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَعَلَّهُ أَنَّ مَا بِكَ إِمَارَةُ ابْنِ عَمِّكَ؟ قَالَ: فَقَالَ: مَعَاذَ اللّٰهِ: إِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُولُهَا رَجُلٌ يَحْضُرُهُ الْمَوْتُ إِلَّا وَجَدَ رُوحَهُ لَهَا رَوْحًا حَتَّى تَخْرُجَ مِنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کیا ہے کہ میں آپ کو دیکھتا ہوں کہ آپ کے بال بکھرے ہوئے اور جسم پر گردوغبار ہے، جب سے رسول اکرم ﷺ کا انتقال ہوا ہے، شاید آپ کو اپنے چچا زاد کی حکومت اچھی نہ معلوم ہوتی ہو؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی، اللہ کی پناہ! اصل مسئلہ یہ ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا تھا کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ

Marfat.com

جَسَدِهِ، وَكَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَمْ أَسْأَلْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا، وَلَمْ يُخْبِرْنِي بِهَا، فَذَاكَ الَّذِي دَخَلَنِي، قَالَ عُمَرُ: فَأَنَا أَعْلَمُهَا، قَالَ: فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ، فَمَا هِيَ؟ قَالَ: الْكَلِمَةُ الَّتِي قَالَهَا لِعَمِّهِ، قَالَ: صَدَقْتَ

میں ایسا کلمہ جانتا ہوں اگر کوئی اپنی موت کے وقت یہ کلمہ کہہ لے تو اس کی روح اس کی وجہ سے راحت پائے گی یہاں تک کہ جسم سے روح نکل جائے۔ قیامت کے دن اس کے لیے نور ہوگا۔ میں نے حضور ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا نہیں اور نہ ہی مجھے آپ ﷺ نے بتایا، اس وجہ سے میں پریشان ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس کلمہ کو جانتا ہوں۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں، وہ کیا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہی کلمہ جو آپ ﷺ نے اپنے چچا حضرت ابو طالب سے کہے تھے، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا، آپ نے سچ کہا۔

637 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ سُعْدَى، امْرَأَةِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَةً لَمْ أَسْأَلْهُ عَنْهَا حَتَّى مَاتَ، أَوْ قُبِضَ، قَالَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُولُهَا رَجُلٌ عِنْدَ مَوْتِهِ إِلَّا كَانَتْ لَهُ نُورًا فِي صَحِيفَتِهِ، وَإِنَّ رُوحَهُ وَجَسَدَهُ لَيَجِدَانِ لَهَا رَاحَةً عِنْدَ الْمَوْتِ فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّي لَأَعْلَمُهَا، هِيَ الْكَلِمَةُ الَّتِي أَرَادَ عَلَيْهَا عَمَّهُ، لَا أُرَاهَا إِلَّا إِيَّاهَا

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا تھا: میں ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر کوئی اپنی موت کے وقت یہ کلمہ کہہ لے اس کی روح اس کی وجہ سے راحت پائے گی یہاں تک کہ جسم سے روح نکل جائے گی۔ قیامت کے دن وہ کلمہ اس کے لیے نور ہوگا۔ میں نے حضور ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا نہیں اور نہ ہی مجھے آپ ﷺ نے بتایا، یہاں تک کہ آپ ﷺ کا وصال ہو گیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس کلمہ کو جانتا ہوں۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں، وہ کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہی کلمہ جو آپ ﷺ نے اپنے چچا حضرت ابو طالب سے کہے تھے، میرا خیال ہے' وہی ہے۔

637- صححه ابن حبان كما فى موارد الظمآن رقم:2 .

Marfat.com

638 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَنَّادُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أُمِّهِ سُعْدَى الْمُرِّيَّةِ قَالَتْ: مَرَّ عُمَرُ بِطَلْحَةَ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا لِي أَرَاكَ مُكْتَئِبًا؟، أَيَسُوؤُكَ إِمْرَةُ ابْنِ عَمِّكَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُولُهَا عِنْدَ مَوْتِهِ إِلَّا كَانَتْ نُورًا لِصَحِيفَتِهِ، وَإِنَّ جَسَدَهُ وَرُوحَهُ لَيَجِدَانِ لَهَا رَوْحًا عِنْدَ الْمَوْتِ فَقَالَ: أَنَا أَعْلَمُهَا، هِيَ الَّتِي أَرَادَ عَلَيْهَا عَمَّهُ، وَلَوْ عَلِمَ أَنَّ شَيْئًا أَنْجَى لَهُ مِنْهَا لَأَمَرَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا ہے کہ میں آپ رضی اللہ عنہ کو دیکھتا ہوں کہ آپ رضی اللہ عنہ کی حالت پریشان ہے، جب سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا ہے، شاید آپ رضی اللہ عنہ کو اپنے چچا زاد کی حکومت اچھی نہ معلوم ہوتی ہو۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: نہیں! بلکہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ایسا کلمہ جانتا ہوں اگر کوئی اپنی موت کے وقت یہ کلمہ کہہ لے اس کی روح اس کلمہ سے راحت پائے گی یہاں تک کہ جسم سے روح نکل جائے گی۔ قیامت کے دن اس کے لیے وہ کلمہ نور ہوگا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس کلمہ کو جانتا ہوں۔ وہی کلمہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت ابو طالب سے کہا تھا، اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس سے نجات دینے والی کوئی چیز جانتے تو انہیں اس کا حکم دیتے۔

639 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَالِمٍ الْمَكِّيِّ، أَنَّ أَعْرَابِيًّا، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ بِحَلُوبَةٍ لِي، فَنَزَلْتُ عَلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَقُلْتُ: إِنَّهُ لَا عِلْمَ

حضرت سالم المکی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی آدمی نے کہا کہ میں مدینہ شریف میں اپنی اونٹنی لایا۔ میں حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: مجھے بازار والوں کے متعلق کوئی

638- أخرجه البخاری فی البیوع' باب: لا بیع علٰی بیع أخیه' وباب: النهی عن تلقی الرکبان . ومسلم فی البیوع' باب: تحریم بیع الرجل علٰی بیع أخیه' باب: تحریم بیع الحاضر للبادی . والترمذی فی النکاح' باب: ما جاء فی ألا یخطب الرجل علٰی خطبة أخیه . والنسائی فی البیوع' باب: التلقی' باب: سوم الرجل علی بیع أخیه' وباب: النجش . وأبو داؤد فی النکاح باب: کراهیة أن یخطب الرجل علٰی خطبة أخیه' وفی الاجارة باب: النهی عن أن یبیع حاضر لباد' وفی البیوع . وابن ماجه فی التجارات'باب: لایبیع الرجل علٰی بیع أخیه .

639- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 163-164 .

Marfat.com

لِي بِأَهْلِ السُّوقِ، فَلَوْ بِعْتَ لِي، فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَلَكِنِ اذْهَبْ إِلَى السُّوقِ فَانْظُرْ مَنْ يُبَايِعُكَ فَشَاوِرْنِي حَتَّى آمُرَكَ أَوْ أَنْهَاكَ

پتا نہیں اگر آپ میرا سامان فروخت کریں۔ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ شہری دیہاتی کے لیے بیع کرے لیکن آپ بازار جا کر دیکھیں کہ کون آپ سے خریدتا ہے۔ مجھ سے مشورہ لے لینا یہاں تک کہ میں آپ رضی اللہ عنہ کو حکم دوں گا دینے کا یا آپ کو منع کر دوں گا۔

640 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا سَالِمٌ أَبُو النَّضْرِ، عَنْ شَيْخٍ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ قَالَ: جَلَسَ إِلَيَّ وَأَنَا فِي مَسْجِدِ الْبَصْرَةِ فِي زَمَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ يُوسُفَ، وَفِي يَدِهِ عَصَاهُ وَصَحِيفَةٌ يَحْمِلُهَا فِي يَدِهِ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، تَرَى هَذَا الْكِتَابَ نَافِعِي عِنْدَ صَاحِبِكُمْ هَذَا؟ قُلْتُ: وَمَا هَذَا الْكِتَابُ؟ قَالَ: كِتَابٌ كَتَبَهُ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: وَكَيْفَ كَتَبَهُ لَكُمْ؟ قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ مَعَ أَبِي، وَأَنَا غُلَامٌ شَابٌّ فِي إِبِلٍ جَلَبْنَاهَا إِلَى الْمَدِينَةِ لِنَبِيعَهَا، قَالَ: وَكَانَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ صَدِيقًا لِأَبِي فَنَزَلْنَا عَلَيْهِ، فَقَالَ أَبِي: أَبَا مُحَمَّدٍ، اخْرُجْ مَعَنَا فَبِعْ لَنَا ظَهْرَنَا، فَإِنَّهُ لَا عِلْمَ لَنَا بِهَذِهِ السُّوقِ، قَالَ: أَمَّا أَنْ أَبِيعَ لَكَ فَلَا، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَلَكِنْ سَأَخْرُجُ مَعَكُمَا إِلَى السُّوقِ، فَإِذَا رَضِيتُ لَكُمَا رَجُلًا مِمَّنْ يُبَايِعُكُمَا

حضرت سالم ابوالنضر روایت فرماتے ہیں کہ بنی تمیم کا ایک شیخ میرے پاس بیٹھا ہوا تھا اور میں بصرہ کی مسجد میں بیٹھا ہوا تھا' حجاج بن یوسف کے زمانہ میں اس کے ہاتھ عصا تھا اور ایک صحیفہ جو وہ اپنے ہاتھ میں لیے ہوئے تھے' اس نے کہا۔ اے عبداللہ! آپ یہ کتاب دیکھ رہے ہیں' کیا یہ مجھ کو تمہارے صاحب کے پاس نفع مند ہے؟ میں نے کہا: یہ کتاب کیا ہے؟ اس نے کہا: ایسی کتاب ہے کہ اس میں ہمارے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا ہے' میں نے کہا: کیا تمہارے لیے اس میں لکھا ہے؟ اس نے کہا: میں اپنے والد کے ساتھ مدینہ آیا' میں نوجوان تھا' ہم مدینہ میں اونٹ فروخت کرنے کے لیے آئے۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہ میرے والد کا دوست تھا' ہم ان کے گھر گئے' میرے والد نے کہا: ابومحمد! آپ ہمارے ساتھ نکلیں! آپ ہماری سواریاں فروخت کریں کیونکہ ہمیں اس بازار کے متعلق کوئی معلومات نہیں ہیں۔ حضرت طلحہ نے فرمایا: میں آپ کے لیے فروخت نہیں

640- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 161 . والترمذي في المناقب رقم الحديث: 3844' باب: مناقب عمرو بن العاص .

Marfat.com

أَمَرْتُكُمَا بِبَيْعِهِ، قَالَ: فَخَرَجْنَا وَخَرَجَ مَعَنَا، فَجَلَسَ فِي نَاحِيَةٍ مِنَ السُّوقِ، وَسَاوَمَنَا الرِّجَالُ بِظَهْرِنَا، حَتَّى إِذَا أَعْطَانَا رَجُلٌ مَا يُرْضِينَا أَتَيْنَاهُ فَاسْتَأْمَرْنَاهُ فِي بَيْعِهِ، فَقَالَ: نَعَمْ، فَبَايَعُوهُ فَقَدْ رَضِيتُ لَكُمَا وَفَاءَهُ وَمَلَأَهُ، قَالَ: فَبَايَعْنَاهُ، وَأَخَذْنَا الَّذِي لَنَا، فَقَالَ لَهُ أَبِي: خُذْ لَنَا كِتَابًا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يَتَعَدَّى عَلَيْنَا فِي صَدَقَاتِنَا، قَالَ: ذَاكَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، فَقُلْنَا: وَإِنْ كَانَ، قَالَ: فَمَشَى بِنَا فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ هَذَيْنِ يُحِبَّانِ أَنْ تَكْتُبَ لَهُمَا أَنْ لَا يُتَعَدَّى عَلَيْهِمَا فِي صَدَقَاتِهِمَا، قَالَ: ذَاكَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّهُمَا يُحِبَّانِ أَنْ يَكُونَ عِنْدَهُمَا مِنْكَ كِتَابٌ، قَالَ: فَكَتَبَ لَهُمَا هَذَا الْكِتَابَ، فَتَرَاهُ نَافِعِي عِنْدَ صَاحِبِكُمْ هَذَا، فَقَدْ وَاللَّهِ تَعَدَّى عَلَيْنَا فِي صَدَقَاتِنَا؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا أَظُنُّ وَاللَّهِ

کروں گا کیونکہ حضور ﷺ نے منع فرمایا ہے کہ شہری دیہاتی کے لیے کوئی شی فروخت کرے' لیکن میں آپ کے ساتھ بازار چلتا ہوں' جب میں تمہارے لیے راضی ہو جاؤں گا ایسے آدمی کے متعلق جس کو تم فروخت کر رہے ہو تو میں تمہیں اس کے لیے فروخت کرنے کا حکم دوں گا۔ ہم نکلے' آپ ہمارے ساتھ نکلے' مردوں نے ہماری سواریوں کی قیمت لگائی یہاں تک کہ جب ہم نے ایسے آدمی کو دیا جس کو دینے پر ہم راضی تھے تو ہم نے اس سے فروخت کرنے کی قیمت لگائی۔ حضرت طلحہ نے فرمایا: ٹھیک ہے! اس کو فروخت کرو' میں تمہارے لیے راضی ہوں' تم کو پورا دے گا' ہم نے اس کو فروخت کر دیا' ہم نے اس کے لیے جو ہم نے مقرر کیا تھا' اس کو میرے والد نے کہا: آپ ہمارے لیے رسول اللہ ﷺ کا خط لیں کہ ہم اپنے صدقات میں تجاوز نہ کریں۔ فرمایا: یہ ہر مسلمان کے لیے ہے۔ ہم نے کہا: اگر ہے تو آپ ہمارے ساتھ چلیں۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ دونوں پسند کرتے ہیں کہ آپ ان دونوں کے لیے لکھ دیں کہ ہم پر صدقات میں تجاوز نہ کی جائے۔ آپ نے فرمایا: یہ تو ہر مسلمان کے لیے ہے۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! دونوں پسند کرتے ہیں کہ ان دونوں کے پاس آپ کا خط ہو' اُن دونوں کو یہ خط لکھ دیا' آپ کے اس صاحب کے پاس مجھے نفع دیں' اللہ کی قسم! آپ نے ہم پر صدقات کے معاملہ میں تجاوز کیا ہے؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں گمان نہیں کرتا ہوں۔

Marfat.com

641 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْوَرْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي مُلَيْكَةَ، يَقُولُ: كَانَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: لَا أُخْبِرُكُمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ إِلَّا أَنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ مِنْ صَالِحِي قُرَيْشٍ، وَنِعْمَ أَهْلُ الْبَيْتِ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ وَأُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں آپ کو وہی خبر دوں گا جو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمرو بن العاص قریش کے صالحین سے ہیں، سب سے اچھے گھر والے ابوعبداللہ یا ام عبداللہ ہیں اور عبداللہ ہے۔

642 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْوَرْدِ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، قَالَ: قَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ مِنْ صَالِحِي قُرَيْشٍ، وَنِعْمَ أَهْلُ الْبَيْتِ عَبْدُ اللّٰهِ، وَأَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، وَأُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں آپ کو وہی خبر دوں گا جو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمرو بن العاص قریش کے صالحین سے ہیں، سب سے اچھے گھر والے ابوعبداللہ یا ام عبداللہ ہیں۔

643 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، قَالَ: قَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ مِنْ صَالِحِي قُرَيْشٍ، وَنِعْمَ أَهْلُ الْبَيْتِ عَبْدُ اللّٰهِ، وَأَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، وَأُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں آپ کو وہی خبر دوں گا جو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمرو بن العاص قریش کے صالحین سے ہیں، سب سے اچھے گھر والے ابوعبداللہ یا ام عبداللہ ہیں۔

644 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِي مُحَمَّدٌ يَعْنِي

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ دو آدمی مقام بُلی کے مسلمان ہوئے اُن میں سے ایک اللہ کی راہ

643- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 163,162 . وابن ماجه فى تعبير الرؤيا' باب: تعبير الرؤيا .

644- أخرجه البخارى فى فضائل الصحابة' باب: ذكر طلحة بن عبيد الله' وفى المغازى باب: (اذ همت طائفتان منكم أن تفشلا والله وليهما وعلى الله فليتوكل المؤمنون) . ومسلم فى فضائل الصحابة' باب: من فضائل طلحة والزبير .

Marfat.com

ابْنَ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ بُلِيٍّ أَسْلَمَا، فَقُتِلَ أَحَدُهُمَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَأُخِّرَ الْآخَرُ بَعْدَ الْمَقْتُولِ سَنَةً ثُمَّ مَاتَ، قَالَ طَلْحَةُ: رَأَيْتُ الْجَنَّةَ فِي الْمَنَامِ، فَرَأَيْتُ الْآخِرَ مِنَ الرَّجُلَيْنِ أُدْخِلَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَوَّلِ، فَأَصْبَحْتُ فَحَدَّثْتُ النَّاسَ بِذَلِكَ، فَبَلَغَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ صَامَ بَعْدَهُ رَمَضَانَ، وَصَلَّى بَعْدَهُ سِتَّةَ آلَافِ رَكْعَةٍ، وَكَذَا وَكَذَا رَكْعَةً؟

میں شہید کیا گیا' دوسرا مقتول کے ایک سال بعد تک زندہ رہا پھر وہ مرا۔ حضرت طلحہ فرماتے ہیں کہ میں نے جنت خواب میں دیکھی' میں نے دیکھا کہ دونوں آدمیوں سے دوسرا پہلے والے سے بھی پہلے جنت میں داخل ہو گیا ہے' میں نے صبح کی تو میں نے لوگوں کو یہ معاملہ بتایا' اس کے بعد یہ بات حضور ﷺ تک پہنچ گئی تو آپ نے فرمایا: کیا اس نے اس کے بعد رمضان کے روزے نہیں رکھے تھے' کیا اُس نے اس کے بعد ۶ ہزار رکعتیں نہیں پڑھی ہیں اور اتنی اتنی رکعتیں؟

645 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ، قَالَ: لَمْ يَبْقَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي تِلْكَ الْأَيَّامِ الَّتِي كَانَ يُقَاتِلُ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ طَلْحَةَ وَسَعْدٍ، عَنْ حَدِيثِهِمَا

حضرت معتمر بن سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ سے سنا کہ ہم کو ابو عثمان رضی اللہ عنہ نے بتایا ان دنوں میں حضور ﷺ کے ساتھ جنگ میں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور سعد رضی اللہ عنہ کے علاوہ کوئی نہیں تھا۔

646 - وَحَدَّثَنَا عِدَّةٌ، عَنْ مُعْتَمِرٍ، بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

حضرت معتمر رضی اللہ عنہ اپنی سند کے ساتھ اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

647 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ يَحْيَى، وَعِيسَى ابْنَيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِمَا، قَالَ: مُرَّ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعِيرٍ قَدْ وُسِمَ فِي وَجْهِهِ فَقَالَ: لَوْ أَنَّ أَهْلَ هَذَا الْبَعِيرِ عَزَلُوا النَّارَ عَنْ هَذِهِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا گزر ایک اونٹ کے پاس سے ہوا، اس کے چہرے کو داغا گیا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر اس اونٹ کے مالک اس جانور کو آگ سے جدا رکھتے؟ طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول

646- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8 صفحه109-110 الى المصنف .

647- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه162 . والنسائي في الافتتاح' باب: نوع آخر من الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم

Marfat.com

الدَّابَّةِ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: لَأَسِمَنَّ فِي أَبْعَدِ مَكَانٍ مِنْ وَجْهِهَا، قَالَ: فَوَسَمْتُ فِي عَجْبِ الذَّنَبِ

اللہ ﷺ! میں چہرے کے علاوہ کسی اور جگہ پر داغا کروں؟ فرماتے: میں نے دَم سے اس کو داغا۔

648 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُجَمِّعُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَدْ عَلِمْنَا كَيْفَ السَّلَامُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ الصَّلَاةُ؟ قَالَ: " قُولُوا: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ"

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ ہم آپ ﷺ پر سلام کا طریقہ تو جانتے ہیں' درود کس طرح بھیجیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس طرح بھیجو: ''اللّٰھم صلی علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد الیٰ آخرہٖ''۔

649 - حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا مُجَمِّعُ بْنُ يَحْيَى الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَوْهَبٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ الصَّلَاةُ عَلَيْكَ؟ فَقَالَ: قُلِ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! ہم آپ ﷺ پر درود کس طرح بھیجیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس طرح بھیجو: ''اللّٰھم صل علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد الیٰ آخرہٖ''۔

650 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَزَّازُ، وَغَيْرُهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ، بِإِسْنَادِهِ

حضرت محمد بن بشر اپنی سند کے ساتھ اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

650- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 161 .

Marfat.com

نَحْوَهُ

651 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا أَبُو زُبَيْدٍ عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: رَأَى عُمَرُ، طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَزِينًا فَقَالَ: مَا لِكَ؟ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَاتٍ لَا يَقُولُهُنَّ عَبْدٌ عِنْدَ الْمَوْتِ إِلَّا نُفِّسَ عَنْهُ، وَأَشْرَقَ لَوْنُهُ، وَرَأَى مَا يَسُرُّهُ فَمَا مَنَعَنِي أَنْ أَسْأَلَهُ عَنْهَا إِلَّا الْقُدْرَةُ عَلَيْهَا، فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّي لَأَعْلَمُ مَا هِيَ، قَالَ طَلْحَةُ: مَا هِيَ؟ قَالَ: هَلْ تَعْلَمُ كَلِمَةً هِيَ أَفْضَلُ مِنْ كَلِمَةٍ دَعَا إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّهُ عِنْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَ طَلْحَةُ: هِيَ وَاللّٰهِ هِيَ، قَالَ عُمَرُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

حضرت یحییٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت طلحہ بن عبیداللہ کو پریشان دیکھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پریشانی کی وجہ کیا ہے؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں ایسے کلمات جانتا ہوں کہ جو بندہ موت کے وقت ان کلمات کو پڑھ لیتا ہے' اس کو خوشی دی جاتی ہے' اس کا رنگ چمک جاتا ہے' اس میں وہ آسانی دیکھتا ہے' مجھے پوچھنے سے کوئی رکاوٹ نہیں تھی مگر میں اس پر قادر تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں وہ جانتا ہوں کہ وہ کیا ہے؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وہ کیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ کو ایسے کلمہ کے متعلق معلوم ہے جو افضل ہے اس کلمہ سے' آپ نے اپنے چچا کو اُن کی وفات کے وقت پیش کیا تھا؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وہی ہے' اللہ کی قسم! وہی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لا الٰہ الا اللہ۔

652 - حَدَّثَنَا مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، حَدَّثَنَا شَيْخٌ، لَنَا، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُحِلٍّ أَصَابَ صَيْدًا أَيَأْكُلُهُ الْمُحْرِمُ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ جو آدمی حالتِ احرام میں نہیں ہے اس کا شکار کھانے کے متعلق کہ کیا اس کو محرم کھا سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔

653 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ جو آدمی حالت احرام

651,652- قارن بالحديث رقم: 635 و 658 .

Marfat.com

الْمُنْكَدِرِ، حَدَّثَنَا شَيْخٌ لَنَا، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُحِلٍّ أَصَابَ صَيْدًا، أَيَأْكُلُهُ الْمُحْرِمُ؟ قَالَ: نَعَمْ

میں نہیں ہے' اس کا شکار کھانے کے متعلق کہ کیا اس کو محرم کھا سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں!

654 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُثْمَانَ، قَالَ: خَرَجْنَا حُجَّاجًا مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، وَأُتِينَا بِصَيْدٍ، فَأَكَلَ بَعْضُنَا وَتَرَكَ بَعْضٌ، فَقَامَ مِنْ نَوْمَتِهِ، وَكَانَ نَائِمًا، فَأَخْبَرْنَاهُ، فَقَالَ: أَحْسَنَ مَنْ أَكَلَ، قَدْ أَكَلْنَاهُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عثمان فرماتے ہیں کہ ہم حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کے لیے نکلے' ہمارے پاس شکار کا گوشت لایا گیا' ہم میں سے بعض نے کھایا اور بعض نے نہیں کھایا' حضرت طلحہ اپنی نیند سے بیدار ہوئے تو ہم نے آپ کو بتایا' حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس نے کھایا اچھا کیا' بے شک ہم نے اس کو حضور ﷺ کے ساتھ کھایا تھا۔

655 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مَنْ حَدَّثَهُ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَاهَرَ يَوْمَ أُحُدٍ بَيْنَ دِرْعَيْنِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ احد کے دن دو زرہوں کے درمیان ظاہر ہوئے۔

656 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ، يُقَالُ لَهُ: مُعَاذُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَاهَرَ يَوْمَ أُحُدٍ بَيْنَ دِرْعَيْنِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ احد کے دن دو زرہوں کے درمیان ظاہر ہوئے۔

657 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

654- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه108 الى المصنف .

655- أخرجه أحمد جلد3صفحه449 . وأبو داؤد في الجهاد باب: في لبس الدروع .

656- أخرجه أحمد جلد 1صفحه162 . والترمذي في الدعوات ' باب: ما يقول عند رؤية الهلال . والدارمي في الصوم' باب: ما يقال عند رؤية الهلال . وصححه الحاكم في المستدرك جلد4صفحه285 .

Marfat.com

الْمَلِكِ بْنِ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا بِلَالُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى الْهِلَالَ قَالَ: اللَّهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، رَبِّي وَرَبُّكَ اللّٰهُ

حضور ﷺ جب چاند دیکھتے تھے تو یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم اھلہ الیٰ آخرہٖ''۔

658 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَظَرَ إِلَى الْهِلَالِ قَالَ: اللَّهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، رَبِّي وَرَبُّكَ اللّٰهُ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب چاند دیکھتے تھے تو یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم اھلہ الیٰ آخرہٖ''۔

659 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ مُوسَى، وَعِيسَى ابْنَيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِمَا، أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا لِأَعْرَابِيٍّ جَاءَ يَسْأَلُهُ عَمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ: مَنْ هُوَ؟ فَكَانُوا لَا يَجْتَرِئُونَ عَلَى مَسْأَلَتِهِ يُوَقِّرُونَهُ وَيَهَابُونَهُ، قَالَ: فَسَأَلَهُ الْأَعْرَابِيُّ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ إِنِّي اطَّلَعْتُ مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ، وَعَلَيَّ ثِيَابٌ خُضْرٌ، فَلَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

حضرت موسیٰ اور عیسیٰ طلحہ کے بیٹے دونوں اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب دیہاتی سے کہتے: آپ جائیں' آپ سے پوچھیں جنہوں نے اپنی منت پوری کی ہے کہ وہ کون ہے؟ صحابہ کرام مسائل پوچھنے میں آپ سے جرأت نہیں کرتے تھے' آپ کی تعظیم کرتے اور آپ سے ڈرتے تھے۔ دیہاتی نے آپ سے پوچھا: آپ نے اس سے اعراض فرمایا' پھر اس نے پوچھا تو آپ نے اعراض فرمایا' پھر میں اس حالت میں مسجد میں آیا کہ مجھ پر سبز کپڑے تھے' جب

658- أخرجه الترمذی' باب: مناقب طلحة'باب: طلحة ممن قضٰی نحبه . وابن ماجه فی المقدمة'باب: فضل طلحة . والضياء المقدسی فی المختارة وابن سعد فی الطبقات وأبی نعيم فی حلية الأولياء . وصححه الحاكم فی المستدرك جلد2صفحه415-416 .

659- مرّ تخريجه رقم:630 .

Marfat.com

أَيْنَ السَّائِلُ عَمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ؟ قَالَ الْأَعْرَابِيُّ: أَنَا، يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: هَذَا مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ

حضور ﷺ نے مجھے دیکھا تو آپ نے فرمایا: سوال کرنے والا کہاں ہے جس نے پوچھا ہے کہ منت کس نے پوری کی ہے؟ دیہاتی نے عرض کی: میں ہوں! یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: یہ وہ ہے جس نے منت پوری کی ہے۔

660 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلْيَجْعَلْ بَيْنَ يَدَيْهِ مِثْلَ آخِرَةِ الرَّحْلِ، ثُمَّ يُصَلِّي وَلَا يُبَالِي مَنْ مَرَّ وَرَاءَ ذَلِكَ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نماز پڑھتے تھے، جانور ہمارے آگے گزرتے تھے۔ ہم نے اس بات کا ذکر حضور ﷺ کے سامنے کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کجاوہ کی مثل آگے رکھ لیا کرو، جو آگے سے گزرے گا وہ نقصان نہیں دے گا۔

661 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، حَدَّثَنَا شَيْخٌ، مِنْ بَنِي زُهْرَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيقٌ، وَرَفِيقِي عُثْمَانُ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کا کوئی ساتھی ہوتا ہے، میرا ساتھی عثمان ہے یعنی جنت میں۔

مُسْنَدِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

مسند حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

662 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ يَعْقُوبُ بْنُ

حضرت ابو جرو المازنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

660- أخرجه الترمذی فی المناقب' باب: رفيق النبی صلی اللّٰه عليه وسلم فی الجنة .

661- عزاه الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد7صفحه235' وابن حجر فی المطالب العالية الی المصنف .

662- أخرجه البخاری فی العلم' باب: اثم من كذب علی النبی صلی اللّٰه عليه وسلم . وأحمد جلد 1صفحه167,165 . وأبو داؤد فی العلم' باب: التشديد فی الكذب علی رسول اللّٰه صلی اللّٰه

Marfat.com

اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُسْلِمٍ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِي جِرْوٍ الْمَازِنِيِّ، قَالَ: شَهِدْتُ عَلِيًّا وَالزُّبَيْرَ حِينَ تَوَاقَفَا، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: يَا زُبَيْرُ، أَنْشُدُكَ اللّٰهَ أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّكَ تُقَاتِلُ وَأَنْتَ ظَالِمٌ لِي قَالَ: نَعَمْ، وَلَمْ أَذْكُرْ اِلَّا فِي مَوْقِفِي هَذَا، ثُمَّ انْصَرَفَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا۔ جس وقت دونوں نے موافقت کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت زبیر کو کہا: اے زبیر! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ تم قتل کرو گے، آپ رضی اللہ عنہ مجھ پر ظلم کرنے والے ہوں گے؟ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے ذکر نہیں کیا مگر اس میں میری موافقت فرمائی پھر آپ چلے گئے۔

663 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَامِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي الزُّبَيْرِ: مَا لَكَ لَا تُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا يُحَدِّثُ عَنْهُ فُلَانٌ وَفُلَانٌ؟ قَالَ: مَا فَارَقْتُهُ مُنْذُ أَسْلَمْتُ، وَلَكِنْ سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً، سَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے ابوزبیر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ کو کیا ہے کہ آپ فلاں کی طرح رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان نہیں کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: میں جب سے آپ ﷺ پر ایمان لایا ہوں آپ ﷺ سے جدا نہیں ہوا ہوں لیکن میں نے آپ ﷺ سے ایک بات سنی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے آپ ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے، اس کو چاہیے کہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

664 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''بیشک آپ نے انتقال فرمانا ہی ہے، ان کو

علیه وسلم ۔ وابن ماجه فی المقدمة' باب: التغلیظ فی تعمد الکذب علی رسول الله صلی الله علیه وسلم ۔ وابن سعد فی الطبقات ۔

663- أخرجه أحمد جلد 1صفحه167 ۔ والترمذی فی التفسیر'باب: ومن سورة الزمر ۔ والحمیدی برقم ۔ والطبری فی التفسیر ۔ وأبو نعیم فی حلیة الاولیاء ۔ والحاکم فی المستدرك جلد2صفحه435 ۔

664- أخرجه البخاری فی الأدب المفرد ۔ ومسلم فی الایمان ۔ وأحمد جلد 1صفحه167,165 ۔ والترمذی فی صفة القیامة'باب: سوء ذات البین هی الحالقة ۔ وأبو داؤد فی الأدب'باب: فی اصلاح ذات البین ۔ وابن ماجه فی المقدمه' وفی الأدب باب: افشاء السلام ۔ والبزار برقم ۔

Marfat.com

الـرَّحْـمَنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الـزُّبَيْـرِ، قَـالَ: لَـمَّـا نَـزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (اِنَّكَ مَيِّتٌ وَاِنَّهُـمْ مَيِّتُونَ) (الـزمر:30)، قَـالَ الـزُّبَيْـرُ: يَا رَسُـولَ الـلَّـهِ، أَيُكَرَّرُ عَلَيْنَا مَا يَكُونُ بَيْنَنَا فِي الدُّنْيَا مَـعَ خَـوَاصِّ الـذُّنُوبِ؟ قَالَ: نَعَمْ، لَيُكَرَّرَنَّ عَلَيْكُمْ حَتَّى يُرَدَّ اِلَى كُلِّ ذِي حَقٍّ حَقُّهُ

بھی مرنا ہے''۔ حضرت زبیر نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم پر دنیا میں جو تکرار ہوتا ہے خاص گناہوں کے ساتھ؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! تم پر ضرور تکرار ہو گا یہاں تک کہ تم ہر حق والے کا حق دے دو۔

665 - حَـدَّثَـنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْـعَـقَدِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيـرٍ، عَـنْ يَعِيشَ بْنِ الْوَلِيدِ، أَنَّ مَوْلًى، لِآلِ الزُّبَيْرِ حَـدَّثَـهُ، عَنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ قَالَ: " دَبَّ اِلَيْـكُـمْ دَاءُ الْأُمَـمِ قَبْـلَكُمْ: الْـحَسَدُ وَالْبَغْضَاءُ، وَهِيَ الْحَالِقَةُ، لَا أَقُولُ: حَالِقَةُ الشَّـعَـرِ، وَلَكِنْ حَالِقَةُ الدِّيْنِ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَـدِهِ لَا تَـدْخُـلُـوا الْـجَنَّةَ حَتَّى تُؤْمِنُوا، وَلَا تُؤْمِنُوا حَتَّـى تَـحَـابُّـوا، أَلَا أُنَبِّـئُـكُمْ بِمَا يُثْبِتُ ذَلِكَ لَكُمْ؟ أَفْشُوا السَّلَامَ"

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں پہلے لوگوں کی عادتیں سرایت کریں گی' ان لوگوں میں حسد اور بغض تھا، تم میں بھی ہو گا۔ یہ کاٹنے والی ہے' میں نہیں کہتا کہ یہ بال کاٹنے والی ہے لیکن یہ دین کو کاٹنے والی ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! تم جنت میں داخل نہیں ہو گے یہاں تک کہ تم ایمان لاؤ، تم ایمان والے نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ تم محبت کرو آپس میں، کیا تم کو بتاؤں جس سے تمہارے اندر محبت پیدا ہو، سلام آپس میں عام کرو۔

666 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَـدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْـنُ عَبَّـادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْـنِ الـزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَئِذٍ: أَوْجَبَ طَـلْـحَةُ حِيـنَ صَنَعَ بِرَسُولِ اللّٰهِ مَا صَنَعَ، قَالَ ابْنُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ایک دن طلحہ کے لیے واجب ہو گئی جس وقت رسول اللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا' جو کیا۔ ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اُحد کے دن ایک پہاڑ کی چٹان کی طرف اُٹھے تا کہ اس پر بلند ہوں' آپ کے جسم اطہر پر دو زرہیں تھیں' جب

665- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 165 . والترمذي في المناقب' باب: مناقب طلحة' وفي الجهاد . وابن هشام . وابن سعد في الطبقات . والحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 374 .

666- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 66 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد أيضًا الى: الطبراني في الكبير .

Marfat.com

اِسْحَاقَ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ نَهَضَ اِلَى صَخْرَةٍ مِنَ الْجَبَلِ لِيَعْلُوَهَا، وَكَانَ قَدْ بَدَّنَ وَظَاهَرَ بَيْنَ دِرْعَيْنِ، فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَنْهَضَ فَلَمْ يَسْتَطِعْ جَلَسَ تَحْتَهُ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَنَهَضَ حَتَّى اسْتَوَى عَلَيْهَا

آپ چلے تاکہ اُس پر کھڑے ہوں تو آپ کھڑے ہونے کی طاقت نہیں رکھتے تھے' آپ کے نیچے طلحہ بن عبیداللہ بیٹھ گئے' آپ کھڑے ہو گئے یہاں تک کہ سیدھے اس پر کھڑے ہو گئے۔

667 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِى، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَطَاءِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلَى الزُّبَيْرِ، عَنْ أُمِّهِ، وَجَدَّتِهِ أُمِّ عَطَاءٍ، قَالَتَا: وَاللّٰهِ لَكَأَنَّنَا نَنْظُرُ اِلَى الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ حِينَ أَتَانَا عَلَى بَغْلَةٍ لَهُ بَيْضَاءَ، فَقَالَ: يَا أُمَّ عَطَاءٍ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهَى الْمُسْلِمِينَ أَنْ يَأْكُلُوا لُحُومَ نُسُكِهِمْ فَوْقَ ثَلَاثٍ، فَلَا تَأْكُلِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، بِأَبِى أَنْتَ وَأُمِّى كَيْفَ نَصْنَعُ بِمَا أُهْدِىَ لَنَا؟ قَالَ: مَا أُهْدِىَ لَكُمْ فَشَأْنُكُمْ بِهِ

حضرت عبداللہ بن عطاء بن ابراہیم مولیٰ زبیر اپنی والدہ اور اپنی نانی کی والدہ اُم عطاء سے روایت کرتے ہیں' دونوں فرماتی ہیں: اللہ کی قسم! گویا ہم زبیر بن عوام کی طرف دیکھ رہی ہیں' جب آپ ہمارے پاس اپنے سفید خچر پر آئے' اس کے بعد فرمایا: اے اُم عطاء! بے شک حضور ﷺ نے مسلمانوں کو منع فرمایا ہے کہ وہ اپنی قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ کھائیں' پس تُو نہ کھا۔ فرمایا: میں نے عرض کی کہ اے اللہ کے نبی! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! ہم کیا کریں جو ہم کو ہدیہ دیا جائے؟ فرمایا: جو تمہیں ہدیہ دیا جائے' وہ تمہارا ہے۔

668 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: جَمَعَ لِى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میرے لیے احد کے دن اپنے ماں باپ کو جمع کیا۔

667- أخرجه أحمد جلد 1صفحه164 . والترمذى فى المناقب' باب: مناقب الزبير . وابن ماجه فى المقدمة' باب: فضل الزبير .

668- أخرجه البخارى فى فضائل الصحابة' باب: مناقب الزبير بن العوام . ومسلم فى فضائل الصحابة' باب: فضائل طلحة والزبير . وأحمد جلد 1صفحه166,164 .

Marfat.com

669 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ أَبُو عَامِرٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ ابْنَ الزُّبَيْرِ، قَالَ لَهُ: يَا أَبَهْ لَقَدْ رَأَيْتُكَ تَحْمِلُ عَلَى فَرَسِكَ الْأَشْقَرِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، قَالَ: رَأَيْتَنِي يَا بُنَيَّ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ لَيَجْمَعُ لِأَبِيكَ أَبَوَيْهِ، يَقُولُ: ارْمِ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ سے کہا: اے میرے باپ! میں نے آپ کو اشقر کے گھوڑے پر سوار دیکھا تھا خندق کے دن۔ حضرت زبیر نے فرمایا: اے میرے بیٹے! آپ نے مجھے دیکھا تھا؟ حضرت ابن زبیر نے کہا: جی ہاں۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن تیرے باپ کے لیے اپنے ماں باپ کو جمع کیا تھا، فرمایا تھا: پھینکو! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔

670 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، وَإِسْحَاقُ، قَالَا: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ وَبَرَةَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي الزُّبَيْرِ: مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تُحَدِّثَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا يُحَدِّثُ عَنْهُ أَصْحَابُهُ؟ قَالَ: لَقَدْ كَانَ لِي مِنْهُ وَجْهٌ وَمَنْزِلَةٌ، وَلَكِنْ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے ابو زبیر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ رضی اللہ عنہ کو کیا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فلاں کی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان نہیں کرتے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں جب سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جدا نہیں ہوا ہوں لیکن میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک بات سنی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے، اس کو چاہیے کہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

669- أخرجه أبو داؤد فی العلم' باب: التشديد فی الكذب علىٰ رسول الله صلى الله عليه وسلم .

670- أخرجه البخاری فی البيوع'باب: كسب الرجل من عمل يده' وفی الزكاة باب: الاستعفاف عن المسألة . ومسلم فی الزكاة باب: كراهية المسألة للناس . وأحمد جلد 1صفحه167,164' وجلد2صفحه 300, 284,257 . والترمذی فی الزكاة' باب: ما جاء فی النهی عن المسألة . والنسائی فی الزكاة' باب: الاستعفاف عن المسألة . وابن ماجه فی الزكاة' باب: كراهة المسألة . ومالك فی الموطأ فی الصدقة' باب: ما جاء فی التعفف .

Marfat.com

671 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ أَحْبُلَهُ ثُمَّ يَأْتِيَ الْجَبَلَ فَيَأْتِيَ بِحُزْمَةٍ مِنْ حَطَبٍ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيعَهَا فَيَسْتَغْنِيَ بِثَمَنِهَا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوهُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی رسّی پکڑے پھر پہاڑ پر آئے، لکڑیوں کا گٹھا اپنی پیٹھ پر لائے، اس کو فروخت کرے، اس سے پیسے حاصل کرنے اس کے لیے بہتر ہے کہ لوگوں سے مانگتا پھر اس کو دیں یا نہ دیں۔

672 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ) (التكاثر:**8**)، قَالَ الزُّبَيْرُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَأَيُّ نَعِيمٍ نَحْنُ فِيهِ، وَإِنَّمَا هُمَا الْأَسْوَدَانِ؟ قَالَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''تم سے ضرور اس دن نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا'' (التکاثر:۸) حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سی نعمتیں جو ہم میں ہیں، وہ صرف دو کالیاں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ہوں گی۔

673 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: " كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو خطبہ دیتے اور اللہ کے دن یاد کرواتے، یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے پہچان لیتے کہ گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی لشکر سے ڈرا رہے ہیں۔ اور فرماتے: تم نے اپنے

671- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 164 . والترمذى فى التفسير' باب: ومن سورة (الهاكم) . وابن ماجه فى الزهد'باب: معيشة اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم . والحميدى برقم وانظر الدر المنثور جلد 6 صفحه 388 .

672- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 167 . وعزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 188 الى البزار' والطبرانى فى الكبير والأوسط بنحوه .

673- أنظر: البخارى فى الجهاد'باب: الغدوة والروحة فى سبيل الله . ومسلم فى الامارة'باب: فضل الغدوة والروحة فى سبيل الله . والترمذى فى فضائل الجهاد' باب: ما جاء فى فضل الغدوة والروحة . والنسائى فى الجهاد'باب: فضل غدوة فى سبيل الله . وعزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 285 الى البزار .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُنَا وَيُذَكِّرُنَا بِأَيَّامِ اللَّهِ، حَتَّى يُعْرَفَ ذَلِكَ فِي وَجْهِهِ، كَأَنَّهُ مُنْذِرُ جَيْشٍ يَقُولُ: صَبَّحَكُمُ الْأَمْرُ غُدْوَةً، قَالَ: وَكَانَ إِذَا كَانَ حَدِيثَ عَهْدٍ بِجِبْرِيلَ لَمْ يَتَبَسَّمْ ضَاحِكًا حَتَّى يُرْفَعَ عَنْهُ"

کام صبح کرنے ہیں' اور فرمایا: جب جبریل علیہ السلام کوئی نئی بات لے کر آتے تو مسکراتے نہ تھے یہاں تک کہ جبریل آپ کے پاس سے چلے جاتے۔

674 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ صَفْوَانَ الْمُزَنِيُّ، أَخْبَرَنَا عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غُدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح وشام اللہ کی راہ میں کرنی دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

675 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَلَيٍّ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ الْمِصِّيصِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ عُمَرَ الْأَيْلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ جَدَّتِهِ أُمِّ عَطَاءٍ، مَوْلَاةِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَتْ: سَمِعْتُ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ، يَقُولُ: لَمَّا نَزَلَتْ (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ) (الشعراء: 214) صَاحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي قُبَيْسٍ: يَا آلَ عَبْدِ مَنَافٍ، إِنِّي نَذِيرٌ فَجَاءَتْهُ قُرَيْشٌ، فَحَذَّرَهُمْ وَأَنْذَرَهُمْ، فَقَالُوا: تَزْعُمُ أَنَّكَ نَبِيٌّ يُوحَى إِلَيْكَ، وَأَنَّ سُلَيْمَانَ سُخِّرَ لَهُ الرِّيحُ وَالْجِبَالُ، وَأَنَّ مُوسَى سُخِّرَ لَهُ الْبَحْرُ، وَأَنَّ عِيسَى

حضرت عبداللہ بن عطا بن ابراہیم اپنی دادی اُم عطاء' زبیر بن عوام کی لونڈی فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اپنے رشتہ داروں کو ڈرائیں''۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جبل ابی قبیس پر آواز دی: اے آل عبد مناف! میں ڈرانے والا ہوں، قریش آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو ڈرایا۔ قریش کے لوگ کہنے لگے، آپ کا خیال ہے کہ آپ نبی ہیں' آپ کی طرف وحی آتی ہے (دیکھو) حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع ہوا اور پہاڑ کر دیئے گئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے سمندر تابع کر دیا گیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ کرتے تھے' آپ

674- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه85 . الى المصنف' وأضاف السيوطي في الدر المنثور .

675- أخرجه أحمد جلد 1صفحه167,164 وقارن: البخاري في المغازي باب: غزوة الحديبية . ومسلم في الجمعة' باب: صلاة الجمعة حين تزول الشمس . والنسائي في الجمعة' باب: وقت الجمعة . وأبو داؤد في الصلاة'باب: في وقت الجمعة .

Marfat.com

كَانَ يُحْيِي الْمَوْتَى؟، فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُسَيِّرَ عَنَّا هَذِهِ الْجِبَالَ، وَيُفَجِّرَ لَنَا الْأَرْضَ أَنْهَارًا، فَنَتَّخِذَهَا مَحَارِثَ فَنَزْرَعَ وَنَأْكُلَ، وَإِلَّا فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُحْيِيَ لَنَا مَوْتَانَا فَنُكَلِمَهُمْ وَيُكَلِّمُونَا، وَإِلَّا فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُصَيِّرَ هَذِهِ الصَّخْرَةَ الَّتِي تَحْتَكَ ذَهَبًا فَنَنْحَتَ مِنْهَا وَيُغْنِينَا عَنْ رِحْلَةِ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ، فَإِنَّكَ تَزْعُمُ أَنَّكَ كَهَيْئَتِهِمْ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ حَوْلَهُ إِذْ نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ: " وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ أَعْطَانِي مَا سَأَلْتُمْ، وَلَوْ شِئْتُ لَكَانَ، وَلَكِنَّهُ خَيَّرَنِي بَيْنَ أَنْ تَدْخُلُوا مِنْ بَابِ الرَّحْمَةِ، فَيُؤْمِنُ مُؤْمِنُكُمْ، وَبَيْنَ أَنْ يَكِلَكُمْ إِلَى مَا اخْتَرْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ فَتَضِلُّوا عَنْ بَابِ الرَّحْمَةِ وَلَا يُؤْمِنُ مُؤْمِنُكُمْ، فَاخْتَرْتُ بَابَ الرَّحْمَةِ فَيُؤْمِنُ مُؤْمِنُكُمْ، وَأَخْبَرَنِي: إِنْ أَعْطَاكُمْ ذَلِكَ ثُمَّ كَفَرْتُمْ أَنَّهُ مُعَذِّبُكُمْ عَذَابًا لَا يُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ " فَنَزَلَتْ (وَمَا مَنَعَنَا أَنْ نُرْسِلَ بِالْآيَاتِ إِلَّا أَنْ كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ) (الاسراء : 59) حَتَّى قَرَأَ ثَلَاثَ آيَاتٍ، وَنَزَلَتْ (وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَى) (الرعد: 31) ، الْآيَةُ

اللہ سے دعا کریں کہ یہ پہاڑ ہمارے ساتھ چلیں! ہماری زمین سے نہریں بہیں' ہم کھیت چلائیں' ہم کھیتی اُگائیں اور ہم کھائیں' ورنہ اللہ سے دعا کریں کہ ہمارے مُردوں کو زندہ کرے' ہم اُن سے کلام کریں تو وہ ہم سے کلام کریں' ورنہ اللہ سے دعا کریں کہ یہ چٹان جو آپ کے نیچے ہے وہ سونا ہو جائے' ہم اس کو کھودیں' ہم گرمیوں و سردیوں میں سواری چلانے سے بے نیاز ہو جائیں' آپ گمان کرتے ہیں اس طرح کرنے کا' ہم آپ کے اردگرد ہیں۔ اچانک آپ پر وحی آنا شروع ہوگئی' جب وحی ختم ہوئی تو آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! بے شک اللہ نے مجھے عطا کیا ہے جو تم نے مانگا ہے' اگر میں چاہوں تو ہو جائے گا لیکن مجھے اختیار دیا گیا ہے کہ تم رحمت کے دروازے سے داخل ہو' تمہارے مؤمن ایمان لائیں اور اس کے درمیان تم اختیار کرو اپنے لیے وہ رحمت کے دروازے سے گمراہ ہو جائیں گے اور تمہارے مؤمن ایمان نہیں لائیں گے' میں نے رحمت کا دروازہ اختیار کیا' تمہارے مؤمن ایمان لائیں گے' مجھے بتایا کہ اگر میں آپ کو عطا کروں' پھر تم نے انکار کیا تو تم کو ایسا عذاب دوں گا کہ ایسا عذاب جہان والوں میں سے کسی کو نہیں دیا ہوگا' اس کے بعد یہ آیت نازل ہوئی: ''وَمَا مَنَعَنَا الٰی آخرہٖ'' یہ آیتیں آپ نے تین مرتبہ پڑھیں' اس کے بعد یہ آیت نازل ہوئی: ''وَلَوْ اَنَّ قُرْآنًا الٰی آخرہٖ''۔

676 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم

عَلَيْكُمُ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَمَا أَنَا بِآمِرِكُمْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا فَعَلْتُمُوهُ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَإِنِّي أَعْزِمُ عَلَيْكُمْ بِحَقِّي وَطَاعَتِي إِلَّا تَوَاثَبْتُمْ فِي هَذِهِ النَّارِ، قَالَ: فَقَامَ نَاسٌ فَتَحَجَّزُوا، حَتَّى إِذَا ظَنَّ أَنَّهُمْ وَاثِبُونَ فِيهَا قَالَ: أَمْسِكُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ، وَإِنَّمَا كُنْتُ أَضْحَكُ مَعَكُمْ، فَلَمَّا قَدِمُوا عَلَى نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرُوا ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَمَرَكُمْ مِنْهُمْ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا تُطِيعُوهُ

نہیں ہوں! تم پر سننا اور اطاعت لازمی نہیں ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم کو اپنے حق اور اپنی اطاعت کی قسم دیتا ہوں! کیا تم اس آگ میں چھلانگ لگا دو گے؟ لوگ اُٹھے اور تیار ہونے لگے' یہاں تک کہ گمان تھا کہ وہ اس میں چھلانگ لگا دیں گے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: روکو تم اپنے آپ کو' میں تم کو آزما رہا تھا یعنی مذاق کر رہا تھا' جب وہ گروہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو اس بات کا ذکر کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم کو گناہ کا حکم دے اس کی اطاعت نہ کرو۔

1345 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، جَمِيعًا، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى،، عَنْ أَبِيهِ،- قَالَ حَمَّادٌ فِي حَدِيثِهِ - عَنْ أَبِي سَعِيدٍ،- وَلَمْ يُجَاوِزْ سُفْيَانُ أَبَاهُ- قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ إِلَّا الْمَقْبُرَةَ وَالْحَمَّامَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ساری زمین مسجد ہے مگر قبرستان اور حمام سجدہ کرنے کی جگہ نہیں ہے۔

1346 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيُّ ثُمَّ الظَّفَرِيُّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، أَحَدِ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " يُفْتَحُ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یاجوج ماجوج نکلیں گے جس طرح اللہ عزوجل فرماتا ہے: ''اور وہ ہر بلندی سے تیزی کے ساتھ اترتے ہوئے آئیں گے''۔ پھر فرمایا: وہ زمین میں پھیل جائیں گے' مسلمان اُن سے بچیں گے یہاں تک کہ مسلمانوں کا بقیہ گروہ اپنے قلعوں اور شہروں میں

1345- أخرجه الترمذی فی الصلاة' باب: ما جاء أن الأرض كلها مسجد الا المقبرة والحمام . وأبو داؤد فی الصلاة' باب: فی المواضع التی لا تجوز فيها الصلاة . وابن ماجه فی المساجد' باب: المواضع التی تكره فيها الصلاة .

Marfat.com

عَلَى النَّاسِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ: (وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ) (الأنبياء: 96)، فَيَغْشَوْنَ النَّاسَ وَيَنْحَازُ الْمُسْلِمُونَ عَنْهُمْ إِلَى مَدَائِنِهِمْ وَحُصُونِهِمْ، وَيَضُمُّونَ إِلَيْهِمْ مَوَاشِيَهُمْ، وَيَشْرَبُونَ مِيَاهَ الْأَرْضِ حَتَّى إِنَّ بَعْضَهُمْ لَيَمُرُّ بِالنَّهَرِ فَيَشْرَبُونَ مَا فِيهِ حَتَّى يُتْرَكُوا يَبَسًا، حَتَّى إِنَّ مَنْ بَعْدَهُمْ لَيَمُرُّ بِذَلِكَ النَّهَرِ فَيَقُولُ: قَدْ كَانَ هَاهُنَا مَاءٌ مَرَّةً، حَتَّى إِذَا لَمْ يَبْقَ مِنَ النَّاسِ إِلَّا أَحَدٌ فِي حِصْنٍ أَوْ مَدِينَةٍ، قَالَ قَائِلُهُمْ: هَؤُلَاءِ أَهْلُ الْأَرْضِ قَدْ فَرَغْنَا مِنْهُمْ، بَقِيَ أَهْلُ السَّمَاءِ، قَالَ: ثُمَّ يَهُزُّ أَحَدُهُمْ حَرْبَتَهُ ثُمَّ يَرْمِي بِهَا إِلَى السَّمَاءِ فَتَرْجِعُ إِلَيْهِ مُتَخَضِّبَةً دَمًا لِلْبَلَاءِ وَالْفِتْنَةِ، فَبَيْنَمَا هُمْ عَلَى ذَلِكَ بَعَثَ اللّٰهُ دُودًا فِي أَعْنَاقِهِمْ كَنَغَفِ الْجَرَادِ الَّذِي يَخْرُجُ فِي أَعْنَاقِهِمْ، فَيُصْبِحُونَ مَوْتَى لَا يُسْمَعُ لَهُمْ حَسٌّ، فَيَقُولُ الْمُسْلِمُونَ: أَلَا رَجُلٌ يَشْتَرِي لَنَا نَفْسَهُ فَيَنْظُرُ مَا فَعَلَ هَؤُلَاءِ الْعَدُوُّ؟ قَالَ: فَتَجَرَّدَ رَجُلٌ مِنْهُمْ لِذَلِكَ مُحْتَسِبًا لِنَفْسِهِ قَدْ أَظَنَّهَا عَلَى أَنَّهُ مَقْتُولٌ، فَيَجِدُهُمْ مَوْتَى بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَيُنَادِي: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، أَلَا أَبْشِرُوا فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَفَاكُمْ عَدُوَّكُمْ، فَيَخْرُجُونَ مِنْ مَدَائِنِهِمْ وَحُصُونِهِمْ وَيُسَرِّحُونَ مَوَاشِيَهُمْ، فَلَا يَكُونُ لَهَا رَعْيٌ إِلَّا لُحُومُهُمْ، فَتَشْكُرُ كَأَحْسَنِ مَا شَكِرَتْ عَنْ شَيْءٍ مِنَ النَّبَاتِ أَصَابَتْهُ قَطُّ"

ٹھہر جائیں گے' وہ یاجوج ماجوج اُن لوگوں کے جانوروں کو پکڑ لیں گے یہاں تک کہ اُن کا پہلا دستہ نہر کے پاس سے گزرے گا تو وہ اس نہر سے سارا پانی پی لیں گے یہاں تک کہ اس میں کوئی شی نہیں چھوڑیں گے' اُن کا آخری دستہ اُن کے پیچھے سے گزرے تو ان مین سے کہنے والا کہے گا: بے شک کبھی یہاں پانی تھا' حتیٰ کہ جب لوگوں میں سے ایک آدمی کسی قلعہ یا شہر میں باقی رہ جائے گا۔ اُن میں سے ایک کہنے والا کہے گا: یہاں زمین والوں سے ہم فارغ ہو چکے ہیں اب ہم آسمان والوں کو اُتاریں گے یہاں تک کہ وہ اپنے نیزہ کو حرکت دے گا اور اس کو آسمان کی طرف پھینکے گا' وہ نیزہ اس حالت میں واپس آئے گا کہ اس کے ساتھ خون لگا ہو گا۔ وہ کہیں گے: ہم نے آسمان والوں کو بھی قتل کر دیا۔ وہ اسی کشمکش میں ہوں گے کہ اچانک اُن پر ٹڈیوں کی طرح ایک کیڑا اُن کی ہلاکت کیلئے مسلط کیا جائے گا' وہ اُن کو گردنوں سے پکڑے گا اور اُنہیں ہلاک کر دیں گے' صبح مردہ حالت میں کریں گے یہاں تک کہ ان میں حس و حرکت نہ ہوگی' مسلمان کہیں گے: کوئی ہے جو اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر پتا کر کے آئے کہ اُن کے ساتھ کیا ہوا ہے؟ اُن میں سے ایک کہے گا: میرا خیال ہے کہ وہ مارے گئے ہیں' وہ اُنہیں مردہ حالت میں ایک دوسرے کے اوپر پڑا ہوا پائے گا' وہ آواز دے گا: اے مسلمانوں کے گروہ! خوشخبری! بے شک اللہ نے تمہارے دشمنوں کو ہلاک کر دیا ہے' لوگ اپنے قلعوں اور شہروں سے نکلیں

Marfat.com

گے اور لوگ جانوروں کو کھلا چھوڑ دیں گے' اُن جانوروں کی خوراک اُن کا گوشت ہی ہوگا' وہ اُن کا گوشت کھا کر اتنے موٹے تازہ ہوں گے کہ اتنا چر کر بھی نہیں ہوئے تھے۔

1347 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ الْجُنْدَعِيُّ، أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ نَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَسْأَلْهُ أَحَدٌ إِلَّا أَعْطَاهُ حَتَّى نَفِدَ مَا عِنْدَهُ، فَلَمَّا أَنْفَقَ كُلَّ شَيْءٍ عِنْدَهُ قَالَ: مَا يَكُونُ عِنْدِي مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ، وَإِنَّهُ مَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللَّهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللَّهُ، وَمَنْ يَصْطَبِرْ يُصَبِّرْهُ اللَّهُ، وَلَمْ تُعْطُوا عَطَاءً خَيْرًا وَلَا أَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ انصار صحابہ کرام نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا تو آپ نے ختم ہونے تک جو آپ کے پاس تھا ہر ایک کو عطا کیا' جب ہر شی خرچ کر دی جو آپ کے پاس تھی تو فرمایا: میں تم سے ذخیرہ کر کے نہیں رکھتا' جو سوال کرنے سے بچتا ہے اللہ اس کو بچا لیتا ہے' جو غنی ہونا چاہتا ہے اللہ اس کو غنی کر دیتا ہے' جو صبر چاہتا ہے اللہ صبر دے دیتا ہے' کسی بندے کو نیکی سے بڑھ کر اور صبر سے وسیع شی کوئی نہیں دی گئی۔

1348 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ: (يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا) (الأنعام: **158**) قَالَ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ عزوجل کے اس ارشاد کے متعلق فرمایا: ''یَوْمَ یَأْتِیْ الٰی آخرہٖ'' طلوع شمس مغرب سے ہوگا۔

1349 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

1348- أخرجه مسلم فی الایمان' باب: بیان الزمن الذی لایقبل فیه الایمان . والترمذی فی التفسیر'باب: ومن سورة الانعام .

1349- أخرجه الترمذی فی البیوع' باب: ما جاء فی التسعیر . وأبی داؤد فی الاجازة' باب: التسعیر . وابن ماجه فی التجارات' باب: من کره أن یسعر . والدارمی فی البیوع' باب: فی النهی عن أن یسعر فی المسلمین .

Marfat.com

مَنْصُورٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَخْبَرَنِي دَاوُدُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَدِمَ نَبَطِيٌّ مِنَ الشَّامِ بِثَلَاثِينَ حِمْلَ شَعِيرٍ وَتَمْرٍ فِي زَمَنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَعَّرَ - يَعْنِي مُدًّا بِدِرْهَمٍ بِمُدِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَلَيْسَ فِي النَّاسِ يَوْمَئِذٍ طَعَامٌ غَيْرُهُ، فَشَكَا النَّاسُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَلَاءَ السِّعْرِ، فَخَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَلَا لَأَلْقَيَنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَبْلَ أَنْ أُعْطِيَ أَحَدًا مِنْ مَالِ أَحَدٍ بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسِهِ

شام سے نبطی آئے تیس اونٹ جَو اور کھجور لے کر حضور ﷺ کے زمانہ میں تو آپ نے اس کا نرخ ایک مُد کا ایک درہم کا مقرر کیا' حضور ﷺ کے مُد کے ساتھ' صحابہ کرام کے پاس اس دن اس کے علاوہ کھانا بھی نہیں تھا' صحابہ نے حضور ﷺ سے شکایت کی نرخ کے زیادہ ہونے کی تو حضور ﷺ نے خطبہ دیا اور فرمایا: خبردار! اللہ تبارک وتعالیٰ سے ملوں گا قبل اس کے کہ کسی کو کسی کا مال عطا کروں بغیر اس کی جان خوش کیے۔

1350 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى شَيْءٍ يُكَفِّرُ اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا وَيَزِيدُ فِي الْحَسَنَاتِ؟، قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: " إِسْبَاغُ الْوُضُوءِ فِي الْمَكَارِهِ، وَكَثْرَةُ الْخُطَا إِلَى الْمَسَاجِدِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ، مَا مِنْكُمْ مِنْ رَجُلٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ مُتَطَهِّرًا فَيُصَلِّي مَعَ الْمُسْلِمِينَ الصَّلَاةَ الْجَامِعَةَ ثُمَّ يَقْعُدُ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ الْأُخْرَى إِلَّا الْمَلَكُ يَقُولُ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، اللَّهُمَّ ارْحَمْهُ، فَإِذَا قُمْتُمْ إِلَى

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو ایسی شے کے متعلق نہ بتاؤں جس کے ساتھ گناہ معاف ہوں اور نیکیوں میں اضافہ ہو؟ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: ناپسندیدگی کی حالت میں وضو کرتا ہے' کثرت سے مسجد کی طرف جانا ہے' ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا ہے' تم میں سے کسی کا اپنے گھر سے وضو کر کے نکلنا ہے' مسلمانوں کے ساتھ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا ہے' پھر مسجد میں بیٹھنا اور دوسری نماز کا انتظار کرنا۔ تو فرشتے کہتے ہیں: اے اللہ! اس کو معاف کر دے! اے اللہ! اس پر رحم فرما! جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو

1350- أخرجه مسلم في الطهارة' باب: فضل اسباغ الوضوء على المكاره . والترمذي في الطهارة' باب: ما جاء في اسباغ الوضوء . والنسائي في الطهارة' باب: فضل اسباغ الوضوء . وابن ماجه في الطهارة' باب: ما جاء في اسباغ الوضوء' وفي المساجد باب: المشي على الصلاة .

Marfat.com

الصَّلَاةِ فَاعْدِلُوا صُفُوفَكُمْ، وَأَقِيمُوا، وَسُدُّوا الْفُرَجَ، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ خَلْفِي وَرَاءَ ظَهْرِي، فَإِذَا قَالَ إِمَامُكُمْ: اللَّهُ أَكْبَرُ، فَقُولُوا: اللَّهُ أَكْبَرُ، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُولُوا: اللَّهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، وَإِنَّ خَيْرَ الصُّفُوفِ الْمُقَدَّمُ، وَشَرَّهَا الْمُؤَخَّرُ، وَخَيْرُ صُفُوفِ النِّسَاءِ الْمُؤَخَّرُ، وَشَرُّهَا الْمُقَدَّمُ، يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، إِذَا سَجَدَ الرِّجَالُ فَاخْفِضْنَ أَبْصَارَكُنَّ لَا تَرَيْنَ عَوْرَاتِ الرِّجَالِ مِنْ ضِيقِ الْأُزُرِ"

صفوں کو سیدھا کرو، سیدھے رہو خلاء پُر کرو۔ میں تم کو پیچھے سے دیکھتا ہوں، اپنی پیٹھ سے۔ جب تمہارا امام اللہ اکبر کہے تم بھی اللہ اکبر کہو، جب امام رکوع کرے تم بھی رکوع کرو۔ جب امام کہے. سمع اللہ لمن حمدہ! تو تم اللّٰھم ربنا لک الحمد کہو بے شک بہتر صف آگے والی ہے، بدترین پیچھے والی ہے۔ عورتوں کی بہترین صف پیچھے والی ہے، بدترین آگے والی ہے۔ اے عورتوں کے گروہ! جب مرد سجدہ کریں تو تم اپنی نگاہیں جھکا لو، تہبند کے تنگ ہونے کی وجہ سے مردوں کی شرمگاہ نہ دیکھو۔

1351 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَنَّ رَجُلًا قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا، فَسَأَلَ أَعْلَمَ أَهْلِ الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَجُلٍ، فَأَتَاهُ فَقَالَ: إِنَّهُ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا، فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَالَ: بَعْدَ قَتْلِ تِسْعَةٍ وَتِسْعِينَ لَيْسَتْ لَكَ تَوْبَةٌ، فَانْتَضَى سَيْفَهُ فَقَتَلَهُ فَكَمَّلَ بِهِ مِائَةً، قَالَ: ثُمَّ إِنَّهُ مَكَثَ مَا شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ سَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ الْأَرْضِ، فَدُلَّ عَلَى رَجُلٍ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَتَلَ مِائَةَ نَفْسٍ فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: وَمَنْ يَحُولُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ التَّوْبَةِ؟ اخْرُجْ مِنْ هَذِهِ الْقَرْيَةِ الْخَبِيثَةِ الَّتِي أَنْتَ بِهَا إِلَى قَرْيَةِ كَذَا وَكَذَا، فَاعْبُدْ رَبَّكَ فِيهِمْ، قَالَ: فَخَرَجَ وَعَرَضَ أَجَلُهُ فِي الطَّرِيقِ، فَاخْتَصَمَ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ، فَقَالَ إِبْلِيسُ: إِنَّهُ لَمْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے ۹۹ آدمیوں کو قتل کیا تھا۔ وہ آیا پوچھنے کے لیے اس کے لیے توبہ ہے؟ وہ ایک راہب کے پاس آیا، اس نے اس سے پوچھا۔ اس نے کہا، تیری توبہ نہیں قبول ہو سکتی۔ اس نے راہب کو قتل کیا اور سو مکمل کر دیئے' پھر جتنا اللہ نے چاہا اتنی دیر رُکا رہا' پھر اُس نے زمین کے بڑے عالم کے متعلق پوچھا تو اس کو ایک آدمی کے متعلق بتایا گیا' اُس نے اس سے عرض کی کہ اس نے سو قتل کیے ہیں تو کیا اس کی توبہ ہے؟ اُس نے کہا: تیرے اور توبہ کے درمیان کون سی شی رکاوٹ ہے؟ اس بڑی بستی سے نکل فلاں فلاں بستی کی طرف' ان میں جا کر اپنے رب کی عبادت کر۔ وہ نکلا اور راستے میں اسے موت آ گئی۔ رحمت اور عذاب والے فرشتے جھگڑنے لگے' ابلیس نے کہا: یہ کسی وقت بھی نافرمانی سے رُکا نہیں تھا۔ رحمت والے فرشتے نے کہا: یہ توبہ کی نیت سے نکلا تھا۔

Marfat.com

يَعْصِنِي سَاعَةً قَطُّ، قَالَتْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ: اِنَّهُ خَرَجَ تَائِبًا" ، فَزَعَمَ حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ أَنَّ بَكْرًا حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ: بَعَثَ اللّٰهُ مَلَكًا فَاجْتَمَعُوا اِلَيْهِ - رَجَعَ الْحَدِيثُ اِلَى حَدِيثِ قَتَادَةَ - قَالَ: فَقَالَ: انْظُرُوا اِلَى أَيِّ الْقَرْيَتَيْنِ كَانَ أَقْرَبَ فَأَلْحِقُوهُ بِأَهْلِهَا ، قَالَ قَتَادَةُ: فَقَرَّبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْقَرْيَةَ الصَّالِحَةَ، وَبَاعَدَ مِنْهُ الْخَبِيثَةَ وَأَلْحَقُوهُ بِأَهْلِهَا

حمید الطویل نے گمان کیا کہ بکر نے ان کو ابی رافع کے حوالہ سے بتایا کہ اللہ نے فرشتے بھیجے' وہ اس کے پاس جمع ہو گئے' دوبارہ قتادہ کی حدیث کی طرف آئے' اُنہوں نے دیکھا کہ دونوں بستیوں میں سے کس بستی کے زیادہ قریب ہے' جس کی طرف زیادہ ہو اُس میں شامل کر دو۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں: اللہ عزوجل نے اس کو نیک لوگوں کی بستی کے قریب کر دیا اور بُرے لوگوں کی بستی سے دور کر دیا اور اس کو نیک لوگوں میں شمار کر دیا۔

1352 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْأَسْحَارِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے زیادہ سچا خواب سحری والا ہے۔

1353 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ لِأَصْحَابِهِ: أَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ أَنَّهُ لَوْ قَدِ اسْتَقَامَتْ لَهُ الْأُمُورُ قَدْ آثَرَ عَلَيْكُمْ غَيْرَكُمْ، قَالَ: فَرَدُّوا عَلَيْهِ رَدًّا عَنِيفًا، قَالَ: فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَجَاءَهُمْ فَقَالَ لَهُمْ أَشْيَاءَ لَا أَحْفَظُهَا، قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَكُنْتُمْ لَا تَرْكَبُونَ الْخَيْلَ ، قَالَ: كُلَّمَا قَالَ لَهُمْ شَيْئًا قَالُوا:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے ایک آدمی نے اپنے ساتھی سے کہا کہ اللہ کی قسم! میں تم کو حدیث بیان کرتا ہوں! اگر آپ کے کام آپ کے لیے سیدھے رہے تو تم پر غیر کو ترجیح دی جائے گی' اس کو آسانی سے دور کر دو۔ یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کو لے کر آؤ! ان کو کچھ اشیاء کے متعلق کہا جو مجھے یاد نہیں ہیں۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! فرمایا: تم گھوڑوں پر سوار نہیں ہوتے ہو! جب بھی اُن کو کوئی شی کہی جاتی تو وہ کہتے:

1352- أخرجه الترمذی فی الرؤیا' باب: قوله تعالیٰ: (لهم البشریٰ فی الحیاة الدنیا) . باب: أصدق الرؤیا بالأسحار . وذکره ابن حبان کما فی موارد الظمآن' باب: فی رؤیا الأسحار . والحاکم جلد4صفحه392 .

1353- أخرجه البخاری فی المغازی' باب: غزوة الطائف . ومسلم فی الزکاة' باب: اعطاء المؤلفة قلوبهم علی الاسلام .

Marfat.com

بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَلَمَّا رَآهُمْ لَا يَرُدُّونَ عَلَيْهِ شَيْئًا قَالَ: " أَفَلَا تَقُولُونَ: قَاتَلَكَ قَوْمُكَ فَنَصَرْنَاكَ، وَأَخْرَجَكَ قَوْمُكَ فَآوَيْنَاكَ " ، قَالُوا: نَحْنُ لَا نَقُولُ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنْتَ تَقُولُهُ؟ قَالَ: فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا وَأَنْتُمْ تَذْهَبُونَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَا تَرْضَوْنَ أَنَّ النَّاسَ لَوْ سَلَكُوا وَادِيًا وَسَلَكْتُمْ وَادِيًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ؟ ، قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، الْأَنْصَارُ كَرِشِي وَأَهْلُ بَيْتِي، عَيْبَتِي الَّتِي آوِي إِلَيْهَا، اعْفُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ، وَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ ، قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: فَمَا عَلِمَ ذَلِكَ ابْنُ مَرْجَانَةَ عَدُوُّ اللَّهِ، قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: قُلْتُ لِمُعَاوِيَةَ: أَمَا إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ حَدَّثَنَا أَنَّا سَنَرَى بَعْدَهُ أَثَرَةً ، قَالَ مُعَاوِيَةُ: فَمَا أَمَرَكُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَمَرَنَا أَنْ نَصْبِرَ ، قَالَ: فَاصْبِرُوا إِذًا

کیوں نہیں! یارسول اللہ! جب آپ نے اُن کو دیکھا کہ وہ کسی شی کا جواب نہیں دیتے ہیں تو آپ نے فرمایا: کیا تم نہیں کہتے ہو کہ آپ قوم سے لڑیں ہم آپ کی مدد کریں گے؟ آپ قوم سے نکلیں ہم پناہ دیں گے؟ اُنہوں نے کہا: یارسول اللہ! ہم نہیں کہتے ہیں' آپ فرمائیں! آپ نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا تم پسند کرتے ہو کہ لوگ دنیا لے جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو لے جاؤ؟ یا فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا تم پسند کرتے ہو کہ لوگ اگر وادی میں چلیں اور تم بھی وادی میں چلو گے تو میں انصار کی وادی میں چلوں گا؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار کا آدمی ہوتا' انصار میری عزت اور میری اہل بیت' میری پناہ ہیں' میں ان کی طرف پناہ لیتا ہوں تو ان کی بُرائیوں کو معاف کرو اور نیکیاں قبول کرو۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: علم نہیں تھا کہ ابن مرجانہ اللہ کا دشمن ہے۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے معاویہ سے کہا: بہرحال حضور ﷺ نے حدیث بیان کی ہے کہ عنقریب میرے بعد ترجیحات دیکھو گے۔ حضرت معاویہ نے فرمایا: تم کیا حکم دیتے ہو؟ فرمایا: میں کہتا ہوں کہ ہمیں صبر کا حکم دیا اُس وقت صبر کرنا۔

1354 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ الْمَدَنِيِّ، حَدَّثَنِي حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تین آدمی سفر میں نکلیں، ان میں سے ایک امامت کروائے۔ حضرت نافع فرماتے

Marfat.com

سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا خَرَجَ ثَلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيَؤُمَّهُمْ أَحَدُهُمْ قَالَ نَافِعٌ: قُلْتُ لِأَبِي سَلَمَةَ: أَنْتَ أَمِيرُنَا

ہیں: میں نے حضرت ابوسلمہ سے عرض کی: آپ ہمارے امیر ہیں۔

1355 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذُكِرَ عِنْدَهُ أَبُو طَالِبٍ فَقَالَ: لَعَلَّهُ أَنْ تَنْفَعَهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُجْعَلُ فِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ إِلَى كَعْبَيْهِ يَغْلِي مِنْهُ أُمُّ دِمَاغِهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ حضرت ابو طالب کا ذکر کیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوسکتا ہے قیامت کے دن ان کو میری شفاعت نفع دے۔ ان کو جہنم کے ایک کونے میں ڈال دیا جائے گا اور آگ ان کے ٹخنوں تک پہنچے گی جس سے ان کا دماغ ابلے گا۔

1356 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ عَلَى صَلَاةِ الْفَذِّ بِخَمْسٍ وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے سے ستائیس گناہ زیادہ ثواب کا درجہ رکھتا ہے۔

1357 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ خَمْسَةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ، قَالَ يَزِيدُ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ يُحَدِّثُ بِهَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اچھا خواب نبوت کے پینتالیسواں حصہ ہے۔ حضرت یزید فرماتے ہیں کہ میں نے ابوسلمہ کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ عمر بن عبدالعزیز سے روایت کرتے

1355- أخرجه البخارى فى الرقاق' باب: صفة الجنة والنار' وفى مناقب الأنصار باب: قصة أبى طالب . ومسلم فى الايمان' باب: شفاعة النبى صلى الله عليه وسلم لأبى طالب .

1356- أخرجه البخارى فى الأذان'باب: فضل صلاة الجماعة .

1357- أخرجه البخارى فى التعبير'باب: الرؤيا الصالحة جزء من ستة وأربعين جزءًا من النبوة .

Marfat.com

الْعَزِيزِ، فَقَالَ عُمَرُ: لَوْ كَانَتْ حَصَاةً مِنْ عَدَدِ الْحَصَى لَرَأَيْتُهَا صِدْقًا

ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر کنکریوں کی تعداد کے مطابق خواب آئے تو میں سچ شمار کروں گا۔

1358 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ: إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ رُؤْيَا يُحِبُّهَا فَإِنَّهَا مِنَ اللّٰهِ، فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَيْهَا وَلْيُحَدِّثْ بِهَا، وَإِذَا رَأَى غَيْرَ ذَلِكَ مِمَّا يَكْرَهُ فَإِنَّهَا مِنَ الشَّيْطَانِ فَلْيَسْتَعِذْ مِنْ شَرِّهَا، وَلَا يَذْكُرْهَا لِأَحَدٍ فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی خواب اچھا دیکھے تو یہ اللہ کی جانب سے ہے' اس پر اللہ کی تعریف کرے' جب اس کے علاوہ ناپسند خواب دیکھے یہ شیطان کی طرف سے ہے اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے کسی کے سامنے اس کا ذکر نہ کرے بے شک یہ نقصان دے نہیں ہوگا۔

1359 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ؟ قَالَ: "قُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجتے ہیں' ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کس طرح بھیجیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پڑھو! ''اللّٰھم صل علی محمدٍ الی آخرہٖ''۔

1360 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ كَانَ تُصِيبُهُ الْجَنَابَةُ مِنَ اللَّيْلِ فَيُرِيدُ أَنْ يَنَامَ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَوَضَّأَ ثُمَّ يَنَامَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ رات کو جنبی ہو گئے تھے' میں نے سونے کا ارادہ کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ وضو کرنے کا اور پھر سو

1358- أخرجه البخاری فی التعبیر' باب: الرؤیا من اللّٰه' باب: اذا رأی ما یکره فلا یخبر بها ولا یذکرها' وفی بدء الخلق باب: صفة ابلیس وجنوده . ومسلم فی الرؤیا . والترمذی فی الدعوات' باب: ما یقول اذا رأی رؤیا یکرهها' وفی الرؤیا . وأبو داؤد فی الأدب' باب: ما جاء فی الرؤیا .

1359- أخرجه البخاری فی التفسیر' باب: (ان اللّٰه وملائکته یصلون علی النبی)' وفی الدعوات باب: الصلاة علیء النبی صلی اللّٰه علیه وسلم . والنسائی فی السهو' بأب: نوع آخر من الصلاة علی النبی صلی اللّٰه علیه وسلم .

1360- أخرجه أحمد جلد 3صفحه55 . وابن ماجه فی الطهارة' باب: من قال: لا ینام الجنب حتی یتوضأ وضوء ه للصلاة .

Marfat.com

جانے کا۔

1361 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنِ الدَّجَّالِ قَالَ: " إِنَّهُ سَيُسَلَّطُ عَلَى نَفْسٍ وَاحِدَةٍ يَقْتُلُهَا ثُمَّ يُحْيِيهَا، فَيَقُولُ: أَلَسْتُ بِرَبِّكَ؟ فَيَقُولُ: مَا كُنْتَ فِي نَفْسِي أَكْذَبَ مِنْكَ السَّاعَةَ " ، قَالَ: فَمَا كُنَّا نَرَى إِلَّا أَنَّهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ حَتَّى مَاتَ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کے متعلق بیان کیا' فرمایا: عنقریب ایک آدمی پر مسلط ہوگا' اس کو قتل کرے گا پھر اس کو زندہ کرے گا' وہ کہے گا: کیا میں تیرا رب نہیں ہوں؟ وہ کہے گا: اس وقت میرے خیال کے مطابق تجھ سے زیادہ جھوٹا کوئی نہیں ہے۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے دیکھا کہ حضرت عمر اسی پر رہے یہاں تک کہ اُن کا وصال ہوگیا۔

1362 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ أَبُو إِسْحَاقَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ أَبِي شُجَاعٍ، عَنْ أَبِي السَّمْحِ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " (وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ) (المؤمنون: **104**) قَالَ: تَشْوِيهِ النَّارُ فَتَقْلِصُ شَفَتُهُ حَتَّى تَبْلُغَ وَسْطَ رَأْسِهِ، وَتَسْتَرْخِي الْأُخْرَى حَتَّى تَضْرِبَ سُرَّتَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ فرماتا ہے اور وہ اس میں منہ چڑھائے ہوں گے'' (المومنون: ۱۰۴) ان کو آگ بھون ڈالے گی ان کے دونوں ہونٹ اوپر والا سر کے وسط تک پہنچ جائے گا۔ دوسرا لٹک کر اس کے ناف تک چلا جائے گا۔

1363 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1362- أخرجه الترمذی فی صفة جهنم' باب: ما جاء فی صفة طعام أهل النار' وفی التفسير باب: ومن سورة المؤمنين . الحاكم فی المستدرك جلد**2**صفحه**395** .

1363- أخرجه البخاری فی الخصومات' باب: ما يذكر فی الأشخاص والخصومة بين المسلمين واليهود' وفی أحاديث الأنبياء باب: قوله تعالٰی: (وواعدنا موسٰی ثلاثين ليلة)' وفی التفسير باب: (ولما جاء موسٰی لميقاتنا وكلمه ربه) . وفی الديات باب: اذا لطم المسلم يهوديًا عند الغضب' وفی التوحيد باب: (وكان عرشه علی الماء) (وهو رب العرش العظيم) . ومسلم فی الفضائل' باب: من فضائل موسٰی . وأبو داؤد فی السنة' باب: فی التخيير بين

Marfat.com

الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُخَيِّرُوا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ

حضور ﷺ نے فرمایا: انبیاء علیہم السلام کو ایک دوسرے پر ترجیح فوقیت نہ دو۔

1364 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: حَدَّثَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ بِهَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، يُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ إِلَيْهِ حَتَّى دَخَلَ عَلَى أَبِي سَعِيدٍ وَأَنَا مَعَهُ، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا حَدَّثَنِي عَنْكَ حَدِيثًا تُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَفَسَمِعْتَهُ؟ قَالَ: بَصُرَ عَيْنِي وَسَمْعُ أُذُنِي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ، وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ، إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَلَا تَبِيعُوا شَيْئًا غَائِبًا بِنَاجِزٍ

ایک آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو یہ حدیث حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کرتے تھے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے یہاں تک کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، میں آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔ فرمایا: یہ مجھے آپ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حدیث بیان کرتا ہے اور تو کیا آپ نے حضور ﷺ سے سنی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری آنکھوں نے دیکھا اور میرے دونوں کانوں نے سنا کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا: سونے کو سونے کے بدلے چاندی کو چاندی کے بدلے نہ فروخت کرو مگر برابر کسی غائب شے کو اندازاً نہ فروخت کرو۔

1365 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا أَهْلُ النَّارِ الَّذِينَ هُمْ أَهْلُهَا فَإِنَّهُمْ لَا يَمُوتُونَ فِيهَا وَلَا يَحْيَوْنَ، وَلَكِنْ أُنَاسٌ - أَوْ كَمَا قَالَ - تُصِيبُهُمْ بِذُنُوبِهِمْ - أَوْ قَالَ: بِخَطَايَاهُمْ - فَتُمِيتُهُمْ إِمَاتَةً، حَتَّى إِذَا صَارُوا فَحْمًا أُذِنَ فِي الشَّفَاعَةِ فَجِيءَ بِهِمْ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ فَبُثُّوا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جہنم والے وہ رہنے والے ہیں کیونکہ اُن کو نہ موت آئی نہ زندہ ہونا ہے لیکن لوگ' یا جیسے آپ نے فرمایا: آگ اُن کو اُن کے گناہوں کے مطابق پہنچے گی یا ان کی غلطیوں کے مطابق اسی طرح۔ حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں: وہ مریں گے یہاں تک کہ جب وہ کوئلہ ہو جائیں گے تو ان کے متعلق شفاعت کا اذن ہوگا' ان کو ضبائر پر لایا جائے گا' ان کو جنت کی نہر

الأنبياء عليهم السلام) .

1364- أخرجه مسلم فی المساقاة' باب: الربا .

Marfat.com

عَلَى أَنْهَارِ الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ أَفِيضُوا عَلَيْهِمْ، فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ ، قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ حِينَئِذٍ: كَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي الْبَادِيَةِ

میں ڈالا جائے گا' اہل جنت کو کہا جائے گا: ان پر ڈالو! ان کا گوشت آئے گا جس طرح دانہ جب زمین میں ڈالا جائے تو وہ اُگتا ہے۔قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: گویا ایسے محسوس ہوتا ہے کہ حضور ﷺ دیہات میں رہتے ہیں۔

1366 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ قَالَ: يَدٌ بِيَدٍ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: لَا بَأْسَ، قَالَ: فَلَقِيتُ أَبَا سَعِيدٍ فَأَخْبَرْتُهُ أَنِّي سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ فَقَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ، قَالَ: أَوَقَالَ ذَلِكَ؟ أَمَا إِنَّا سَنَكْتُبُ إِلَيْهِ فَلَا يُفْتِيكُمُوهُ، قَالَ: فَوَاللّٰهِ لَقَدْ جَاءَ بَعْضُ فَتَيَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ فَأَنْكَرَهُ، فَقَالَ: كَأَنَّ هَذَا لَيْسَ مِنْ تَمْرِ أَرْضِنَا؟، قَالَ: كَانَ فِي تَمْرِ الْعَامِ بَعْضُ الشَّيْءِ، فَأَخَذْتُ هَذَا وَزِدْتُ بَعْضَ الزِّيَادَةِ، فَقَالَ: أَضْعَفْتَ، أَرْبَيْتَ، لَا تَقْرَبَنَّ هَذَا، إِذَا رَابَكَ مِنْ تَمْرِكَ شَيْءٌ فَبِعْهُ ثُمَّ اشْتَرِ الَّذِي تُرِيدُ مِنَ التَّمْرِ

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیع صرف کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: نقد نقد جائز ہے' میں نے کہا: ٹھیک ہے! آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ میں حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے ملا تو میں نے آپ کو بتایا کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیع صرف کے متعلق پوچھا تو اُنہوں نے کہا: کوئی حرج نہیں ہے' انہوں نے کہا: کیا اس کے علاوہ کوئی اور لفظ فرمائے؟ بہرحال ہم آپ کو لکھ کر بھیجیں گے تو وہ تمہیں اس کا فتویٰ نہ دیں گے' اللہ کی قسم! بعض نوجوان حضور ﷺ کے پاس کھجوریں لے کر آئے' آپ نے لینے سے انکار کر دیا اور فرمایا: معلوم ہوتا ہے کہ یہ کھجوریں ہمارے ملک کی نہیں ہیں؟ اور عرض کی: اس سال کی کھجوروں میں کوئی شی تھی' میں نے لیا' بعض کا اضافہ کیا تو آپ نے فرمایا: تُو نے اضافہ کیا اور سودی کاروبار کیا' جب تیری کھجوروں میں سود ہو تو میں اس کے قریب ہرگز نہیں جاؤں گا' اس کو فروخت کر پھر اس کے ساتھ وہی کھجوریں خرید۔

1367 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم

1366- أخرجه مسلم في المساقاة' باب: بيع الطعام مثلًا بمثل .

Marfat.com

عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَمَضَانَ، فَمِنَّا الصَّائِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ، فَلَا يَجِدُ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ، وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ، يَرَوْنَ أَنَّهُ مَنْ وَجَدَ قُوَّةً فَصَامَ، ذَلِكَ حَسَنٌ، وَيَرَوْنَ أَنَّهُ مَنْ وَجَدَ ضَعْفًا فَأَفْطَرَ، فَإِنَّ ذَلِكَ حَسَنٌ

حضور ﷺ کے ساتھ مل کر رمضان المبارک میں جہاد کرتے' ہم میں سے بعض روزہ کی حالت میں ہوتے' بعض روزہ کی حالت میں نہ ہوتے' روزہ رکھنے والے نہ رکھنے والے پر اعتراض نہ کرتے تھے اور روزہ نہ رکھنے والے' رکھنے والے پر اعتراض نہ کرتے تھے' جنہوں نے خیال کیا کہ وہ قوی ہیں تو اُنہوں نے روزہ رکھا اور جنہوں نے خیال کیا کہ وہ کمزور ہیں تو اُنہوں نے افطار کرلیا' دونوں نے اچھا کیا۔

1368 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي مُتَوَشِّحًا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ آپ ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھ رہے تھے۔

1369 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا دَرَّاجٌ أَبُو السَّمْحِ، أَنَّ أَبَا الْهَيْثَمِ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، طُوبَى لِمَنْ رَآكَ وَآمَنَ بِكَ؟ قَالَ: طُوبَى لِمَنْ رَآنِي وَآمَنَ بِي، ثُمَّ طُوبَى، ثُمَّ طُوبَى، ثُمَّ طُوبَى لِمَنْ آمَنَ بِي وَلَمْ يَرَنِي ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: وَمَا طُوبَى؟ قَالَ: شَجَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ مَسِيرَةُ مِائَةِ سَنَةٍ، ثِيَابُ أَهْلِ الْجَنَّةِ تَخْرُجُ مِنْ أَكْمَامِهَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! خوشخبری اس کے لیے جس نے آپ ﷺ کو دیکھا اور آپ ﷺ پر ایمان لایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: خوشخبری اس کے لیے جس نے مجھے دیکھا نہیں اور مجھ پر ایمان لایا، پھر خوشخبری، پھر خوشخبری، پھر خوشخبری جو مجھ پر ایمان لایا جس نے مجھے دیکھا نہیں۔ ایک آدمی نے آپ ﷺ سے عرض کی: یہ خوشخبری کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک درخت ہے، اس کی مسافت ایک سو سال ہے اہل جنت کے کپڑے اس سے نکل جائیں گے۔

1369- أخرجه أحمد جلد3صفحه70-71' وجلد5صفحه264,257,248 . وعزاه الهيثمي وأحمد والمصنف في مجمع الزوائد' باب: ما جاء فيمن آمن بالنبي صلى الله عليه وسلم ولم يره . وذكره ابن حبان في الثقات .

Marfat.com

1370 - وَعَنْ أَبِی سَعِیدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَجُلٌ: مَا (كَالْمُهْلِ) (الكهف: **29**) ؟ قَالَ: كَعَكَرِ الزَّيْتِ، فَإِذَا قَرَّبَهُ إِلَيْهِ سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهِ مِنْهُ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے آپ سے عرض کی: کالمھل کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ دوزخ کا پانی ہے' وہ تلچھٹ کی طرح ہوگا' جب وہ اس کے قریب لایا جائے گا تو منہ کی کھال گر جائے گی۔

1371 - وَعَنْ أَبِی سَعِیدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيرًا حَتَّی يَقُولُوا: مَجْنُونٌ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا ذکر اتنا کرو کہ لوگ تم کو مجنوں کہیں۔

1372 - وَعَنْ أَبِی سَعِیدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ ضُرِبَ بِمِقْمَعٍ مِنْ حَدِيدٍ الْجَبَلُ لَتَفَتَّتَ ثُمَّ عَادَ كَمَا كَانَ

حضرت ابوسعیدالخدری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر لوہے کا گرز پہاڑ پر مارا جائے (یعنی جہنم کے لوہے کا گرز) تو ساری کائنات ریزہ ریزہ ہو جائے' پھر ایسے ہی ہو جائے جس طرح پہلے تھی۔

1373 - وَعَنْ أَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ يَعْمَلُ فِی صَخْرَةٍ صَمَّاءَ لَيْسَ لَهَا بَابٌ وَلَا كُوَّةٌ لَخَرَجَ عَمَلُهُ إِلَی النَّاسِ كَائِنًا مَا كَانَ

حضرت ابوسعیدالخدری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر ایسی بند چٹان میں کوئی عمل کرنے والا' جس کا نہ کوئی دروازہ ہو نہ روشن دان ہو' اس کا عمل لوگوں کو معلوم ہو جائے جو بھی کرتا تھا۔

1370- أخرجه الترمذی فی صفة جهنم' باب: ما جاء فی صفة شراب أهل النار' وفی التفسير باب: ومن سورة (سأل سائل) . وانظر الدر المنثور .

1371- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **71,68** . والحاكم جلد **1** صفحه **499** . وعزاه الهيثمی لأحمد والمصنف فی مجمع الزوائد' باب: فضل ذكر الله تعالٰی والأكثار منه .

1372- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **83** . وصححه الحاكم جلد **4** صفحه **601** . وعزاه الهيثمی لأحمد والمصنف فی مجمع ازوائد' كتاب صفة النار .

1373- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **28** . وعزاه الهيثمی لأحمد والمصنف فی مجمع الزوائد' باب: لو عمل أحد فی صخرة صماء وخرج عمله الی الناس .

Marfat.com

1374 - وَعَنْ أَبِی سَعِیدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: كُلُّ حَرْفٍ فِی الْقُرْآنِ یُذْكَرُ فِیهِ الْقُنُوتُ فَهُوَ طَاعَةٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر حرف جو قرآن میں ہے اس میں قنوت کا ذکر ہے اس سے مراد اطاعت ہے۔

1375 - وَعَنْ أَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " أَتَانِی جِبْرِیلُ فَقَالَ: إِنَّ رَبِّی وَرَبَّكَ یَقُولُ: كَیْفَ رَفَعْتُ ذِكْرَكَ؟ قَالَ: وَاللّٰهُ أَعْلَمُ، قَالَ: إِذَا ذُكِرْتُ ذُكِرْتَ مَعِی "

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے، عرض کی: یا رسول اللہ! میرے اور تمہارے رب نے فرمایا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیسے بلند کیا گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ زیادہ جانتا ہے، اللہ فرماتا ہے جب میرا ذکر کیا جائے گا' تیرے ذکر بھی میرے ساتھ کیا جائے گا۔

1376 - وَعَنْ أَبِی سَعِیدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ دَلْوًا مِنْ غَسَّاقٍ یُهْرَاقُ فِی الدُّنْیَا لَأَنْتَنَ أَهْلَ الدُّنْیَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر جہنم سے ایک ڈول بھی پیپ کا دنیا میں بہا دیا جائے ساری دنیا میں اس کی بدبو پھیل جائے۔

1377 - وَعَنْ أَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: یَأْكُلُ التُّرَابُ كُلَّ شَیْءٍ مِنَ الْإِنْسَانِ إِلَّا عَجْبَ ذَنَبِهِ،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مٹی انسان کی ہر شے کھائے گی مگر اس ریڑھ کی ہڈی۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس کی

1374- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 .

1375- أخرجه الطبری فی التفسیر . وأخرجه ابن حبان كما فی موارد الظمآن' سورة (آلم نشرح) وعزاه الهیثمی للمصنف فی مجمع الزوائد' باب: عظم قدره صلی الله علیه وسلم .

1376- أخرجه أحمد . والترمذی فی كتاب صفة جهنم' باب: ما جاء فی صفة شراب . . . .

1377- أخرجه البخاری فی التفسیر' باب: ونفخ فی الصور . ومسلم فی الفتن وما بعده' باب: ما بین النفختین . والنسائی فی الجنائز' باب: أرواح المؤمنین . وأبو داؤد فی السنة' باب: فی ذكر البعث والصور . وابن ماجه فی الزهد' باب: ذكر القبر والبلیٰ' باب: قیام الساعة وكیف ینشبون .

1378- أخرجه الترمذی فی صفة جهنم' باب: ما جاء فی صفة قعر جهنم' وفی التفسیر باب: ومن سورة المدثر .

Marfat.com

قِيلَ: وَمِثْلُ مَا هُوَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: مِثْلُ حَبَّةِ الْخَرْدَلِ مِنْهُ يَنْبُتُونَ

مثال کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: رائی کے دانہ کے برابر جس سے لوگ اُگنے کی طرح پیدا ہوں گے۔

1378 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْلٌ: وَادٍ فِي جَهَنَّمَ يَهْوِي فِيهِ الْكَافِرُ أَرْبَعِينَ خَرِيفًا قَبْلَ أَنْ يَبْلُغَ قَعْرَهُ ، وَقَالَ: " الصَّعُودُ: جَبَلٌ مِنْ نَارٍ يَصْعَدُ فِيهِ سَبْعِينَ خَرِيفًا، ثُمَّ يَهْوِي بِهِ كَذَلِكَ فِيهِ أَبَدًا"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ویل جہنم میں ایک وادی ہے' کافر کو اس میں ڈالا جائے گا' اس کی تہہ تک پہنچنے سے پہلے اور فرمایا: صعود' جہنم میں ایک پہاڑ ہے' اس میں ستر سال تک چڑھتا رہے گا' پھر اس سے گرایا جائے گا اسی طرح ہمیشہ ہمیشہ ہوتا رہے گا۔

1379 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَكْثِرُوا مِنَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ ، قِيلَ: وَمَا هُنَّ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: الْمِلَّةُ ، قِيلَ: وَمَا هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: التَّهْلِيلُ، وَالتَّكْبِيرُ، وَالتَّسْبِيحُ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ رہنے والے نیک کاموں کو کثرت سے کرو۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کلمہ۔ عرض کی: یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''لا الہ الا اللہ واللہ اکبر، سبحان اللہ، الحمد للہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ''۔

1380 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُنْصَبُ لِلْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِقْدَارُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ كَمَا لَمْ يَعْمَلْ لِلَّهِ فِي الدُّنْيَا، وَإِنَّ الْكَافِرَ يَرَى جَهَنَّمَ وَيَظُنُّ أَنَّهَا مُوَاقِعَتُهُ مِنْ مَسِيرَةِ أَرْبَعِينَ سَنَةً

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کا دن کافر کے لیے پچاس ہزار سال کی مقدار مقرر کیا جائے گا' یا اسے معلوم ہوگا کہ اس نے دنیا میں اللہ کے لیے کوئی کام کیا ہی نہیں' کافر جہنم کو دیکھے گا' خیال کرے گا وہ جہنم میں چالیس سال کی مسافت سے پڑا ہوا ہے۔

1379- أخرجه أحمد جلد3صفحه75,71 .

1380- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . وعزاه الهيثمي لأحمد والمصنف في مجمع الزوائد' باب: (بعد باب ما جاء في هول المطلع وشدة يوم القيامة) .

Marfat.com

1381 - وَعَنْ أَبِی سَعِیدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَّكِئُ فِی الْجَنَّةِ مَسِيرَةَ سَبْعِينَ سَنَةً قَبْلَ أَنْ يَتَحَوَّلَ، ثُمَّ تَأْتِيهِ امْرَأَةٌ فَتَضْرِبُ عَلَى مَنْكِبَيْهِ، فَيَنْظُرُ وَجْهَهُ فِی خَدِّهَا أَصْفَى مِنَ الْمِرْآةِ، وَاِنَّ أَدْنَى لُؤْلُؤَةٍ عَلَيْهَا لَتُضِیءُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ اِلَى الْمَغْرِبِ، فَتُسَلِّمُ عَلَيْهِ، فَيَرُدُّ عَلَيْهَا السَّلَامَ وَيَسْأَلُهَا: مَنْ أَنْتِ؟ فَتَقُولُ: أَنَا هِیَ الْمَزِيدُ، وَاِنَّهُ لَيَكُونُ عَلَيْهَا سَبْعُونَ ثَوْبًا، أَدْنَاهَا مِثْلُ النُّعْمَانِ مِنْ طُوبَى، فَيَنْفُذُهَا بَصَرُهُ حَتَّى يَرَى مُخَّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ ذَلِكَ، وَاِنَّ عَلَيْهِمُ التِّيجَانَ، اِنَّ أَدْنَى لُؤْلُؤَةٍ فِيهَا لَتُضِیءُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ"

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی جنت میں ستر سال چلنے کی مقدار ٹیک لگا کر رکھے گا' وہ پہلو نہیں بدلے گا' پھر ایک عورت آئے گی وہ اس کے کندھے پر مارے گی' وہ اپنا چہرہ اس کے رخسار میں دیکھے گا' وہ شیشے سے بھی زیادہ صاف ہو گی اور ایک ادنیٰ موتی اس پر نچوڑا جائے گا جس کے ساتھ مشرق سے لے کر مغرب تک روشن ہو گئی ہے' وہ اس کو سلام کرے گی' وہ اس کے سلام کا جواب دے گا' وہ اس سے پوچھے گا: تُو کون ہے؟ وہ کہے گی: میں مزید ہوں! اس پر ستر کپڑے ہوں گے' ادنیٰ کپڑا طوبیٰ کے نعمان کی طرح ہو گا' وہ اپنی آنکھ سے اس کو دیکھے گا یہاں تک کہ اس کے کپڑوں کے باہر سے اس کی پنڈلی کا مغز دیکھے گا' ان پر تاج ہوں گے' اس تاج پر موتی ہو گا جو ادنیٰ سا ہو گا' اس کے ساتھ مشرق اور مغرب روشن ہو جائیں گے' اگر دنیا میں ڈالا جائے۔

1382 - وَعَنْ أَبِی سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشِّتَاءُ رَبِيعُ الْمُؤْمِنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سردیاں مؤمن کا موسمِ بہار ہے۔

1383 - وَعَنْ أَبِی سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَقْعَدُ الْكَافِرِ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ، كُلُّ ضِرْسٍ لَهُ مِثْلُ أُحُدٍ، وَفَخِذُهُ مِثْلُ وَرِقَانٍ، وَجِلْدُهُ سِوَى لَحْمِهِ وَعِظَامِهِ أَرْبَعُونَ ذِرَاعًا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم میں کافر کے بیٹھنے کی جگہ تین دن کی مسافت کے برابر ہو گی پھر اس کی ہر داڑھ احد پہاڑ کے برابر ہو گئی، اس کی ران ورقان پہاڑ کے برابر ہو گی اس کی کھال، گوشت و ہڈیوں کے علاوہ چالیس گز

1381- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . وعزاه الهيثمی للمصنف والطبرانی وأحمد فی مجمع الزوائد' باب: ما جاء فی نساء أهل الجنة من الحور العين وغيرهن .

1383- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 .

Marfat.com

ہوگی۔

1384 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ مِقْمَعًا مِنْ حَدِيدٍ وُضِعَ فِي الْأَرْضِ وَاجْتَمَعَ عَلَيْهِ الثَّقَلَانِ مَا أَقَلُّوهُ مِنَ الْأَرْضِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر جہنم کا ایک لوہے کا زمین میں رکھ دیا جائے تو انسان اور جن جمع ہو جائیں اس کو زمین سے ہلا نہیں سکیں گے۔

1385 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لِسُرَادِقِ النَّارِ أَرْبَعَةُ جُدُرٍ، بَيْنَ كُلِّ جِدَارٍ مِثْلُ أَرْبَعِينَ سَنَةً

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم کی دیواریں چار ہوں گی جن میں سے ہر دیوار کے درمیان چالیس سال کی مسافت ہو گی۔

1386 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَوْمٌ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ، مَا أَطْوَلَ هَذَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، إِنَّهُ لَيُخَفَّفُ عَلَى الْمُؤْمِنِ حَتَّى يَكُونَ أَخَفَّ عَلَيْهِ مِنْ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ يُصَلِّيهَا فِي الدُّنْيَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! ''قیامت کے دن کی مقدار پچاس ہزار سال ہوگی'' یہ کتنی زیادہ مقدار ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے! مؤمن پر یہ دن اتنا مختصر ہوگا یہاں تک کہ فرض نماز سے بھی زیادہ مختصر ہوگا، جو وہ دنیا میں پڑھتا ہے۔

1387 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1384- اخرجه مسلم فی الجنة . وأحمد جلد3صفحه29 . والترمذی . وعزاه الهيثمی للمصنف وأحمد فی مجمع الزوائد' باب: عظم خلق الكافر فی النار .

1385- أخرجه أحمد جلد3صفحه29 . وعزاه الهيثمی للمصنف وأحمد فی مجمع الزوائد . وصححه الحاكم جلد4 صفحه600 .

1386- أخرجه أحمد جلد3صفحه29 . والترمذی فی صفة جهنم' باب: ما جاء فی صفة شراب أهل النار . والحاكم فی المستدرك جلد4صفحه601,600 .

1387- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . وعزاه الهيثمی للمصنف وأحمد فی مجمع الزوائد' باب: خفة يوم القيامة على

Marfat.com

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيَذْكُرَنَّ اللّٰهَ قَوْمٌ فِي الدُّنْيَا عَلَى الْفُرُشِ الْمُمَهَّدَةِ يُدْخِلُهُمُ الْجِنَانَ الْعُلَى

حضور ﷺ نے فرمایا: ضرور بضرور اللہ کا ذکر کرے گی ایک قوم دنیا میں اپنے بستروں پر ہوگی' اللہ عزوجل ان کو داخل کرے گا جنت کے اعلیٰ درجات میں۔

1388 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "" إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ عُرِّفَ الْكَافِرُ بِعَمَلِهِ، فَجَحَدَ وَخَاصَمَ، فَيُقَالُ: هَؤُلَاءِ جِيرَانُكَ يَشْهَدُونَ عَلَيْكَ، فَيَقُولُ: كَذَبُوا، فَيَقُولُ: أَهْلُكَ، عَشِيرَتُكَ؟ فَيَقُولُ: كَذَبُوا، فَيَقُولُ: احْلِفُوا، فَيَحْلِفُونَ، ثُمَّ يُصْمِتُهُمُ اللّٰهُ وَتَشْهَدُ أَلْسِنَتُهُمْ، ثُمَّ يُدْخِلُهُمُ النَّارَ""

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا کافر کو اس کے عمل کی وجہ سے پہچانا جائے گا، وہ انکار کرے گا اور جھگڑے گا اس کو کہا جائے گا: تیرے سارے پڑوس تجھ پر گواہی دیتے ہیں اس کے متعلق۔ کہے گا: یہ جھوٹ بولتے ہیں' اس کو کہا جائے گا: تیرے اہل خانہ اور تیرے رشتہ دار کہتے ہیں۔ وہ کہے گا: یہ جھوٹ بولتے ہیں۔ ان کو کہا جائے گا: قسم اٹھاؤ! وہ قسم اٹھائیں گے' پھر اللہ عزوجل ان کو گونگا کر دے گا، ان کی زبانیں گونگی رہیں گی پھر ان کو جہنم میں ڈالا جائے گا۔

1389 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "" قَالَ مُوسَى: يَا رَبِّ، عَلِّمْنِي شَيْئًا أَذْكُرُكَ وَأَدْعُوكَ بِهِ، قَالَ: قُلْ يَا مُوسَى: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: كُلُّ عِبَادِكَ يَقُولُ هَذَا، قَالَ: قُلْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، إِنَّمَا أُرِيدُ شَيْئًا تَخُصُّنِي بِهِ، قَالَ: يَا مُوسَى، لَوْ أَنَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعَ وَعَامِرَهُنَّ غَيْرِي وَالْأَرَضِينَ السَّبْعَ فِي كِفَّةٍ، وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ فِي كِفَّةٍ مَالَتْ بِهِنَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے رب! مجھے کوئی شے سکھا کہ اس کے ذریعے میں تجھے یاد کروں اور تجھ سے دعا کروں۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: اے موسیٰ! لا الہ الا اللہ کہو۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ! یہ تو تیرے سارے بندے کہتے ہیں۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: موسیٰ! کہو! لا الہ الا اللہ۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: تُو ہی اللہ ہے' میں چاہتا ہوں کہ مجھے کسی خاص شے

المؤمنين .

1388- عزاه الهيثمي للمصنف في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في الحسان .

1389- عزاه الهيثمي للمصنف في مجمع الزوائد'باب: ما جاء في فضل لا اله الا الله .

Marfat.com

لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ"

کے ساتھ خاص کر۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: اے موسیٰ! اگر سات آسمان اور اس میں رہنے والے میرے علاوہ اور سات زمینیں ایک پلڑے میں ہوں اور لا الٰہ الا اللہ دوسرے پلڑے میں رکھ دیا جائے تو لا الٰہ الا اللہ والا پلڑا بھاری ہوگا۔

1390 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: "الْمَجَالِسُ ثَلَاثَةٌ: سَالِمٌ، وَغَانِمٌ، وَشَاجِبٌ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجالس تین ہیں: جس میں کسی کی غیبت سے بچا رہا' غانم مراد جس میں کوئی نیکی کی اور جس میں کوئی گناہ کیا تو وہ نقصان دِہ ہوگی۔

1391 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: (وَفُرُشٌ مَرْفُوعَةٌ) (الواقعة:**34**) قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّ ارْتِفَاعَهَا لَكَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، وَإِنَّ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَمَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے اس ارشاد کے متعلق فرمایا: ''وَفُرُشٌ مَّرْفُوْعَةٌ''(الواقعہ:۳۴) اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس کی بلندی زمین و آسمان کے برابر ہے اور زمین و آسمان کے درمیان مسافت پانچ سو سال کے برابر ہے۔

1392 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: الشِّيَاعُ حَرَامٌ، قَالَ ابْنُ لَهِيعَةَ: يَعْنِي: الَّذِي يَفْتَخِرُ بِالْجِمَاعِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیاع حرام ہے' ابن لہیعہ فرماتے ہیں: مراد یہ ہے کہ جماع پر فخر کرنا حرام ہے۔

1393 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بسا

1391- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**75** . والترمذى فى صفة الجنة' باب: ما جاء فى صفة ثياب أهل الجنة .

1392- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**29** . وعزاه الهيثمى للمصنف فى مجمع الزوائد' باب: كتمان ما يكون بين الرجل وأهله .

1393- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد' باب: الصلاة على غير . صححه ابن حبان كما فى موارد الظمآن' باب: الصلاة على النبى صلى الله عليه وسلم .

Marfat.com

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " رُبَّمَا رَجُلٌ كَسَبَ مَالًا مِنْ حَلَالٍ فَأَطْعَمَ نَفْسَهُ، وَرَجُلٌ يَكُونُ لَهُ مَالٌ تَكُونُ فِيهِ الصَّدَقَةُ فَقَالَ: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ، فَإِنَّهُ لَهُ زَكَاةٌ"

اوقات ایک آدمی حلال طریقے سے مال کماتا ہے وہ خود کھاتا ہے، اور ایک آدمی ہے اس کے لیے مال ہوتا ہے اس میں صدقہ ہوتا ہے وہ یہ والا درود پاک پڑھے: ''اَللّٰھم صل علٰی محمد الٰی آخرہٖ ''اس طرح اس کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

1394 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْجَنَّةِ مِائَةُ دَرَجَةٍ، لَوْ أَنَّ الْعَالَمِينَ اجْتَمَعُوا فِي إِحْدَاهُنَّ وَسِعَتْهُمْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کے سو درجہ ہیں' اگر دنیا کے سارے عالم جمع ہو جائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک درجہ ان سے وسیع ہوگا۔

